سباحۃ الفکر فی الجہر بالذکر

کیا بلند آواز سے ذکر منع ہے؟

تصنیف: علامہ عبدالحیّ لکھنوی

ترجمہ: پروفیسر سیّد ذاکر حسین سیالوی

اسلامیہ لاہور

میہ پارک لاہور فون: 7594003

(اردو مع عربی)

کیا بلند آواز سے ذکر منع ہے؟

تصنیف

علامہ محمد عبد الحی لکھنوی رح المتوفی ۱۳۰۴ھ

ترجمہ

پروفیسر سید محمد ذاکر حسین سیالکوٹی

نام کتاب: سباحۃ الفکر فی الجہر بالذکر

تصنیف: علامہ محمد عبد الحیی لکھنویؒ

نام ترجمہ: کیا بلند آواز سے ذکر منع ہے؟

مترجم: پروفیسر سید محمد ذاکر حسین سیالوی
بانی جامعۃ الزہرا اہل سنت راولپنڈی

خطاط: سید قمر الحسن ضیغم قادری

ناشر: عالمی دعوت اسلامیہ
۱۔ فصیح روڈ، اسلامیہ پارک لاہور

پروف ریڈنگ: حافظ ابوسفیان نقشبندی

طابع: سہیل لطیف

تعداد: ۱۱۰۰

اشاعت اول: جون ۱۹۹۶ء

انتساب

مخدومِ اہلِ سنّت، پیرِ طریقت، ضیغمِ ولایت

ابوالخیر محمد عبداللہ جان مجّددی دامت برکاتہم العالیہ

مُرشد آباد شریف پشاور کے نام جو محافلِ ذکر و فکر

خُوب گرماتے ہیں۔ اس لیے اس ترجمہ کا

انتساب انہی کو جچتا ہے

گر قبول افتد زہے عزّ و شرف

سید محمد ذاکر حسین سیالوی

الباھر فی حکم النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالباطن والظاھر

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حکمرانی

ظاہر و باطن پر

تصنیف

امام جلال الدین سیوطی

ترجمہ

علامہ محمد اکبر علی خان قادری

عالمی دعوتِ اسلامیہ

۱۔ فصیح روڈ اسلامیہ پارک لاہور فون: ۷۵۹۴۰۰۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

مفتی محمد خان قادری

آج ہمارا معاشرہ نیکی، تقویٰ اور خوفِ خدا سے عاری دکھائی ہوتا جارہا ہے۔ اس میں عریانی، فحاشی اور بے راہ روی نے اپنی جڑیں پختہ کرنی شروع کر دی ہیں۔ ہر طرف اسلام کی تعلیمات اور احکام شریعت کو بے وقعت بنانے کے لیے شیطانی قوتیں برسرپیکار ہیں۔ مادیت اور دنیا کی زیب و زینت نے بندوں کا اپنے اللہ اور رسول سے تعلق نہایت کمزور کر دیا ہے۔ اب حال یہ ہو چکا ہے کہ کچھ لوگ معاذاللہ یہ کہتے ہوئے نہیں شرماتے کہ انہیں جو مزا گانے میں آتا ہے نماز میں نہیں آتا۔ نماز میں مزا کیسے آسکتا ہے؟ جب دل و دماغ شیطنت سے زہر آلود ہوں۔ ہمارے خالق و مالک نے اعلان کر رکھا ہے۔

وَمَنْ يَعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطَانًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ۔

جو شخص رحمٰن کے ذکر سے منہ موڑے اس پر ہم شیطان کو مسلط کر دیتے ہیں وہی اس کا ساتھی اور یار ہوتا ہے۔

دوسرے مقام پر رب و رسول سے تعلق توڑنے والوں کی حالت یوں بیان فرمائی:

اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا۔

کیا وہ بندہ جس کے لیے اس کے برے اعمال خوبصورت و مزین کیے جاتے ہیں تو وہ اسے اچھا دیکھتا ہے

ہم اعتراف کریں یا نہ کریں ہماری حالت یہی ہو چکی ہے۔ الا ماشاء اللہ!

حکیم الامت علامہ اقبال مرحوم نے اس بات کو یوں بیان کیا:

میں جو سر بسجدہ ہوا کبھی تو زمیں سے آنے لگی صدا

تیرا دل تو ہے صنم آشنا تجھے کیا ملے گا نماز میں

ان زہر آلود، زنگ زدہ اور بیمار دلوں کا علاج فقط اللہ اور اس کے رسول کا ذکر ہے۔ جب تک ہم دلوں کو ذکرِ الٰہی اور یادِ رسول کی بہار سے آشنا نہیں کرتے ان پہ خزاں کا ہی تسلط اور قبضہ رہے گا۔

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْب سنو، ذکرِ الٰہی ہی سے دلوں کو سکون و اطمینان میسّر آسکتا ہے۔

نہایت ہی صاحبِ بخت و کمال ہیں وہ اہلِ علم و صفا جو اس گلستاں کی مہک سے خود بھی معطر ہیں اور دوسروں کو بھی معطر کرنے کے لیے کوشاں رہتے ہیں

چاہیئے تو یہ تھا کہ امت متحد ہو کر معاشرے کی بے راہ روی کے خلاف جہاد کرتی، افرادِ امت کو محبت و پیار سے بھولا ہوا سبق یاد دلا کر اسے اس کی منزل کی طرف گامزن کرتی مگر افسوس صد افسوس حال یہ ہو گیا ہے کہ اب برائیوں کے خلاف جہاد تو کجا ہم اچھائیوں کے معاملے میں ایک دوسرے کے خلاف صف آراء ہو چکے ہیں اور اپنی توانائیوں اور صلاحیتوں کو غیر ضروری اور بے فائدہ مصروفیات میں ضائع کر رہے ہیں۔ اس طرف تو ذہن متوجہ ہیں کہ فلاں وقت ذکرِ الٰہی اور درود شریف بلند آواز سے نہ پڑھا جائے کہ نیند و آرام میں خلل واقع ہوتا ہے مگر کسی علاقے یا محلہ سے یہ آواز بلند نہیں ہوتی کہ فحش گانے اور عریانی و فحاشی کو بند کیا جائے۔

رہا مذہبی طبقہ تو وہ بھی آپس میں انہی مسائل میں اُلجھ کر رہ گیا ہے۔ ذکر آہستہ ہونا چاہیئے یا بلند آواز سے۔ اس وقت کلمہ طیبہ پڑھا جائے یا نہیں۔ فلاں وقت درود

شریف کا ورد کیا جائے یا نہیں ؛ حالانکہ ہم اتنا ہی سوچ لیں کہ ذکر کرنے والا اپنے خالق و مالک کا ہی نام لے رہا ہے ، درود شریف پڑھنے والا اللہ کے حبیب کو ہی یاد کر رہا ہے ۔ وہ کسی بُرائی کا ارتکاب تو نہیں کر رہا۔

یہاں ہم امیرالمومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ایک عمل ذکر کرتے ہیں جس کے مطالعہ کے بعد ہر کوئی اپنے گریباں میں جھانک کر جائزہ لے کہ ضد بازی میں ہم کہاں پہنچ چکے ہیں ۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنے دوستوں کے ساتھ نمازِ عید پڑھانے کے لیے عید گاہ میں تشریف فرما تھے ۔ ایک آدمی نے نماز عید سے پہلے نوافل ادا کرنے شروع کر دیئے ۔ آپ نے اسے منع فرمایا ۔ دوسرے لوگ بھی خاموش رہے کہ آپ کے ہوتے ہوئے ہمارا بولنا ہرگز مناسب نہیں ۔ نمازِ عید کے بعد دوستوں نے عرض کیا ۔ کیا وجہ آپ نے اسے نوافل ادا کرنے سے منع نہیں فرمایا ۔ حالانکہ عید گاہ میں نماز عید سے پہلے اور اس کے بعد نوافل ادا نہیں کیے جا سکتے ۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ۔ یہ بات میرے علم میں تھی مگر معاملہ یہ ہوا کہ جب میں اسے منع کرنے لگا تو مجھے قرآن کریم کی یہ آیات یاد آ گئیں ۔

أَفَرَأَيْتَ الَّذِي يَنْهَىٰ عَبْدًا   کیا آپ نے اس شخص کو نہیں دیکھا

إِذَا صَلَّىٰ ۔   جو بندے کو نماز سے روکتا ہے ۔

تو میں نے سوچا اگر میں اس شخص کو نوافل سے روکتا ہوں تو کہیں نماز سے روکنے والوں میں میرا نام نہ آ جائے ۔ اس لیے میں خاموش رہا ۔

اگر ہمارے دل محبتِ الٰہی سے معمور ہوتے تو ہم کبھی بھی ذکرِ الٰہی اور یادِ رسول کے خلاف فتویٰ بازی نہ کرتے اور اگر کسی جگہ افراط و تفریط ہو تو بڑے تدبر اور حکمت کے ساتھ راہِ اعتدال پر لانے کی کوشش

ہندوستان کی سرزمین پر ذکر بالجہر اور بزرگوں کے دوسرے معمولات پر جب کچھ لوگوں کی طرف سے "بدعت" کے فتوے جاری ہوئے تو علامہ عبدالحی لکھنوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کا سختی سے نوٹس لیا۔ اور اس موضوع پر دو کتابیں تصنیف کیں:

۱۔ سباحۃ الفکر فی الجہر بالذکر (ذکر بالجہر کا جواز)

۲۔ اقامۃ الحجۃ علی ان الاکثار فی التعبد لیس ببدعۃ۔ (عبادت میں کثرت بدعت نہیں)

شیخ عبدالفتاح ابوغدہ کی تحقیق کے ساتھ دمشق سے دونوں کتب بڑی آب و تاب سے شائع ہو چکی ہیں۔

ضرورت تھی اس بات کی کہ ان مفید کتب کو اردو زبان میں منتقل کر دیا جائے تاکہ عربی نہ جاننے والے لوگ بھی ان سے استفادہ کر سکیں۔

اس سلسلہ میں مخدوم اہل سنت حضرت پیر عبداللہ جان مجددی دامت برکاتہم العالیہ کی بڑی خواہش تھی کہ یہ کام جلد از جلد پایۂ تکمیل کو پہنچے۔ انہوں نے اپنی عظیم لائبریری سے "سباحۃ الفکر" کا ایک نسخہ ترجمہ کے لیے بندہ کو بھجوایا۔ میں نے ایک دوست کے ذمے یہ کام لگایا مگر وہ نہ کر سکے

اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے پروفیسر سید محمد ذاکر حسین شاہ سیالوی بانی جامعۃ الزہراء اہل سنت راولپنڈی کو جنہوں نے ہماری خواہش کی جلد تکمیل کر دی۔

بحمد اللہ ترجمہ بہت خوبصورت ہے۔ قارئین دوران مطالعہ ترجمہ کو اصل کتاب محسوس کریں گے۔ پروفیسر صاحب نے سابق مفتی مکۃ المکرمہ شیخ محمد صالح کمال حنفی کے رسالہ "القول المختصر فی بیان الاسقاط" کا بھی اردو ترجمہ "حیلہ اسقاط کی شرعی حیثیت" کے نام سے کیا ہے جسے آستانہ عالیہ مرشد آباد پشاور نے شائع کیا۔

دعا ہے اللہ تعالیٰ قبلہ پیر صاحب اور محترم پروفیسر صاحب مدظلہما کو دینِ متین کی خدمت کی مزید توفیق عطا فرمائے۔ بتوفیق اللہ ترجمہ کے ساتھ عربی متن مع حاشیہ عبدالفتاح ابوغدہ بھی شائع کیا جا رہا ہے۔

یاد رہے اس موضوع پر امام جلال الدین سیوطی کے رسالہ "نتیجۃ الفکر فی الجہر بالذکر" کا ترجمہ علامہ فضل حنان سعیدی استاذ جامعہ اسلامیہ لاہور کر لیا ہے جو عنقریب شائع ہو جائے گا۔ انشاء اللہ العزیز

خادمِ اسلام

محمد خان قادری

۱۰ اپریل ۱۹۹۶ء بروز بدھ بوقت ۱۲ بجے دن

بمقام جامعہ اسلامیہ لاہور

مرکز تحقیقات اسلامیہ

۲۰۵ر شادمان لاہور، فون ۷۵۸۰۰۰۴

نحمدہ ونسبحہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم

ہمارا وجود کسی کے لطف و کرم کا صدقہ ہے۔ اگر اس ذات پاک کی عنایات ایک لمحہ بھر ہمارا ساتھ چھوڑ دیں تو ہم عدم محض بن جائیں گے۔ اگر اس کے الطاف کریمانہ ایک لحظہ کے لیے التفات نہ فرمائیں تو ہم دائمی فضا کی وسعتوں میں یوں کھو جائیں کہ وجود کا کوئی کنارہ بھی ہمیں کبھی نصیب نہ ہو۔ جب ہم اس کی ذات اقدس کے اتنے محتاج ہیں تو پھر ہمیں زندگی بھر لپک لپک کر تڑپ تڑپ کر اسی کی طرف بڑھنا ہو گا۔ یہی تڑپ ہمارے وجود کا ثبوت ہو گی اور یہی بے قراری ہماری زندگی کی بہار ہو گی۔ اسی تڑپ اور بے قراری کا نام اصطلاح میں "ذکر" ہے۔

دوسرے لفظوں میں ذکر اس لگن کا نام ہے جو اپنے خالق سے رابطہ کے لیے ہمارے دلوں میں انگڑائیاں لیتی ہے اور ہمارے خیالات' نظریات' معتقدات اور جذبات پر چھا جاتی ہے۔ اسی کو ہم کبھی مودت کہہ دیتے ہیں اور کبھی اسے محبت کا نام دیتے ہیں اور کبھی عشق سے تعبیر کرتے ہیں۔ ایک حقیقت کئی رنگ دھار لیتی ہے۔

جس نے اس رشتے کو بنا لیا' وہ بن گیا اور جو اس رابطے کو توڑ بیٹھا' وہ رہ گیا۔ چونکہ اس تعلق کا خمیر ہمارے وجود میں شامل تھا اور اس شراب طہور کا نشہ ہی مدار حیات تھا' لہٰذا قرآن حکیم اور سنت کریم نے ہماری بہتری کے لیے اس پر بے حد زور دیا۔ رحمت عالم' رسول محترم صلی اللہ علیہ وسلم نے عملاً ایسا کر کے امت کو گلشن ذکر کی رعنائیوں کا راستہ دکھا دیا اور بفضلہ تعالیٰ امت آج اسی شاہرہ پر رواں دواں ہے۔

آئیے قرآن و سنت سے صرف چند ذکری احکام پڑھتے چلیں تاکہ ذکر کی اہمیت واضح ہو جائے۔

۱- فاذ کرونی اذ کرکم واشکروا لی ولاتکفرون

"تم مجھے یاد کرو میں تمھیں یاد فرماؤں گا اور میرا تم شکر ادا کرو اور ناشکری نہ کرو"۔(البقرۃ ۱۵۲)

۲- واذ کرربک کثیرا وسبح بالعشی والابکار

"اپنے پروردگار کا کثرت سے ذکر کیجیے اور صبح وشام تسبیح پڑھا کیجیے"۔

۳- الذین یذ کرون اللہ قیاما وقعودا وعلی جنوبھم ویتفکرون فی خلق السموات والارض

"وہ جو اللہ کو کھڑے بیٹھے اور پہلوؤں پر لیٹے یاد کرتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں غور و فکر کرتے ہیں"۔(آل عمران ۱۹۱)

۴- ولذ کراللہ اکبر

"اور یقیناً اللہ کا ذکر بڑی چیز ہے"۔ (عنکبوت ۴۵)

۵- یاایھا الذین امنوا اذ کروا اللہ ذکرا کثیرا

"اے ایماندارو! اللہ کا بڑی کثرت سے ذکر کرو"۔(احزاب ۴۱)

۶- ویدعوننا رغبا ورھبا

"اور (وہ نبی) ہمیں رغبت میں اور خوف میں پکارا کرتے تھے"۔(الانبیاء ۹۰)

۷- واذ کر اسم ربک وتبتل الیه تبتیلا

"اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کیجیے اور سب سے کٹ کر اسی کا ہو رہیے"۔(مزمل ۸)

آیئے ارشادات ربانی کے بعد فرمودات مصطفوی پر بھی نگاہ ڈالے چلیں۔ ہم نے اختصار کی خاطر طویل احادیث کے صرف وہ فقرے نقل کیے ہیں جو اصل موضوع کے متعلق ہیں۔

۱- فان ذکرنی فی نفسه ذکرته فی نفسی وان ذکرنی فی ملاء ذکرته فی ملاء خیر منھم

"اگر وہ مجھے اپنے جی میں یاد کرتا ہے تو میں اسے اپنے جی میں یاد کرتا ہوں اور اگر وہ میرا ذکر مجمع میں کرتا ہے تو اس کے مجمع سے بہتر مجمع میں اس کا ذکر کرتا ہوں"۔(بخاری ومسلم)

۲- فاخبرنی بشئی استن به قال لا لسانک رطبا من ذکر الله

"حضور مجھے کوئی ایسی شئی ارشاد فرمائیں جسے میں دستور العمل بناؤں۔ فرمایا تیری زبان سدا اللہ کے ذکر سے تر رہے"۔ (ترمذی، ابن ماجہ، احمد)

ابو نعیم کے ہاں الفاظ یوں ہیں جب دنیا چھوڑنے لگو تو تمہاری زبان ذکر خداوندی سے تر ہو۔

۳- سئل رسول الله صلی الله علیه وسلم ای العباد فضل درجه عند الله یوم القیامه قال الذکرون الله کثیرا

"سرکار علیہ السلام سے پوچھا گیا اللہ تعالیٰ کے ہاں قیامت کے دن کن لوگوں کا درجہ سب سے افضل ہوگا سرکار کریم نے فرمایا ان کا درجہ سب سے بلند ہوگا جو اللہ کا کثرت سے ذکر کرتے ہیں"۔ (احمد، ترمذی، بیہقی)

۴- ولکن اتانی جبرئیل فاخبرنی ان الله یباهی بکم الملائکه

"لیکن میرے پاس جبرئیل آئے اور بتایا کہ اللہ کریم تم (ذکر کرنے والوں) لوگوں کی وجہ سے فرشتوں پر فخر فرماتے ہیں"۔ (مسلم، ترمذی، نسائی، احمد)

۵- ماعمل آدمی عملا انجی له من عذاب القبر من ذکر الله

"اللہ کریم کے ذکر سے بڑھ کر کوئی آدمیوں کا کوئی عمل عذاب قبر سے زیادہ نجات دینے والا نہیں"۔ (مسند احمد، مالک، ترمذی، ابن ماجہ)

۶- قال هم المتحابون فی الله من قبائل شتی وبلاد شتی یجتمعون علی ذکر الله یذکرونه

"(وہ لوگ جن کے چہرے نوری، منبر نوری اور جن پر لوگوں کو بھی رشک ہوگا) سرکار نے فرمایا یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ کی محبت میں مختلف جگہوں اور مختلف قبائل سے آکر ایک جگہ جمع ہوتے ہیں اور ذکر خداوندی میں مشغول ہوتے ہیں"۔ (طبرانی، الدار

مجمع الزوائد)

۷۔ قال اکثروا ذکر اللہ حتیٰ یقولوا مجنون
"ارشاد ہوا اللہ کا ذکر اس شدت و کثرت سے کرو کہ لوگ تمہیں مجنوں کہنے لگ جائیں"۔(احمد' ابو یعلی' ابن حبان' حاکم)

ان سب آیات اور احادیث میں ذکر کو عام اور مطلق انداز سے بیان فرمایا گیا ہے۔ لہٰذا ذکر کی سب اقسام اس میں شامل ہیں۔ خواہ وہ ذکر جہری ہو یا خفی ہو۔ قلبی ہو یا عقلی ہو۔ الفاظ ادا ہوں یا سانس ذاکر ہو۔ غرضیکہ ذکر کی جتنی بھی صورتیں علماً اور فکراً بن سکتی ہیں' وہ سب ان آیات اور احادیث سے ثابت ہیں۔

علم اصول کا یہ قاعدہ ہے کہ عام کو بلا دلیل شرعی آپ اپنی طرف سے خاص نہیں کر سکتے اور نہ ہی مطلق کو مقید بنانے کا آپ کو حق ہے۔ جب ہر قسم کا ذکر ان نصوص سے ثابت ہو گیا تو یہ عام ٹھہرا یہ مطلق ہوا۔ اب آپ کہیں کہ نہیں جناب ذکر تو صرف خفی ہوتا ہے تو یہ قید لگا کر مطلق کو مقید کرنے کا آپ کو قطعاً حق حاصل نہیں۔ اسی طرح ذکر کی عمومیت میں ہر قسم کے اذکار شامل ہیں۔ لہٰذا آپ اسے ذکر بالجہر یا ذکر بالقلب سے خاص کریں گے تو لفظ کی عمومیت ٹوٹ جائے گی۔ آپ ایسا کرنے کے ہرگز مجاز نہیں ہیں۔ یہ شریعت کا حق ہے۔ کتاب و سنت کا حق ہے۔ اللہ کریم اور اس کے رسول رحیم علیہ التسلیم کا حق ہے کہ وہ عام سے کچھ خاص فرمائیں یا مطلق کے ساتھ کوئی قید لگا لیں مگر مطلق اور عام اس قید کے علاوہ پھر بھی باقی سب جگہوں پر مطلق اور عام ہی رہے گا۔

اس کی مثال یوں سمجھیں کہ حاکم وقت کہہ دے کہ فلاں شہر کے سب لوگوں کو حاضر کیا جائے۔ اب یہ حکم عام سے مطلق ہے۔ آپ یہ نہیں کہہ سکتے کہ حمید' رشید اور ماجد بے شک نہ آئیں' یہ کہنے کا حق آپ کو نہیں ہے۔ ہاں اگر حاکم خود کہہ دے کہ یہ تین آدمی نہ آئیں تو اسے حق ہے مگر ان تینوں آدمیوں کو حکم عام سے خاص کر لینے کے بعد بھی حکم تو عام ہی رہے گا اور باقی سب لوگوں نے لازماً آنا ہو گا۔ حکم کا اطلاق اور عمومیت باقی رہے گی۔

اب آپ مندرجہ بالا آیات و احادیث پر نگاہ ڈالیں۔ ان میں حکم عام ہے' مطلق ہے۔ لہٰذا ذکر جہری بھی مباح اور جائز ہو گا اور ذکر خفی بھی' ذکر قلبی بھی درست ہو گا اور ذکر جوارحی بھی۔ کسی متبع شریعت کا یہ ہرگز حق نہیں کہ اس عام کو اپنی طرف سے خاص کرتا

پھرے یا اس مطلق کے ساتھ اپنی من پسند قیدیں لگا کر اسے مقید کرتا رہے۔ ہاں اللہ کریم اور رسول رحیم چاہیں تو عام کے کچھ اجزاء کو خاص فرمادیں یا مطلق کے کچھ حصے کو مقید فرما دیں۔

اس قاعدے کو ذہن میں رکھیں۔ اب جہاں اللہ کریم یا رسول رحیم علیہ التسلیم نے ذکر خفی کا حکم فرمایا ہے' وہاں ذکر خفی بہتر ہو گا مگر ذکر کی عمومیت کے پیش نظر باقی سب مقامات پر جہر و خفا جائز' مستحسن اور مباح ہو گا۔ جن مقامات پر اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر جہری کا حکم فرمایا ہے' وہاں جہر افضل ہو گا مگر ان جگہوں کے علاوہ باقی سب مقامات پر حکم مطلق ہی رہے گا کہ چاہو تو بالجہر کرو اور چاہو تو ذکر خفی کرو۔

جو آیات اور احادیث ذکر خفی کی فضیلت میں علمائے کرام نے نقل فرمائی ہیں وہ سب حق ہیں مگر ان سے جہری ذکر کی نفی نہیں ہوتی۔ بلکہ یہ وہ مقامات ہیں جنہیں خاص کر کے خفا کا حکم دیا گیا ہے۔ مگر ذکر کی عمومیت اپنی جگہ پر قائم ہے۔ ان مقامات پر ذکر خفی کیوں ہے؟ اس کا جواب علامہ عبدالحئی صاحب مرحوم نے دیا ہے۔ لہٰذا اسے ذکر کرنے کی یہاں ضرورت نہیں اور جہاں ذکر بالجہر کے مقامات ہیں' ان کی تعیین اگر شریعت نے فرمادی ہے تو اس سے ذکر خفی کی نفی نہیں ہوتی بلکہ وہ مطلق و عام ہی رہتا ہے۔ ہاں ذکر جہر میں اتنے محاسن اور خوبیاں ہیں کہ وہ ذکر خفی میں نہیں ہیں لہٰذا ذکر جہر ان مقامات کے علاوہ جہاں شریعت نے ذکر خفی کا حکم دیا ہے' افضل ہو گا۔ ان فوائد کی طرف مولانا عبدالحئی نے خود بھی اشارے فرمائے ہیں اور کئی جگہ وضاحتیں بھی کی ہیں۔

اس موضوع پر بے شمار لوگ بڑی بڑی حسین تحریریں' یادگار چھوڑ گئے ہیں۔ ان کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ ہم نے ایک قاعدے کے ذریعے جس طرح ان سب آراء کو یک جا کرتے ہوئے تناقض و تخالف کو دور کرنے کے لیے تطبیق کی جو صورت پیش کی ہے' یقیناً علمائے حق اور صلحائے ملت اسے نظر استحسان سے دیکھیں گے۔ اولیاء امت ملت کا محسن ہیں' وہ امت کی روح ہیں۔ اگر ان کا عمل صالح ہی بدعت و حرام پائے تو اس فتوے سے کسی مضطرب جان کو قرار نہیں ملے گا۔

کائنات میں فحش گیت بکھرے پڑے ہیں۔ بدی پوری قوت سے اپنی آواز کو ریڈیو اور ٹی وی پر نکھار رہی ہے۔ محافل و مجالس کی ساری رونقیں بلند آواز سے وابستہ ہیں۔ کیا

اس بدی کو نیکی کی بلند آواز سے روکنا ضروری نہیں۔ ہر وقت بدی کی بلند آواز سن سن کر سن ہوتے ہیں تو اس کی بندش کی کوئی تدبیر نہ ہو اور کسی ذاکر حق کی محفل سے کلمہ طیبہ، درود شریف اور اللہ ھو کی آواز بلند ہو تو لٹھ لے کر بدعت و حرام کے فتووں کی آڑ میں اسے روکنے کی کوشش میں رات دن ایک کر دیے جائیں اور خود اسے بلند آواز ہی سے روکا جائے تو یہ دین اور اسلام کی کون سی خدمت ہوگی؟

ہم تو ایک کلیہ قاعدہ سے ساری بات واضح کر چکے ہیں مگر ایک اور انداز سے بھی اس پر غور کیا جا سکتا ہے اور اکثر علماء نے اس کی طرف اشارے بھی فرمائے ہیں۔ انسانی طبیعتیں متنوع ہیں۔ کوئی فطرتاً خاموشی کو پسند کرتا ہے تو کوئی جبلۃً "بلند آواز کا رسیا ہوتا ہے۔ کسی کا دل خلوت کا دلدادہ ہے تو کسی کا ذہن جلوت کا عاشق ہے۔

شریعت محمدیہ نے سب کا خیال رکھا ہے۔ لہٰذا خاموشی پسندوں کے لیے ذکر خفی تریاق ہے تو جلوت و جہر کے چاہنے والوں کے لیے ذکر جہر معراج روح ہے۔ جہر والے کا حق نہیں کہ کسی کے خفا میں مداخلت کرے اور خفا والے کا حق نہیں کہ جہر والے پر تشنیع و ملامت کے تیر برسائے اور وہ جو جہر و خفا سے نکل کر اس طبع کا ذکر کر رہا ہے کہ فرشتے بھی اس کے عمل کو نہیں سمجھ رہے ہیں اس پر جہر و خفی والوں کو بھلا اعتراض کرنے کا کیا حق ہے؟

کل حزب بما لدیھم فرحون پر ہی تو عمل ہو رہا ہے۔ ہم آخر میں قارئین سے درخواست کریں گے کہ اگر ذوق ...... کی تسکین کرنی ہے تو مندرجہ ذیل کتب کا بھی مطالعہ فرما لیا جائے۔

نتیجۃ الفکر	امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ
الوابل الصیب	علامہ ابن قیم
فضائل ذکر	علامہ محمد زکریا
ذکر بالجہر	مولانا علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی
	یہ کتاب اپنے موضوع پر بے مثل
ذکر الٰہی	کے-بی نسیم
تجویز الرحمان	حضرت خواجہ عبدالرحمن عیدگاہ، راولپنڈی

کچھ مصنف کے بارے میں

برصغیر کے افق پر بے شمار علمی ستاروں کا طلوع ہوا۔ یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے اسلامیان برصغیر کے ایمان و عمل کو منور و معطر فرمایا۔ یہاں ہندو پوری تاریخ میں غالب ترین اکثریت میں تھے اور اپنی قدیم عادت کے مطابق ہر اقلیت کو نگل جاتے تھے۔

مسلمانوں کے بارے میں بھی ان کی سوچ یہی تھی کہ بدیر یا بسویر ہندو کا تیز ہاضمہ انہیں بھی کھا ہی جائے گا مگر یہ "اقلیت" ہر صدی میں بڑھتی چلی گئی۔ اس کی کئی وجوہات تھیں۔

ہم سمجھتے ہیں سب سے بڑی وجہ ہمارے اولیاء و علماء کے وہ افکار تھے، جن سے یہ ملت صاحب نظر ہو گئی تھی۔ وہ عقیدے اور عمل کا کوہ گراں بن گئی تھی، جسے راستے سے ہٹانا کسی کے بس میں نہیں تھا۔

قرآن و سنت کے انوار کو علمائے عالی وقار نے برصغیر کے چپے چپے پر یوں پھیلایا کہ کوئی بھی متلاشی حق محروم نہ رہا۔ یہ سلسلہ اسی وقت شروع ہو گیا جب مسلمان برصغیر میں آئے اور آج تک مسلسل چل رہا ہے۔

مسلمان اقتدار میں تھے تب بھی علوم اسلامیہ کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔ جب وہ محکوم ہو گئے تب بھی یہ سمندر موجزن رہا۔ ہم تو سمجھتے ہیں کہ محکومی اور غلامی کے دور میں برصغیر میں ایسے ماہرین علم پیدا ہوئے جن کی عظمت کا سکہ پورے عالم اسلام میں چلتا رہا۔ حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی، امام طریقت حضرت مجدد الف ثانی، علامہ محقق عبدالحکیم سیالکوٹی، امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ اور ہمارے مصنف علامہ عبدالحیٔ لکھنوی رحمہ اللہ علیہم ایسے ہی صنادید علم و حکمت تھے۔ آیئے حضرت علامہ عبدالحیٔ لکھنوی رحمہ اللہ

۔ کے کچھ حالات اور علمی کمالات جاننے کی کوشش کریں۔

ولادت

آپ باندا میں ۱۲۶۴ اس عالم رنگ وبو میں جلوہ افروز ہوئے۔ آپ کے آباؤ اجداد
ملک کے مایہ ناز علماء تھے۔ آپ کے والد گرامی علامہ عبد الحلیم کئی علمی اور نئی کتابوں کے
مصنف ہیں اور برصغیر کے علماء و طلباء آپ کی علمی عظمت کے معترف ہیں اور ان کی کتابوں
سے استفادہ کرتے رہے ہیں۔

شجرۂ نسب

آپ کا شجرۂ نسب یہ ہے۔ علامہ عبد الحیٔ بن عبد الحلیم، بن امین اللہ بن محمد اکبر بن
ابی الرحیم بن محمد یعقوب بن عبد العزیز بن محمد سعید بن شیخ شہید قطب الدین انصاری سہالوی
لکھنوی رحمہ اللہ علیہم۔

تعلیم

سب سے پہلے قرآن پاک یاد کیا۔ پھر اپنے والد (عبد الحلیم) کے پاس معقول و منقول
کی کتب پڑھیں۔ علم ہیئت کی کچھ کتابیں اپنے والد محترم کے ماموں مفتی نعمت اللہ بن نو
اللہ لکھنوی سے پڑھیں۔ ابھی عمر کا سترواں سال جارہا تھا کہ سب علوم متداولہ سے فار
ہوگئے۔

تدریس

ایک عرصہ تک حیدر آباد دکن میں مسند تدریس کو زینت بخشی۔ حیدر آباد کے د
سے اجازت لی اور اپنے شہر لکھنؤ میں مسند تدریس بچھائی۔ لوگوں نے آپ سے ب
استفادہ کیا اور یہیں آپ نے بہت سی کتابیں تصنیف فرمائیں اور وعظ و ذکر کی محا
سجائیں۔ پوری عمر یہیں بسر فرمادی۔ یہاں آپ کی تنخواہ صرف اڑھائی سو روپے تھے۔
غیور نے اسے کافی سمجھا۔

حج

آپ نے اپنی زندگی میں دو حج کیے۔ پہلی دفعہ والد گرامی کے ساتھ ۱۲۷۷ھ میں یہ مقدس سفر اختیار کیا اور دوبارہ والد محترم کے وصال کے بعد ۱۲۹۳ھ میں شرف حضوری سے لطف اندوز ہوئے۔

سند حدیث کی اجازت

اس مقدس سفر میں عظیم شافعی عالم و ولی حضرت علامہ سید احمد بن زین دحلان مکی نے آپ کو اجازت سے نوازا۔ حنبلی عالم و عارف حضرت علامہ مفتی محمد بن عبداللہ بن حمید نے بھی سند و اجازت سے نوازا۔ یہ دونوں اصحاب علم و فکر حرم مکہ میں مسند درس و ارشاد بچھائے بیٹھے تھے۔ حرم نبوی میں پہنچے تو حضرت شیخ محمد بن محمد عربی شافعی نے اجازت سے نوازا۔ وہاں آپ کی ملاقات حضرت شیخ عبدالغنی بن ابو سعید عمری حنفی دہلوی سے بھی ہوئی۔ انہوں نے بھی آپ کی صلاحیتوں کے پیش نظر اجازت سے نوازا۔ تینوں فقہی و علمی سلاسل، حنفی، شافعی، حنبلی سے دونوں حرموں میں آپ کو اجازت مل گئی۔ اس دور میں دنیا بھر کے علماء جب حج کے لیے جاتے تھے تو وہاں کے علمی مراجع کو اپنے تعلیمی و تدریسی مقام سے آگاہ کر کے ان سے علمی اسناد لیتے تھے اور اس پر فخر کیا کرتے تھے۔

حضرت شاہ ولی اللہ اور حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی بھی ایسی اسناد لینے والوں میں شامل ہیں۔

فن مناظرہ

آپ کے تحریری علمی مناظرے بھی مختلف حضرات سے ہوتے رہے۔ علامہ عبدالحق بن علامہ فضل حق خیر آبادی، علامہ محمد بشیر اور سید صدیق حسن حسینی قنوجی سے بڑے علمی تحریری معرکے رہے۔ علامی صدیق حسن سے مناظرے میں شدت کی آخری حدیں آگئیں جن کو فطرت سلیمہ پسند نہیں کرتی مگر جب آپ کا وصال ہوا تو علامہ صدیق

حسن نے بے حد تاثر لیا۔ اس رات کھانا نہیں کھایا اور آپ کی غائبانہ نماز جنازہ بھی پڑھی۔ یہ سب کچھ آپ کی علمی و فکری عظمت کی دلیل تھی۔

فقہی مسلک

آپ اصول و فروع میں امام اعظم کے مقلد تھے مگر متعصب نہیں تھے۔ اگر نص صریح مسلک کے خلاف مل جاتی تو اسے مانتے اور مسلک کی بات چھوڑ دیتے۔ اس سلسلہ میں اپنی کتاب "النافع الکبیر" میں ارشاد فرماتے ہیں کہ

"اللہ کریم کا ایک احسان مجھ پر یہ بھی ہے کہ مجھے فن حدیث اور فقہ حدیث پر بھرپور توجہ بڑی وسعت سے عطا فرمائی گئی ہے۔ میں جب تک کسی آیت یا حدیث سے مسئلہ کا اصل معلوم نہ کرلوں تو اس پر اعتماد نہیں کرتا۔ جو بات بھی صریح اور صحیح حدیث کے خلاف ہو' میں اسے چھوڑ دیتا ہوں اور مجتہد کو اس میں صرف معذور نہیں بلکہ ماجور (جسے اجر و ثواب ملے) سمجھتا ہوں۔ لیکن میں عوام کالانعام کو تشویش میں نہیں ڈالتا۔ ان سے ان کی عقل کے مطابق بات کرتا ہوں"۔ [۱]

کچھ آگے چل کر مزید فرماتے ہیں:

۱۔ حضرت علامہ عبدالحئی لکھنوی اور علامہ اقبال کا مسلک حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی سے ملتا جلتا ہے۔ حق یہ ہے کہ عوام کے لیے تقلید ناگزیر ہے مگر اہل علم ارباب فکر و نظر کا معاملہ بالکل عوام جیسا نہیں ہے۔ تقلید اور عدم تقلید پر بڑی بحثیں اسلامی لٹریچر میں ملتی ہیں۔ علامہ اقبال نے بھی اپنے وصیت نامہ میں لکھا ہے "میں سلف کا پیرو ہوں نظری اعتبار سے فقہی معاملات میں غیر مقلد ہوں اور عملی اعتبار سے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ کا مقلد ہوں' علامہ اقبال کے وصیت نامے کا یہ جملہ "میں سلف کا پیرو ہوں" انتشار فکر اور تجدد و آزاد خیالی کے اس دور میں مشعل راہ ہے۔ عقائد و اعمال میں سلف صالحین کی پیروی میں دین و ایمان کی سلامتی ہے۔ علامہ اقبال مجتہدانہ فکر و نظر رکھتے تھے۔ انہوں نے مشرق و مغرب کے علوم کے بحر ذخار میں شناوری کی تھی مگر اس کے باوجود سلف صالحین کی پیروی کے وہ قائل تھے اور یہ دلیل ہے اقبال کی پختگی ایمان اور سلامتی طبع کی) (ماخوذ از روزگار "فقیر" ج ۲' ص ۶۱-۶۲' فقیر سید وحید الدین --- مترجم)

"یہ بھی اللہ کریم کا فضل ہے کہ میں افراط (زیادتی) اور تفریط (کمی و کوتاہی) کے درمیان چلتا ہوں اور جب بھی کوئی معرکۃ الآرا مسئلہ سامنے آتا ہے تو مجھے طریق وسط (درمیانہ راستہ) کا افہام ہو جاتا ہے۔ میں تقلید محض کا قائل نہیں ہوں کہ شرعی دلائل کے ہوتے ہوئے فقہاء کی بات مانوں یا فقہائے کرام کے اقوال کو کلیتہ چھوڑ کر ان پر طعن و تشنیع کے تیر برساتا رہوں"۔

ان کی تحقیق یہ ہے کہ "اگر کسی مسئلے میں قوت دلیل کے پیش نظر اپنے فقہی امام کے خلاف بھی ایک محقق عالم چلا جائے تو پھر بھی اپنے امام کا مقلد ہی رہتا ہے۔ مثال پیش کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ علامہ عصام بن یوسف نے رفع یدین کے مسئلہ میں سیدنا امام اعظم کے استدلال کو چھوڑ دیا مگر وہ بھی حنفی علماء میں ہی شمار ہوتے ہیں۔ ہمارے معتبر فتاویٰ میں لکھا ہے کہ مسئلہ قلتین (دو مٹکے پانی ہو تو اسے امام شافعی پاک کہتے ہیں۔ حنفی اسے ناپاک کہتے ہیں) ذاکر) میں امام یوسف ایک دن امام شافعی کی تقلید فرمائی مگر دور حاضر کے جہلاء تو طعنہ بازی کے تیر برسانے لگ جاتے ہیں۔ اگر آج کوئی شخص قوت دلیل کی بنا پر کسی ایک مسئلہ میں اپنے امام کی تقلید چھوڑ دے تو وہ اسے امام کا مقلد نہیں کہتے لیکن وہ عوام ہیں لہٰذا یہ کوئی حیرانی کی بات نہیں۔ حیران کن عمل تو ان لوگوں کا ہے جو علماء کے مشابہ ہیں مگر ان کی چال عوام جیسی ہے"۔ (فوائد بہیہ 'از مولانا عبدالحئی رحمتہ اللہ علیہ)

ایک تبصرہ

"الاعلام" جلد ۸' ص ۲۵۱ پر علامہ عبدالحئی حسینی نے عربی زبان میں آپ کے متعلق جو رائے دی ہے' ہم ملخصا" اس کا اردو ترجمہ پیش کرتے ہیں:

"میں آپ کی محفل میں کئی دفعہ حاضر ہوا۔ آپ کا چہرہ سیہ سرا صباحت تھا۔ سیاہ آنکھیں' چیر کر نکلنے والی نگاہ' ہلکے ہلکے رخسار' لمبے بال' ذکی و فطین تیز ذہن' عفیف جان' نرم پہلو' چھا جانے والا خطیب' علوم معقول و منقول کا بحر بے کراں' شریعت کے دقائق و غوامض کا فاضل اجل' علوم کا سمندر' نقل احکام اور تحریر مسائل کا

مشاق، علم فتویٰ میں برصغیر کا گوہر یکتا، جس کا ذکر لے کر سوار چلتے ہیں اور سب صوبوں اور ممالک کے علماء آپ کی عظمت کے معترف ہیں اور وہ سب کے مشار الیہ ہیں۔

انہیں اصول و فروع میں قوت کاملہ، قدرت شاملہ، فضیلت تامہ اور احاطہ عامہ حاصل ہے۔ انہیں حسن تعلیم میں وہ صناعت ہے جو کسی اور کو حاصل نہیں ہے۔ جب وہ اہل علم کی محفل میں ہوتے اور علمی فنون میں سے کسی فن پر بات چل نکلتی تو آپ بالکل خاموش بیٹھے رہتے اور بہ نظر غائر علماء کو دیکھتے رہتے۔ وہ آخر میں آپ کی طرف رجوع کرتے۔ آپ بڑے جامع انداز سے حل پیش فرماتے جسے سب لوگ مان لیتے اور سامعین اسے کافی سمجھتے۔ سدا ان کا یہی وطیرہ رہا جو بھی معاملہ ہوتا، طیش اور ہلکا پن سے اجتناب فرماتے۔ حاصل کلام اور خلاصۃ المرام یہ ہے نابغہ روزگار اور عجوبہ زمانہ تھے۔ وہ برصغیر کا ایک حسن تھے، آپ کی تعریف پہ پورا ملک متفق تھا اور آپ کی عظمت و فضیلت میں کسی کو کلام نہیں تھا۔ سب مقر تھے"۔

باقی علوم کے ساتھ ساتھ انہیں علم الانساب، تاریخ اور فنون فلسفہ پر کامل دسترس حاصل تھی۔

تصانیف:

آپ نے صرف، نحو، مناظرہ، منطق، فلسفہ، نسب، تاریخ، فقہ، حدیث اور اصول حدیث کے موضوعات پر بقول مصنوف الاعلام ۸۹ کتب تحریر فرمائیں۔ دو کتابوں کا تعلق ذکر سے ہے۔ ایک "سباحۃ الفکر" اور دوسری "نزاحۃ الفکر" ہے۔ کتابوں کی فہرست اعلام نمبر ۸، ص ۲۵۳ تا ۲۵۵ مطبوعہ دار عرفات رائے بریلی (ہندوستان) پر ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔ ہم تبرکاً چند کتابوں کے نام قارئین کی نذر کرتے ہیں:

"التعلیق"، علی موطا محمد، "عمدۃ الرعایہ شرح الوقایہ"، "القول الجازم"، "تحفۃ النبلاء"، "الفوائد البہیہ"، "مقدمہ الھدایہ"، "النافع الکبیر"، "خیر العمل"، "مجموعہ

الفتاویٰ" (تین جلدیں)' "الایات البینات"' "الکلام الوجی"' "المعارف"' "التبیان شرح المیزان"' "ھدایہ الوریٰ" اور "کلام المتین" وغیرہ۔

دس علوم پر یہ ۸۹ کتب اسلامی لٹریچر میں شاندار اضافہ ہے۔ جس فن پر بھی لکھا ہے' حق تحقیق ادا کر دیا ہے۔

وفات:

ربیع الاول کا صرف ایک دن باقی تھا کہ ۱۳۰۴ھ میں صرف انتالیس سال کی عمر میں دار بقا میں رونق افروز ہوئے۔ اپنے اسلاف کے قبرستان میں دفن ہوئے۔ ہر گروہ اور ہر طبقہ کے لاتعداد لوگوں نے جنازہ میں حاضری دی۔ حاضرین آتے گئے۔ لہٰذا آپ کا جنازہ تین دفعہ پڑھا گیا۔

صرف انتالیس سال کے عرصہ میں آپ نے بہت زیادہ علمی اور فکری کام کیا۔ امت میں ایسے لوگ بہت کم ہوتے ہیں' جنہوں نے اتنی مختصر سی زندگی میں اتنا زیادہ کام کیا ہو۔ مشہور اسلامی فنون پر اتنی جامع کتابیں بھی بہت ہی کم لوگوں نے لکھی ہیں۔ انہیں اسی بنا پر ان کے معاصرین شیخ' عالم کبیر اور علامہ شہیر کہتے ہیں

فقیر سید محمد ذاکر حسین شاہ سیالوی
جامعہ الزہراء' اہلسنت
عثمان غنی کالونی ھریال روڈ
صدر' راولپنڈی
۷-۷-۹۵

سب تعریفیں اس ذات اقدس کے لیے ہیں جس نے ذکر کرنے والوں کے لیے عظیم فضل تیار فرما رکھا ہے اور شکر سارے اس ہستی مقدس کے لیے ہیں جس نے اطاعت شعاروں کے لیے بڑا وعدہ عطا کر رکھا ہے۔ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اس کے بغیر کوئی قابل عبادت نہیں۔ وہی توبہ قبول فرمانے والا سدا رحم کرنے والا ہے۔

میں اس بات کی بھی گواہی دیتا ہوں کہ سیدنا محمد ﷺ اس کے خاص بندے اور خلق عظیم کے مالک رسول ہیں۔ اللہ کریم آپ پر اور آپ کی آل اور اصحابہ پر ایسا درود بھیجے جو ہمیں جنت میں داخل کر دے۔

حمد و صلوۃ کے بعد اپنے قوی رب کریم کی رحمت کا مشاق ابو الحسنات محمد عبد الحئ لکھنوی (اللہ کریم اس کے ظاہری و باطنی گناہ معاف فرمائے کہتا ہے کہ مجھ سے ذکر جہر کے متعلق پوچھا گیا کہ وہ جائز ہے یا نہیں؟ تو میں نے جواب میں کہا اگر چہ ہمارے اکثر حنفی علماء اس کی کراہت و حرمت کی تصریح کر چکے ہیں لیکن محققین احناف اس کے جواز کے قائل ہیں۔ جب تک یہ جہر حد سے نہ بڑھ جائے' کیونکہ ذکر جہر پر کئی احادیث موجود ہیں' پھر میں نے چاہا کہ اس موضوع پر ایک رسالہ لکھ دوں جس کا نام "سباحتہ الفکر فی الجہر بالذکر" ہو۔ اس میں دو باب ہیں۔ پہلا باب ذکر جہر کا حکم کیا ہے؟ میں اس میں اپنے احناف کے ارشادات نقل کروں گا اور احادیث مرویہ سے حق کو تاباں کروں گا۔ دوسرے باب میں ان جگہوں کی نشاندہی ہوگی' جہاں آئمہ کرام نے ذکر جہر کی تصریح فرمائی ہے۔ اللہ کریم سے دعا ہے کہ اس رسالہ کو اپنے موضوع پر جامع بنائے اور مجھے صدق و صواب کا الہام فرمائے۔

مقدمہ

ہم پہلے ایک مقدمہ لاتے ہیں جس میں ذکر جہراور ذکر خفی کی حد متعین کریں گے اور ان کے متعلق دیگر مسائل بھی مذکور ہوں گے۔

جہر و سر کی حد میں آئمہ کے تین اقوال ہیں۔ لیکن عام کتب احناف میں ، قول مذکور ہیں:

امام کرخی رحمتہ اللہ علیہ کا نظریہ:

پہلا قول امام کرخی رحمتہ اللہ علیہ کا ہے کہ جہر کا سب سے کم درجہ یہ ہے کہ ذکر کرنے والا صرف اپنی ذات کو سنائے اور ادنیٰ سر یہ ہے کہ حروف صحیح ادا ہوں۔ محیط میں مذکور ہے کہ علامہ ابو بکر اعمش بلخی رحمتہ اللہ نے بھی یہی معنی بیان فرمایا ہے اور کتاب مجتبیٰ میں ذکر ہے کہ امام محمد اور قدوری کا بھی یہی مسلک ہے۔ جامع الرموز میں مسعودی کے حوالے سے منقول ہے کہ یہی معنی ابوالحسن ثوری نے بھی کیا ہے۔ جامع الرموز میں عمادی فرماتے ہیں ابو نصر بن سلام بھی یہی معنی مراد لیتے ہیں۔

"الجوھرۃ النیرہ" میں قدوری کے اس قول (کہ نمازی اگر اکیلا نماز پڑھ رہا ہے تو اسے اختیار ہے کہ جہر کرکے اپنے آپ کو سنائے) کی شرح میں لکھا ہے کہ ظاہر یہ ہے کہ حد جہر اپنے آپ کو سنانا ہے اور حد سر یہ ہے کہ حروف صحیح ادا ہوں۔ ابوالحسن کرخی کا یہ ارشاد ہے کہ ادنیٰ جہر یہ ہے کہ اپنے آپ کو سنادے اور اعلیٰ جہر یہ ہے کہ دوسرے کو سنادے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ قرات زبان کا فعل ہے' کان کا فعل نہیں۔ بدائع میں ہے کہ امام کرخی کا قول ہی سب سے صحیح ہے اور یہی قیاس کے مطابق ہے۔ امام محمد رحمتہ اللہ کی کتاب "الصلوۃ" میں بھی اس کی طرف اشارہ ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ نمازی چاہے تو اپنے جی میں پڑھے اور چاہے تو اونچا پڑھ کر اپنے آپ کو سنائے۔ اس عبارت سے پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے

بھی حضرت امام کرخیؒ کا قول ہی اختیار فرمایا ہے۔

"ہدایہ" میں ہے امام کرخی فرماتے ہیں ادنیٰ جہر یہ ہے کہ اپنے آپ کو سنائے اور ادنیٰ سر یہ ہے کہ حروف کی ادائیگی صحیح ہو۔ کیونکہ قرات زبان کا کام ہے' کان کا نہیں۔

"غایتہ البیان" میں ہے کہ کتابت کو قرات کا نام نہیں دیا جاسکتا۔ اگرچہ اس میں حروف کی ادائیگی بھی صحیح ہو کیونکہ وہاں سرے سے آواز پائی ہی نہیں جاتی۔ میں کہتا ہوں کہ یہ عبارت امام کرخی کے خلاف نہیں جاتی کیونکہ انہوں نے تصحیح حروف کو مطلقاً قرات قرار نہیں دیا۔ بلکہ زبان سے تصحیح حروف کو قرات قرار دیا ہے اور کتابت سے تصحیح حروف تو ہوتی ہے مگر یہ قلم سے ہوتی ہے' زبان سے نہیں اور کہا گیا ہے کہ کلام آواز کے ساتھ زبان کا فعل ہے' حروف کو صرف درست کردینا تو آواز نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں آواز کی قید اس کہنے والے نے ہی لگائی ہے' لہٰذا یہ اس کے غیر اور مخالف کے لیے حجت نہیں۔ لہٰذا وہ اس کو سننا بھی گوارا نہیں کرے گا۔ ہم اس قول کے رد میں کہتے ہیں کلام اس حقیقت کا نام ہے جو گونگا پن اور خاموشی کے خلاف ہے۔ جب حروف کی تصحیح ہوگی تو یہ معنی حاصل ہو جائے گا (یعنی تصحیح حروف سے پتہ چل جائے گا کہ یہ بندہ نہ گونگا ہے اور نہ ہی خاموش ہے۔۔ مترجم) اب آواز کی احتیاج نہیں ہوگی۔

"فتح القدیر" میں ہے کہ مصنف کا یہ فرمانا کہ کتاب کی عبارت میں حضرت کرخی رحمہ اللہ کے قول کی طرف اشارہ ہے' یہ اس بنا پر ہے کہ وہ اپنے آپ کو سنائے کسی اور کو نہیں۔ کیونکہ اعتبار تو لقب و خطاب سے ہے ورنہ اگر مراد صرف ادائیگی حروف سے ہوتی تو بات اچھی نہ ہوتی (یعنی قرات کرنے والا تصحیح حروف سے اپنا مطلب و خطاب بیان کر رہا ہوتا ہے صرف تصحیح حروف مراد نہیں ہوتی۔۔۔ مترجم)

معلوم ہونا چاہیے کہ قرات اگرچہ زبان کا فعل ہے لیکن یہ وہ فعل ہے جسے کلام کہتے ہیں اور کلام حروف کے ذریعہ ہوتی ہے اور حرف وہ کیفیت ہے جو آواز سے پیدا ہوتی ہے۔ جس سے اس کا تعلق نہیں ہوتا۔ آواز کے بغیر اگر حروف کی تصحیح ہو تو وہ صرف مخارج کے عضلات کے ذریعے حروف کی طرف ایما اور اشارہ ہوگا۔ وہ حروف تو نہیں ہوں گے (یہاں تک مذکور بالا سب آئمہ سے بات ثابت ہوئی کہ ادنیٰ جہر اپنے آپ کو اپنی آواز سنانا ہے اور ادنیٰ سر یہ ہے کہ آپ اپنے مطلب کے مطابق حروف صحیح ادا کر رہے ہوں۔ مترجم)

فقیہ ابو جعفر ہندوانی اور امام ابو بکر محمد بن فضل کا نظریہ

دوسرا قول فقیہ ابو جعفر ہندوانی اور امام ابوبکر محمد بن فضل کا ہے کہ جہر میں یہ ضروری ہوتا ہے کہ کسی اور تک آپ کی آواز پہنچے۔ لہٰذا ادنیٰ جہریہ ہے کہ آپ کی آواز کوئی اور سن رہا ہو۔ خواہ سننے والا ایک ہی ہو اور ادنیٰ سریہ ہے کہ اپنے آپ کو آواز سنائی دے۔ صرف تصحیح حروف نہ ہو۔ یہی بات صحیح ہے۔

"وقایہ" "نقایہ" اور "ملتقی الابحر" "معراج الدرایہ" میں ہے کہ حضرت شیخ الاسلام، علامہ قاضی خان محیط کے مصنف اور علامہ حلوانی نے بھی یہی معنی مراد لیا ہے۔ اسی قول کو "شارحین وقایہ النقایہ" "ملتقی الابحر" "ہدایہ" کے شارحین اور عام مفتیان عظام نے لیا ہے۔ مضمرات میں ہے کہ یہی مذہب مختار ہے۔

صاحب فتاویٰ خیریہ کا نظریہ

• "فتاویٰ خیریہ" میں دونوں نظریات کے مقلدین کی عبارات نقل کرنے کے بعد مصنف فرماتے ہیں میں یہی کہتا ہوں کہ اکثر علماء نے ہندوانی کا قول اختیار کیا ہے۔ لہٰذا "تنویر الابصار" کے متن میں اسی پر اعتماد کیا گیا ہے۔ ہاں قدوری کے کلام سے یہی پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے علامہ کرخی کا قول پسند کیا ہے، زیادہ صحیح کیا ہے؟ ہندوانی کا قول زیادہ صحیح اور قابل ترجیح ہے۔ کیونکہ ہمارے اکثر حنفی علماء نے اسی پر اعتماد کیا ہے۔ ہندوانی کے اس قول میں --- کہ ادنیٰ جہر غیر کو سنانا ہے --- علماء کا اختلاف ہے کہ اس سے ہندوانی کیا مراد لیتے ہیں۔

عام علماء کہتے ہیں کہ اس سے مراد قرات کرنے والے کے علاوہ دوسرا شخص ہے، خواہ وہ ایک ہی ہو یا اگر دو سن لیں تو یہ اعلیٰ جہر ہے۔

"صلوۃ مسعودی" میں ہے کہ امام کا جہریہ ہے کہ پہلی صف آواز سن سکے اور "خلاصہ" اور "مجتبیٰ" میں مذکور ہے کہ جہریہ ہے کہ سب مقتدی سن رہے ہوں۔ "جامع الرموز" میں ہے کہ یہ دونوں روایات محل نظر ہیں۔ کیونکہ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ اگر

مقتدی بہت زیادہ ہوں اور سب تک امام کی آواز نہ جائے تو یہ جہر نہیں بلکہ مخافت ہو گی یعنی (سر)(اور یہ بات کوئی بھی نہیں مانتا--- مترجم)

صاحب نہر الفائق کا نظریہ

ہندوانی کے نزدیک جہر دوسرے کو سنانے کا نام ہے اور خلاصہ یہ ہے کہ اگر اس نے آہستہ پڑھا اور آہستگی کی حد یہ ہے کہ اگر ایک یا دو آدمی سن بھی لیں تو وہ خفی ہے جہری نہیں ہے۔ اگر جہر سے مراد سب حاضرین محفل کو سنانا ہے تو یہ مشکل بات ہے۔

"در مختار" میں ہے کہ مخافت (خفی) اپنے آپ کو اور اپنے ساتھ والے کو سنانا ہے۔ اگر آواز ایک یا دو آدمی سن لیں تو یہ جہر نہیں ہے"۔

"ردالمختار" میں علامہ ابن العابدین کا ارشاد ہے کہ متن میں جو عبارت آئی ہے کہ قریبی سن لے' یہ ضروری تصریح ہے۔

علامہ قہستانی فرماتے ہیں غیر یا جو اس کے قریب ہے (اس عبارت میں) لفظ سے پہلے او (یا) آیا ہے اور یہ بڑی واضح بات ہے۔ اس سے یہ بات کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ کم سے کم جہر یہ ہے کہ دوسرا سنے جو اس کے قریب نہیں ہے اسی لیے خلاصہ اور خانیہ میں جامع صغیر کے حوالے سے منقول ہے کہ:

"جب امام نے سری نماز میں یوں قرات پڑھی کہ ایک یا دو آدمی سن رہے تھے تو یہ جہر نہیں ہو گا۔ جہر یہ ہے کہ پہلی صف کے سارے لوگ سن لیں۔ سب حاضرین نمازی نہیں کیونکہ قہستانی کی کتاب میں مسعودیہ سے نقل ہے کہ امام کے جہر سے مراد یہ ہے کہ پہلی صف کو آواز سنائی جائے۔

اس سے پتہ چلتا ہے کہ خلاصہ کی عبارت میں کوئی اشکال نہیں ہے۔ یہ ہندوانی کے کلام کے خلاف نہیں بلکہ یہ اس کی تصریح ہے۔ اب آپ کو پتہ چل گیا ہو گا کہ سب سے کم مخافت (خفی) یہ ہے کہ وہ خود سن لے یا اس کے پاس والے ایک یا دو آدمی سن لیں اور ادنیٰ جہر یہ ہے کہ جو اس کے قریب نہیں وہ آواز سن لیں۔ مثلاً پہلی صف کے لوگوں تک اس کی آواز پہنچ جائے اور اعلیٰ جہر کی حد ہی نہیں ہے"۔

"بحرالرائق" میں ہے کہ علامہ ہندوانی کے نزدیک ادنیٰ جہر یہ ہے کہ وہ خود س

سکے۔ مجتبیٰ کتاب میں ان سے نقل کرتے ہوئے یہ اضافہ کیا گیا ہے کہ اس کی قرات جائز نہیں ہوگی جب تک اس سے متصل اور قریب کو آواز سنائی نہ دے۔ حلوانی" سے نقل کرتے ہوئے صاحب ذخیرہ نے فرمایا کہ یہی صحیح بات ہے مگر یہ چوتھا قول نہیں ہے بلکہ یہ ھندوانی کا ہی دوسرا قول ہے۔[1]

"ذخیرہ" میں لکھا ہے کہ قاضی علاؤ الدین نے "شرح مختلفات" میں فرمایا کہ میرے نزدیک یہ بات صحیح ہے کہ بعض معاملات میں اس کا اپنا سننا کافی ہے اور بعض معاملات میں دوسرے کو سنانا ضروری ہے۔ مثلاً اگر مشتری نے بیع میں اپنا کان بیچنے والے کی طرف جھکا کر اس کی بات سن لی تو یہ سودے کے لیے کافی ہے لیکن اگر بیچنے والے نے اپنی بات خود ہی سنی تو کافی نہیں ہے۔ دوسری مثال یہ ہے کہ کسی نے قسم کھائی کہ فلاں سے نہیں بولے گا پھر دور سے اسے بلایا مگر اس نے اس بلانے والے کی آواز نہیں سنی ہے تو اس کی قسم نہیں ٹوٹے گی"۔ [2] "کتاب الایمان" میں اس کی وضاحت ہے۔

بشرالمریسی کا نظریہ

تیسرا نظریہ بشیرالمریسی" کا ہے۔ وہ فرماتے ہیں قرات کے وجود کے لیے ضروری ہے کہ آوز نکلے۔ خواہ یہ آواز اس کے اپنے کان تک نہ پہنچ رہی ہو مگر کسی نہ کسی انداز سے سنی جاسکے۔

"فتح القدیر" میں ہے غالباً ھندوانی کے قول کا بھی یہی مطلب ہے کیونکہ جب آواز موجود ہوئی تو سنی جاسکے گی۔ بشرطیکہ سننے سے کوئی رکاوٹ نہ ہو"۔

صاحب "فتح القدیر" کا مطلب یہ ہوا کہ بشر" اور ھندوانی" کا ایک ہی نظریہ ہے۔

---

[1] (یعنی ھندوانی نے خود اپنے قول کی اس دوسرے قول سے شرح فرمائی ہے---(مترجم)

[2] (دوسرے نظریے کا خلاصہ یہ ہوا کہ ادنیٰ جہر دوسرے کو اپنی آواز سنانا ہے اور ادنیٰ سر اپنے آپ کو اپنی آواز سنانا ہے۔ بہت سارے علماء و فقہاء اسی نظریے کے ماننے والے ہیں جیسا کہ اوپر ان کے نام آچکے ہیں---(مترجم)

حالانکہ یہ بات خلاف ظاہر ہے کیونکہ فقہاء کی عبارت سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ اس مسئلہ میں تین اقوال ہیں۔ حضرت کرخی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ قرات تصحیح حروف کا نام ہے۔ اگرچہ آواز ایسی نہ ہو جسے سنا جاسکے۔ علامہ بشر رحمہ اللہ کا خیال ہے کہ ضروری ہے کہ کسی طریقے سے آواز سنائی دے۔ جناب ہندوانی کا ارشاد ہے کہ کلام کو بہرحال مسموع ہونا چاہیے۔ حلیتہ المحلی' البحر وغیرہ اسی طرح مذکورہ ہے۔ [1]

---

[1] (بقول علامہ بشر آواز پیدا ہونا ضروری ہے۔ خواہ وہ آواز خود اسے بھی نہ سنائی دے اور بقول حضرت ہندوانی خود اسے آواز کا سنائی دینا شرط ہے۔ یہاں تک کہ حضرت مصنف نے سر وجہر کی بحث لغت و فقہاء کی آراء سے بڑی وضاحت سے بیان فرمادی۔ (مترجم)

باب اول

ذکر جہر کا حکم

واضح رہنا چاہیے کہ اس حکم میں فقہاء کا اختلاف ہے۔ کچھ حضرات نے کہا ذکر جہر جائز ہے۔ کچھ کا ارشاد ہے کہ مکروہ ہے۔ کچھ فرماتے ہیں حرام ہے۔ بعض کا خیال ہے کہ ان مقامات کے علاوہ جہاں شریعت نے جہر کا حکم دیا ہے (اور آگے ان مقامات کا ذکر آ رہا ہے)

ہدایہ میں تکبیرات تشریق کی فصل میں یوں لکھا ہے "تکبیرات تشریق کو یوم عرفہ (حج) صبح کی نماز کی بعد شروع کرے اور نماز عصر کے بعد ختم کرے۔ یہ امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک ہے۔ صاحبین (امام یوسف اور امام محمد) فرماتے ہیں کہ ایام تشریق کے آخری دن (تیرہ ذی الحجہ) عصر کی نماز کے بعد یہ تلبیہ ختم کرے۔

یہ مسئلہ صحابہ کرام میں بھی اختلافی رہا ہے۔ صاحبین نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول لیا ہے۔ کیونکہ احتیاط اس میں ہے کہ عبادات کے سلسلہ میں اکثر کو لیا جائے۔ امام اعظم نے ابن مسعود کا قول لیا ہے اور انہوں نے اقل کو اس لیے لیا ہے کہ تکبیرات میں جہر بدعت ہے"۔

"فتح القدیر" میں ہے کہ مصنف کا یہ کہنا کہ عید الفطر میں نماز عید کے لیے جاتے ہوئے تکبیر نہ کہے، محل نظر ہے۔ کیونکہ اختلاف اصل تکبیر میں نہیں ہے بلکہ بلند آواز سے کہنے میں ہے۔ یہ تکبیر اللہ تعالیٰ کے عام ذکر میں شامل ہے تو صاحبین فرماتے ہیں کہ عید الاضحیٰ کی طرح جہر سے یہ تکبیر کہے اور امام اعظم کا ارشاد ہے کہ عید الاضحیٰ کی طرح عید فطر کی تکبیر کو بلند آواز سے نہ کہے۔

"خلاصہ" میں لکھا ہے کہ آئمہ ثلاثہ کا اختلاف اصل تکبیر میں ہے۔ مگر یہ صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ کا ذکر کسی وقت میں بھی ممنوع نہیں ہے۔ منع صرف یہ ہے کہ اسے بدعت کے انداز سے نہ کیا جائے تو امام اعظم نے فرمایا کہ ذکر کے وقت آواز کو بلند کرنا بدعت ہے اور یہ اس آیہ کریمہ کے خلاف ہے کہ "اپنے پروردگار کو اپنے جی میں عاجزی اور آہستگی سے یاد کیجئے، قول جہری سے نہیں"

لہٰذا ذکر میں جہر صرف وہاں ہو گا جہاں حکم شرعی وارد ہو گا اور حکم شرعی اضحیٰ (عید قربان) میں آیا ہے اور اس سلسلے میں اللہ کریم کا ارشاد ہے "ان گنتی کے مخصوص ایام میں اللہ کریم کا ذکر کرو"۔

تفاسیر میں ہے کہ اس سے مراد یہی تکبیر ہے لہٰذا بہتر یہی ہے کہ اسی پر اکتفا کیا جائے۔

ایک سوال

اللہ کریم کا ارشاد ہے "تم گنتی پوری کرو اور اللہ کی عظمت بیان کرو (تکبیر کہو) کہ اس نے تمہیں ہدایت دی"۔

امام دار قطنی نے سالم سے روایت کی ہے کہ انہیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بتایا کہ رسول اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جب عید فطر کو گھر سے نماز کے لیئے باہر تشریف لے جاتے تو عید گاہ پہنچنے تک راستے میں تکبیر فرماتے۔[1]

جواب

اس سوال کا جواب یہ ہے کہ نماز عید میں تکبیر ہے مگر آیت میں تو عام حکم ہے کہ جیسا بھی ذکر ہو خواہ وہ راستے میں ہو یا نہ ہو۔[2] رہی مذکورہ حدیث تو وہ ضعیف ہے۔

---

[1] (قرآن و سنت سے ثابت ہوا کہ عید الفطر میں بھی عرش وقار علیہ السلام بلند آواز سے تکبیر پڑھا کرتے تھے پھر امام اعظم کے نزدیک خلاف حکم شرع کیسے ہوئی۔

[2] (یعنی عام ذکر کا آیت میں حکم ہے اسے عید فطر کی تکبیر کے ساتھ خاص کرنا عام کی عمومیت کے خلاف ہے)

کیونکہ اس کے ایک راوی کا نام موسیٰ بن محمد بن عطا مقدسی ہے اور وہ ضعیف ہے۔ پھر متن حدیث میں یہ بھی تو نہیں ہے کہ تکبیر بلند آواز سے پڑھتے تھے اختلاف تو بلند آواز سے پڑھنے میں ہے۔ تکبیر کہنے میں تو اختلاف نہیں ہے۔ مزید یہ کہ حاکم نے بھی یہ حدیث روایت کی ہے مگر انہوں نے جہر کا ذکر نہیں کیا۔ دار قطنی نے یہ حدیث رافع سے نقل کی ہے اور بجائے مرفوع کے اسے ابن عمر رضی اللہ عنہ پر موقوف قرار دیا ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ جب عید فطر یا عید الاضحیٰ کی نماز کے لیے نکلتے تھے تو بلند آواز سے تکبیر کہتے تھے۔

امام بیہقی نے بھی فرمایا ہے کہ زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ یہ حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ پر موقوف ہے مرفوع نہیں۔ پھر اس بات کا خیال بھی ضروری ہے کہ صحابی کا قول ایک قطعی آیت کے معارض و مقابل نہیں لایا جا سکتا۔ آیت یہی ہے کہ اپنے پروردگار کا ذکر اپنے جی میں کیجئے۔

اور سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد گرامی ہے "بہترین ذکر خفی ہے"۔

پھر ابن عمر کا قول ایک اور صحابی کے قول کے خلاف ہے۔ وہ ابن عباس کا قول ہے۔ کہ انہوں نے لوگوں کو بلند آواز سے (عید الفطر کے موقع پر) تکبیر کہتے سنا تو فرمایا کیا امام نے بھی تکبیر پڑھی ہے۔ آپ کو عرض کیا گیا جی نہیں تو آپ نے فرمایا کیا ان لوگوں کو جنون ہو گیا ہے۔ ہم نے ایسا دن سرکار علیہ السلام کی حیات طیبہ میں پایا تو ہم میں سے کوئی بھی امام کی تکبیر سے پہلے تکبیر نہیں کہا کرتا تھا۔

"غایۃ البیان" میں ہے کہ متن میں یہ عبارت کہ عید الفطر میں تکبیر نہ کہے اس سے مراد یہ ہے کہ بلند آواز سے تکبیر نہ کہی جائے۔ کیونکہ بذات خود تو تکبیر بہتر شے ہے۔ سرا اس کے ادا کرنے میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ حضرت ابو بکر رازی نے بھی اسی طرح بیان کیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ذکر میں افضل یہ ہے کہ اسے آہستہ (اخفا) میں کہا جائے۔ کیونکہ فرمان خداوندی ہے "اپنے پروردگار کو عاجزی اور آہستگی سے یاد کرو" اور سرکار عرش وقار علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے "بہترین ذکر خفی ہے"۔

شریعت نے اضحیٰ کے جہر کا حکم دیا ہے۔ تو عید الفطر کو اس پر قیاس نہیں کر سکتے۔

کیونکہ جہر خلاف اصل ہے۔ ملخصاً [1]

عینی کی کتاب "نہایتہ شرح الھدایہ" میں ہے کہ علامہ ابوبکر رازی نے فرمایا ہمارے مشائخ کا ارشاد ہے کہ ایام تشریق اور اضحیٰ کے بغیر جہری تکبیر نہیں ہاں دشمن کا مقابلہ کرتے ہوئے اور چور (کی اطلاع کے لیے بھی) جہری تکبیر جائز ہے۔ اسی طرح کوئی جل رہا ہو یا اور خوفناک مواقع ہوں تو بلند آواز سے تکبیر کہی جا سکتی ہے۔

در مختار کے باب مایفسد الصلوۃ و مایکرہ (نماز کو توڑنے والی اور مکروہ چیزیں) میں احکام مسجد کا ذکر کرتے ہوئے مصنف نے فرمایا "مسجد میں سوال کرنا حرام ہے اور کسی کو سوال کرنے پر دینا بھی مطلقاً مکروہ ہے۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ لوگوں کی گردنیں پھلانگ کر پہلی صفوں میں جانا بھی مکروہ ہے۔ اسی طرح گم شدہ چیز کا اعلان بھی مکروہ ہے۔ اسی طرح کوئی شعر پڑھنا بھی مکروہ ہے۔ ہاں ایسا شعر پڑھا جا سکتا ہے جس میں اللہ و رسول کی مدح ہو۔ [2] اونچی آواز سے ذکر بھی مکروہ ہے ہاں علم فقہ کا طالب علم بلند آواز سے پڑھ سکتا ہے"۔ یہ عبارت "در مختار" کے فاضل مصنف نے "الاشباہ والنظائر" سے لی ہے۔

"تعالیق الانوار" حاشیہ "در مختار" میں ہے کہ متن میں یہ کہنا "ذکر میں آواز بلند کرنا مکروہ ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ "حضرت ابن مسعود سے مروی ہے کہ انہوں نے کچھ لوگوں کو دیکھا کہ مسجد میں بلند آواز سے تہلیل (لا الہ الا اللہ پڑھنا) کر رہے تھے۔ فرمایا میں تمہیں بدعتی پاتا ہوں۔ پھر حکم دیا کہ انہیں مسجد سے نکال دیا جائے"۔ لیکن علامہ حقی رحمتہ اللہ علیہ اپنے رسالے "فضل التسبیح والتہلیل" میں فرماتے ہیں کہ جو کچھ حضرت ابن مسعود سے نقل کیا گیا ہے یہ ثابت نہیں ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ "کتاب الزھد" میں حضرت ابو وائل کی سند سے یوں منقول ہے "یہ لوگ جن کا گمان یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود ذکر سے منع فرمایا کرتے تھے (سراسر غلط ہے) میں تو جب بھی ان کی محفل میں بیٹھا

---

1. (یہ دعویٰ کہ جہر خلاف اصل ہے صحیح نہیں۔ ہم ابتدائیہ میں اس پر بحث کر چکے ہیں۔ (مترجم)
2. (اس طرح تو پھر ذکر جہر ہو جائے گا جسے ان فقہاء نے مکروہ سمجھا ہے۔ (مترجم)

انہوں نے بلند آواز سے اللہ کریم کا ذکر فرمایا۔

ذکر میں بلند آواز رکھنے کے بارے میں بیہقی میں حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس مسجد میں بلند آواز سے ذکر کرتے ہوئے ایک شخص گزرا تو آپ سے عرض کیا گیا یارسول اللہ سلام اللہ علیک ہو سکتا ہے یہ شخص ریاکار ہو۔ سرکار کریم علیہ التسلیم نے فرمایا نہیں یہ شخص تو اواہ ہے۔ اواہ وہ ہوتا ہے جو عشق کی گرمی کی وجہ سے بہت زیادہ درد رکھتا ہو۔ [1] یہ حدیث بلند آواز سے ذکر کرنے کا ثبوت مہیا فرماتی ہے۔ فتاویٰ بزازیہ میں قاضی خان کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ ذکر میں بلند آواز کرنا حرام ہے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے صحیح روایت میں آیا ہے:

"کچھ لوگ مسجد میں اکٹھے ہوئے اور جہراً کلمہ طیبہ اور درود شریف پڑھنے لگ گئے تو آپ نے انہیں ڈانٹ پلائی اور فرمایا دور نبوی میں ایسی کوئی بات نہیں تھی۔ میں تو تمہیں بدعتی پاتا ہوں اور یہی بات دہراتے رہے اور انہیں مسجد سے نکال دیا۔

ایک سوال

اگر آپ یہ کہہ دیں کہ فتاویٰ مذکور میں مسجد میں بلند آواز سے ذکر کی ممانعت اس لیے نہیں کی جاسکتی کہ یہ ممانعت اس آیت کریمہ کے خلاف جاتی ہے اور اس ممانعت سے بچنا ضروری ہے اللہ کریم کا ارشاد ہے "اس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جو اللہ کی مسجدوں سے روکتا ہے کہ ان میں اس کے پاک نام کا ذکر ہو" ابن مسعود کا منع فرمادینا اس آیت کے خلاف ہے (لہٰذا یہ قابل قبول نہیں)

جواب

میں کہتا ہوں مسجد سے نکالنے کی نسبت اگر حضرت ابن مسعود کی طرف حقیقتاً ہو تو ہو سکتا ہے کہ یہ ان کے اس اعتقاد کی وجہ سے ہو کہ مسجدیں صرف عبادت کے لیے ہیں اور

---

[1] (یعنی محبت خداوندی کی وجہ سے اس کا سینہ دردوں کا خزینہ ہوتا ہے۔ یہ پیارا لفظ (اواہ) قرآن پاک نے سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے لیے استعمال فرمایا ہے۔ انہیں اواہ اور حلیم فرمایا۔ مطلب یہ ہوا کہ عشق کی شدید گرمی کو اور حرارت کو وہ برداشت فرمارہے ہیں۔ مترجم)

ان میں لوگوں کو تعلیم دینا بدعت ہے۔ جائز فعل بھی کبھی کسی غرض کی وجہ سے ناجائز ہو جاتا ہے۔ اللہ کریم کا سورۂ اعراف میں ارشاد ہے "اپنے پروردگار کو عاجزی وزاری اور آہستگی سے پکارو" یعنی اللہ کی عبادت کرو اپنی ضروریات اس کے سامنے پیش کرو۔ ضراعت (تضرع کا ثلاثی مجرد) کا مطلب عاجزی وذلت ہے۔

صحیح حدیث میں یہ بھی مروی ہے کہ سرکار عرش وقار علیہ السلام نے بلند آواز سے تکبیر کہنے والوں کو ارشاد فرمایا اپنی جانوں کو سکون دو نہ تو تم بہرے سے ہم کلام ہو اور نہ غائب سے بات کر رہے ہو۔ تم تو سمیع وقریب کو پکار رہے ہو"۔

احتمال ہو سکتا ہے کہ وہاں آواز بلند کرنے میں کوئی مصلحت نہ ہو۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ سفر جہاد ہو اور آواز بلند کرنے میں خوف ہو۔ جنگ تو ایک چال ہوتی ہے۔ اسی بنا پر جہاد کے دوران حضور علیہ السلام نے گھنٹیوں سے بھی منع فرما دیا تھا۔ [۱]

بہرحال ذکر جہر تو جائز ہے۔ اذان' خطبہ اور حج میں ذکر جہر ہوتا ہے۔

تکبیر تشریق میں یہ اختلاف کہ کتنی تکبیروں میں جہر ہو' اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ ذکر جہر بدعت ہے۔ کیونکہ اختلاف اس بات میں ہے کہ یہ سنت زائدہ ہیں یا نہیں (اس بات میں اختلاف نہیں کہ یہ جہراً ہیں یا سراً)

اس اختلاف کی مثال بالکل ایسی ہی ہے کہ ظہر سے پہلے کی چار سنتیں ایک سلام سے ہیں یا دو سلاموں سے' تو اس سے یہ کیسے ثابت ہو سکتا ہے کہ وہ دو سلاموں سے بدعت یا حرام ہیں۔

ایک اور سوال

"فتاویٰ خیریہ" میں ہے کہ دمشق میں حضرت شیخ ابراہیم سے پوچھا گیا کہ سادات

---

۱ (اگر جانوروں کے گلوں میں گھنٹیاں ہوں تو ان کی آواز سے دشمن کو پتہ چل جاتا ہے کہ فریق مخالف آ رہا ہے اور وہ سنبھل جاتے ہیں یا اچانک حملہ کر دیتے ہیں۔ لہٰذا اس مصلحت کے تحت آپ علیہ السلام نے گھنٹیوں سے روک دیا تو اسی طرح بلند آواز سے بھی روکا کہ دشمن کو پتہ نہ چل سکے۔۔۔ مترجم)

صوفیہ کرام ذکر جہری کے حلقے قائم فرماتے ہیں۔ یہ مساجد میں ہوتا ہے اور اولیاء کرام کا یہ سلسلہ آباؤ اجداد سے جاری و ساری ہے۔ وہ ان محافل میں صوفیانہ قصائد بھی پڑھتے ہیں۔ پھر کچھ لوگ ان حضرات پر اعتراض کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس طرح شعر پڑھنا اور ذکر جہر کرنا جائز نہیں ہے تو کیا ان لوگوں کا صوفیا کے خلاف اعتراض حکم شرعی کے مطابق ہے؟

حضرت دمشقی کی طرف سے جواب

حضرت ابراہیم دمشقی نے جواب دیا ذکر کے حلقے اور ذکر جہر اور قصائد کا پڑھنا حدیث میں ایسی باتیں موجود ہیں جو ان اعمال کا تقاضا کرتی ہیں۔ مثلاً "ارشاد ہے "اگر ذکر کرنے والا میرا ذکر اپنی جماعت میں کرتا ہے تو میں اس کا ذکر ایسے گروہ میں کرتا ہوں جو اس کے گروہ اور جماعت سے بہتر ہوتا ہے" یہ حدیث بخاری، مسلم، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور امام احمد رضی اللہ عنہ نے صحیح سندوں کے ساتھ بیان فرمائی ہے۔ یہ تو واضح بات ہے کہ گروہ اور جماعت میں ذکر جہری ہی ہوتا ہے۔ اسی طرح حدیث میں ذکر کے حلقوں کا بھی ذکر ہے اور وہاں فرشتوں کی حاضری (طواف) کا ذکر بھی ہے۔ اس موضوع پر کئی احادیث مروی ہیں۔

ہاں کئی احادیث وہ بھی ہیں جن میں ذکر خفی کا مطالبہ فرمایا گیا ہے۔ ان دونوں قسم کی احادیث میں یوں تطبیق دیں گے کہ سب معمول بہ بن جائیں اور کوئی حدیث چھوڑی نہ جائے۔ بات یوں ہے کہ یہ اختلاف اشخاص اور حالات کے اختلاف کی وجہ سے ہے۔ اسی طرح قرآن کی تلاوت کے بارے میں جہر و سر کی روایات آتی ہیں تو وہاں بھی یہی جواب دیا گیا ہے کہ اشخاص اور حالات کی وجہ سے دو قسم کی احادیث ہیں۔ [1]

---

[1] (مطلب یہ ہوا کہ کچھ لوگ خلوت و خاموشی کو پسند کرتے ہیں اور کچھ جلوت و جہر کے عادی ہوتے ہیں۔ لہٰذا صاحب شریعت ﷺ نے امت کے سب طبقات کی طبیعتوں کی رعایت فرماتے ہوئے دونوں اندازوں کو جائز قرار دے کر اپنی رحمۃ للعلمینی کی وسعتوں میں سب کو سمو دیا۔ حالات کے اختلاف کا مطلب بھی یہی ہے کہ کچھ مقامات بلند آواز کو قبول نہیں کرتے۔ مثلاً جنگ میں آپ اپنا سفر دشمنوں سے چھپانا چاہتے ہیں تو وہاں بلند آواز سے ذکر ممنوع ہو گا۔ کچھ لوگ تھکے ہارے ہیں اور سو رہے ہیں تو ان کے پاس بھی ذکر جہر ممنوع ہو گا۔ جہاں لوگ شوق سے ذکر کے لیے ہی جمع ہوئے ہوں تو وہاں ذکر جہر جائز و مستحسن و مسنون ہو گا... مترجم)

یہ اس حدیث کے خلاف بھی نہیں جس میں مذکور ہے کہ "بہتر ذکر خفی ہے" کیونکہ جہاں ریا کاری یا نمازیوں اور سوئے ہوئے لوگوں کو تکلیف دینے کا خوف ہو تو وہاں ذکر خفی ہی بہتر ہو گا اور اہل علم نے ذکر فرمایا جہاں مذکورہ باتیں نہیں ہونگی وہاں ذکر جہر افضل ہو گا۔ کیونکہ اس سے ایک تو سامعین تک فائدہ پہنچے گا دوسرا فائدہ یہ ہو گا کہ اس سے ذاکر کا دل بیدار ہو گا۔ اب رہا اللہ کریم کا یہ ارشاد کہ "اپنے پروردگار کو اپنے جی میں یاد کرو" تو یہ بھی مکی ہے جیسے کہ خفی قرات والا حکم بھی مکی ہے کہ "قرات اونچی نہ کرو اور نہ بہت خفی کرو" یہ آیت اس وقت نازل ہوئی تھی کہ جب مقصود تھا کہ مشرک قرات کو نہ سنیں تاکہ وہ قرآن کو گالیاں نہ دیں اور نہ ہی قرآن نازل کرنے والے پروردگار کو گالیاں دیں۔ اب چونکہ ایسے حالات نہیں تو جہر جائز ہے۔

امام مالک کے کچھ اساتذہ اور ابن جریر وغیرہ نے فرمایا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب قرآن پاک کی قرات ہو رہی ہو تو اس کی تعظیم کی خاطر ذکر جہر نہ کرو اس کی دلیل یہ ہے کہ اس سے متصل یہ الفاظ قرآن پاک میں موجود ہیں کہ "جب قرآن پڑھا جا رہا ہو تو اسے سنو"۔ [1]

عالی مقام صوفیہ کا ارشاد ہے کہ آیت میں جو حکم ہے وہ سرکار عرش وقار علیہ السلام سے خاص ہے۔ آپ کے علاوہ باقی لوگ تو وسوسوں اور دنیاوی خیالات میں مبتلا ہوتے ہیں تو ان کے لیے ذکر جہر بہتر ہو گا کیونکہ (وساوس و خواطر) کے کاٹنے میں ذکر جہر کا شدید اثر ہوتا ہے۔ صوفیہ کے اس قول کی تائید علامہ بزار رحمہ اللہ کی روایت کردہ اس حدیث سے بھی ہوتی ہے کہ "تم میں سے جو رات کو نماز پڑھے تو جہری قرات کرے کیونکہ فرشتے اس کے ساتھ نماز پڑھ رہے ہوتے ہیں اور اس کی قرات سنتے ہیں"۔

اب رہی حد سے بڑھنے (اعتدار) کی بلند آوازی کی تفسیر جو اللہ کریم کے اس ارشاد میں ہے کہ "اللہ تعالیٰ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں فرماتا" تو وہ تفسیر درست نہیں ہے

---

[1] ان الفاظ کے ساتھ آنے سے واضح ہو گیا کہ قرات قرآن ہو رہی ہو تو پاس ذکر جہر ممنوع ہے تاکہ قرات میں خلل واقع نہ ہو۔ مترجم)

کیونکہ اس کی راجح اور قابل اعتبار تفسیر یہ ہے کہ ماموں کی حد سے نہ بڑھا جائے۔ جہر و سری احادیث مبارکہ کے درمیان اس طرح تطبیق دینا لازم اور ضروری ہے جو بیان ہوا ہے۔

سوال

اگر آپ یہ کہیں کہ خانیہ میں لکھا ہے کہ "بلند آواز سے ذکر کرنا حرام ہے" کیونکہ سرکار علیہ الصلوۃ والسلام کا ارشاد عالی ہے "جس شخص نے بلند آواز سے ذکر کیا اسے آپ نے فرمایا تو بہرے یا غائب کو نہیں بلا رہا" اسی طرح سید الانام علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ "بہترین ذکر خفی ہے" میں جواباً عرض کرتا ہوں کہ اس سے مراد حد سے بڑھا ہوا جہر ہے۔

"الاشباہ" میں ہے کہ ان چند مقامات---- عید الاضحیٰ' یوم عرفہ' دشمن سے مقابلے' ڈاکوؤں سے مقابلے' آگ لگنے کے وقت اور خوفوں کے اوقات کے علاوہ بلند آواز سے تکبیر نہ کہی جائے۔ "غایۃ البیان میں یہی ہے۔

"طحطاوی شرح مراقی الفلاح" میں یوں ہے کہ اس میں اختلاف ہے کہ کیا سری ذکر افضل ہے تو جواب میں کہا گیا ہاں افضل ہے۔ کیونکہ اس پر بہت سی احادیث دلالت کرتی ہیں اور یہ بھی کہا گیا کہ جہری ذکر افضل ہے۔ کیونکہ بہت سی احادیث سے یہی ثابت ہے اور ان احادیث کو یوں جمع کر لیا گیا کہ حالات اور اشخاص کے اختلاف سے یہ احادیث الگ الگ آئی ہیں۔

"البحر الرائق" میں وہاں مذکور ہے جہاں عید فطر کے دن راستے میں تکبیر پڑھنے کی بحث ہے۔ مصنف نے "فتح القدیر" وغیرہ کی عبارت نقل کرنے کے بعد فرمایا کہ حاصل کلام یہ ہے کہ بلند آواز سے تکبیر پڑھنا بدعت ہے۔ ہاں صرف ان جگہوں پر بلند تکبیر پڑھی جا سکتی ہے جو مستثنیٰ ہیں۔

قاضی خان نے اپنے فتاویٰ میں ذکر جہر کو مکروہ کہا ہے۔ "مصفی" کے مصنف نے اس مسئلے میں قاضی خان کی اتباع کرتے ہوئے مکروہ کہا ہے۔

"فتاویٰ علامیہ" میں ہے کہ صوفیہ کو بلند آواز کرنے اور تالی بجانے سے روکا جائے۔ عینی نے "تحفہ" کی شرح میں اسے صراحتاً" حرام کہا ہے۔ اور صوفی ہونے کا جو بھی

مدعی ایسا کرتا ہے' اسے طعن و تشنیع کی ہے۔ "قنیہ" میں اس حکم سے جو آج ہمارے زمانے میں آئمہ کرام کرتے ہیں' اسے مستثنیٰ قرار دے کر (جائز کہا) پھر فرمایا ہر صبح جماعت کے بعد لوگوں کی جو عادت ہے کہ بلند آواز سے آیت الکرسی' سورۂ بقرۃ کی آخری آیات اور شھد اللہ والی آیات پڑھتے ہیں تو اس میں حرج نہیں لیکن افضل یہ ہے کہ آہستہ پڑھیں۔ مزید فرمایا کہ ایام تشریق کے بعد جہری تکبیر مسنون نہیں ہے۔ سوائے اس کے کہ دشمن یا چوروں کا مقابلہ ہو۔ کچھ فقہاء نے اس پر قیاس کرتے ہوئے آگ لگنے اور ہر قسم کے خطرناک اور خوفناک واقعات میں بھی جہری تکبیر کو جائز قرار دیا ہے۔ "قنیہ" کے مصنف ایک اور مقام پر فرماتے ہیں اگر جج کے پاس بہت بڑا مجمع ہو اور وہ سب مل کر تسبیح (سبحان اللہ) و تہلیل (لا الہ الا اللہ پڑھنا) کر رہے ہوں تو کوئی حرج نہیں۔

مصنف (علامہ عبدالحئی لکھنوی) کا تبصرہ

میں کہتا ہوں اللہ کریم توفیق دے تو تحقیق تک پہنچا جا سکتا ہے۔ یہ تھیں ہمارے فقہاء کی عبارات' آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ ان کی آراء میں کتنا اضطراب ہے اور ان کے اقوال میں کتنا اختلاف ہے۔ کچھ نے تو جائز قرار دیا' کچھ نے حرام کہا' کچھ نے بدعت فرمایا اور کچھ نے مکروہ سمجھا اور راجح بات یہ ہے کہ اگر جہر حد سے نہ بڑھے تو جائز ہے۔ یہی بات خیر رملی نے اختیار فرمائی۔

ہم سب سے پہلے وہ دلائل ذکر کریں گے جن کو سامنے رکھ کر فقہاء نے ذکر جہر سے روکا۔ ہم ساتھ ہی ساتھ اس ممانعت کا دفاع کریں گے پھر جواز کے دلائل ذکر کرتے ہوئے وہ اضطراب دور کرنے کی کوشش بھی آخر میں کریں گے جو ان کی عبارات میں واقع ہوا ہے۔ اب غور سے سنئے جنہوں نے ذکر جہری سے منع فرمایا ہے انہوں نے کئی انداز سے دلائل دیے ہیں۔

ذکر جہر نہ کرنے کے دلائل

پہلی دلیل: ارشاد ربانی ہے "اپنے پروردگار کا ذکر اپنے جی میں عاجزی اور آہستگی سے کیجئے۔ بلند آواز سے نہ ہو (اور یہ ذکر) صبح و شام جاری رہے"۔

یہ آیت کریمہ بتاتی ہے کہ ذکر کا معاملہ آہستگی سے ہونا چاہیے تو واضح بات ہے کہ جہر ان مواقع کے بغیر ممنوع ہوگا جہاں شریعت نے اجازت دی ہے۔

اس دلیل کا جواب

کئی طریقوں سے اس دلیل کا جواب دیا جاسکتا ہے۔

۱- محترم المقام صوفیہ نے اس کا وہ جواب دیا ہے جو ان کے نزدیک تو واضح ہے مگر ہمیں معلوم نہیں ہو سکا کہ یہ حکم سرکار سید الکل علیہ السلام کے ساتھ خاص ہے۔ اس میں کوئی اور شامل نہیں ہے۔ [۱]

۲- یہ حکم نہ فرض ہے اور نہ ہی واجب ہے کہ اس کے خلاف حرام یا مکروہ ہو بلکہ یہ ارشادی امر ہے جو اللہ کریم کے ان الفاظ "عاجزی اور آہستگی" سے واضح ہے۔ [۲]

۳- اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ جب قرآن سن رہے ہو تو ذکر جہر نہ کرو کیونکہ اس آیت کے ساتھ یہ الفاظ موجود ہیں "جب قرآن پڑھا جائے تو اسے غور سے سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے" تو اب مطلب یہ ہوگا کہ اے خاموش شخص اپنے جی میں اپنے پروردگار کو عاجزی اور خاموشی سے یاد کرتا رہ۔ اسی طرح ابن جریر اور ابو الشیخ نے ابن زید سے نقل کرتے ہوئے لکھا ہے:

حضرت سیوطی اپنی کتاب "نتیجہ الفکر" میں ارشاد فرماتے ہیں کہ جب خاموش رہنے کا حکم مل گیا تو خوف تھا کہ وہ شخص ست پڑ کر ذکر چھوڑ ہی نہ دے تو اسے تنبیہ فرمائی گئی کہ اگرچہ حکم تو خاموشی کا ہے مگر اسے ذکر قلبی کو نہیں چھوڑنا ہے تاکہ وہ اللہ کے ذکر سے غافل

---

[۱] لہٰذا کوئی اور ذکر جہر کرنا چاہے تو یہ آیت رکاوٹ نہیں۔ مترجم)

[۲] یہاں امر وجوب کے لیے نہیں، بلکہ صرف اباحت کے لیے ہے اور قرآن میں کئی جگہ اباحتی امر آتا ہے۔ حج سے فراغت پر فرمایا کہ شکار کرو، اب اس سے مراد یہ نہیں کہ حج سے فارغ ہوتے ہی شکار کرنا فرض یا واجب ہو گیا اس امر سے مطلب صرف یہ تھا کہ اب شکار تمہارے لیے جائز ہے۔ اسی طرح یہاں بھی امر صرف جواز کے لیے ہے، وجوب کے لیے نہیں۔ مترجم)

نہ رہے۔ اسی لیے آخری فقرہ یہ آیا کہ (تو غافلوں میں سے نہ ہو) اب آیت کا مطلب یہ نہ ہوا کہ جہر منع ہے۔

۴۔ یہ آیت تو ایسے جہر کا اثبات کرتی ہے جو حد سے بڑھا ہوا نہ ہو۔ اس سے روکتی نہیں ہے۔ اس دلیل کو امام رازی نے اپنی تفسیر میں نقل فرمایا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ "اپنے پروردگار کو جی میں ذکر کیجئے" مطلب یہ ہے کہ خفیہ اور آہستہ ذکر کیجئے اور اس فقرے کہ "بلند آواز سے نہ ہو" کہ حد سے بلند آواز نہ ہو تو پوری آیت کا مطلب یہ ہوا کہ ذکر اس طرح کیجئے کہ وہ آہستگی اور جہر کے درمیان ہو۔ یہی بات دوسرے مقام پر قرآن پاک میں یوں مذکور ہے "اپنی قرات کو نہ بہت اونچا کیجئے اور نہ ہی بالکل آہستہ۔ اس کے درمیان راستہ تلاش کیجئے۔

تو اب آیت زیر بحث سے سرو جہر دونوں کا جواز ثابت ہوا۔ ہاں سر کی فضیلت یہ ہے کہ اس میں عاجزی اور خفا ہے۔ [ل]

دوسری دلیل

جہر سے منع کرنے والوں کے نزدیک یہ سب سے قوی دلیل ہے۔ ابن ابی شیبہ' امام احمد بن حنبل' ابن مردویہ اور امام بیہقی (رحمتہ اللہ علیہم) نے کتاب الاسماء والصفات میں حضرت ابو موسیٰ اشعری سے روایت کیا ہے کہ ہم ایک جہاد میں رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے۔ جب ہم کسی وادی میں اُترتے یا کسی بلندی پر چڑھتے تو بلند آواز سے تکبیر کہتے۔ سرکار علیہ السلام ہمارے قریب تشریف لائے اور فرمایا اے لوگو! اپنی جانوں کو پرسکون رکھو تم کسی بہرے یا غائب کو نہیں پکار رہے تم تو صرف سمیع و بصیر سے ہم کلام ہو۔ جسے تم بلا رہے ہو' وہ تمہاری گردن سے بھی تمہارے قریب ہے۔ یہ حدیث صحاح ستہ میں بھی مذکور ہے۔

امام ترمذی نے کتاب "الدعوات" کے باب فضل التسبیح وغیرہ میں اس سند سے

ل ان چار تفاسیر سے پتہ چلا کہ آیت مقدسہ ذکر جہر کی نفی نہیں فرماتی' بلکہ معتدل جہر کو جائز قرار دی ہے۔ خاص طور سے امام رازی کا استدلال بہت ہی قوی ہے یہ اصحاب علم سے مخفی نہیں۔ مترجم)

حدیث لی ہے۔ محمد بن بشار بن عبدالعزیز عطار سے روایت کرتے ہیں کہ ہمیں ابو نعامہ سعدی نے ابو عثمان ہندی سے روایت کرتے ہوئے بتایا کہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم ایک غزوہ میں رسول اندس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ جب واپسی ہوئی اور مدینہ طیبہ سامنے آیا تو لوگوں نے بلند آواز سے تکبیر کہی۔ سرور عالم علیہ السلام نے فرمایا تمہارا رب نہ تو بہرہ ہے اور نہ تم سے غائب ہے۔ وہ ذات اقدس تو تمہارے درمیان ہے اور تمہارے اور تمہاری سواریوں کے سروں کے درمیان ہے۔ پھر فرمایا اے عبداللہ بن قیس (ابو موسیٰ اشعری کا نام ہے) کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانے کی تعلیم نہ دوں! فرمایا لاحول ولاقوۃ الا باللہ امام ترمذی فرماتے ہیں یہ حدیث صحیح ہے۔ نہدی راوی کا نام عبدالرحمٰن ہے۔ ابو نعامہ کا نام عمرو بن عیسیٰ ہے۔ حدیث میں یہ فرمایا کہ وہ تمہارے درمیان ہے' اس کا مطلب علم وقدرت میں ساتھ ہونا ہے۔

امام مسلم نے کتاب الذکر کے باب استجاب خفض الصوت بالذکر میں (ذکر میں آواز کو پست رکھنا مستحب ہے) یہ حدیث اس سند سے نقل فرمائی ہے:

ہمیں ابو بکر بن شیبہ نے حدیث بتائی۔ انہیں محمد بن فضیل اور ابو معاویہ نے عاصم بن عثمان سے یہ حدیث پہنچائی کہ حضرت ابو موسیٰ نے فرمایا ہم ایک سفر میں نبی پاک علیہ السلام کے ساتھ تھے۔ لوگ بلند تکبیر کہنے لگے تو آپ نے فرمایا لوگو اپنی جانوں کو آرام وسکون دو۔ تم کسی بہرے اور غائب کو نہیں پکار رہے ہو۔ تم تو سمیع و قریب کو پکار رہے ہو۔ وہ تمہارے ساتھ ہے۔ ابو موسیٰ کہتے ہیں میں حضور علیہ السلام کے پیچھے پیچھے تھا اور میں لا حول ولاقوۃ الا باللہ کہہ رہا تھا۔ آپ نے فرمایا اے عبداللہ! کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانے کی تعلیم نہ دوں؟ میں نے عرض کیا حضور ارشاد فرمائیں۔ آپ نے فرمایا لاحول ولاقوۃ الا باللہ (ہی ایسا خزانہ ہے)

دوسری سند میں یہی حدیث ابن نمیر اور اسحاق بن ابراہیم اور ابو سعید الشیخ نے خفض بن غیاث سے بذریعہ عاصم روایت کی ہے۔ تیسری سند یوں ہے ابو کامل فضیل بن حسین نے بذریعہ یزید بن زریع حدیث بیان کی کہ میں نے ابو عثمان سے روایت کرتے

ہوئے سیدنا ابو موسیٰ سے یوں نقل کیا کہ وہ رسول مکرم علیہ السلام کے ساتھ تھے وہ گھاٹی سے چڑھ رہے تھے کہ ایک آدمی جب کسی چڑھائی پر چڑھتا بلند آواز سے لا الہ الا اللہ واللہ اکبر کہتا۔ (یہ سن کر) سرکار علیہ السلام نے فرمایا تم کسی بہرے یا غائب کو نہیں بلا رہے ہو۔ اگلی حدیث کی سند یوں ہے اسحاق بن ابراہیم نے ہمیں حدیث بتائی۔ انہیں ثقفی نے بتائی۔ انہیں خالد حذاء نے ابو عثمان سے یہ روایت سنائی کہ ہم ایک غزوہ میں نبی علیہ الصلوۃ والسلام کے ساتھ تھے۔ آگے پوری حدیث بیان کر دی۔ اس حدیث میں یہ الفاظ ہیں (جن کا معنی یہ ہے) جسے تم پکار رہے ہو وہ تمہاری سواری کی گردن سے بھی زیادہ تمہارے قریب ہے۔ [1]

امام نووی نے مسلم شریف کی شرح میں (اس حدیث کے الفاظ کی) یوں تشریح فرمائی ہے اربعوا میں ہمزہ وصلی ہے با (موحدہ) پر زبر ہے۔ [2] اس کا معنی یہ ہے کہ اپنی جانوں کو آرام پہنچاؤ اور آوازیں پست رکھو کیونکہ انسان بلند آواز اس وقت کرتا ہے جب اس کا مخاطب دور ہو ورنہ مستحب یہ ہے کہ آواز پست رکھے۔ ہاں اگر کوئی ضرورت پیش آئے تو بے شک بلند آواز کرے جب آواز پست ہوگی تو توقیر و تعظیم میں اضافہ ہوگا ہاں اگر حاجت آواز بلند کرنے کی ہو تو بلند کی جاسکتی ہے۔

امام ابو داؤد نے کتاب "الصلوۃ" کے باب الاستغفار میں موسیٰ بن اسماعیل سے روایت کی ہے کہ ہمیں حماد بن ثابت، علی بن زید اور سعید بن جریری سے یہ حدیث روایت کرتے ہوئے بتائی، یہ حضرات ابو عثمان سے روایت کرتے ہیں کہ سیدنا ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں ایک سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا جب صحابہ کرام مدینہ کے قریب پہنچے تو کچھ لوگوں نے تکبیر کہی۔ اپنی آوازیں خوب بلند

---

[1] امام مسلم نے چاروں سندوں سے یہ روایت کی۔ سندیں جتنی زیادہ ہوں حدیث اتنی ہی قوی ہو جاتی ہے، لہٰذا علامہ عبد الحیٔ نے سب سندیں اس غرض کے لیے امام مسلم کے حوالے سے جمع کر دیں۔ (مترجم)

[2] یعنی یہ باب فتح ہے۔ مترجم)

کیں۔ سرکار رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو! تم کسی بہرے یا غائب کو نہیں پکار رہے ہو جسے تم پکار رہے ہو تمہارے اور تمہاری سواریوں کی گردنوں کے درمیان ہے۔ پھر فرمایا اے ابو موسیٰ کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانے کی خبر نہ دوں (الحدیث)

دوسری سند یوں ہے کہ ہمیں مسدد نے انہیں یزید بن زریع نے انہیں سلیمان تمیمی نے، انہیں ابو عثمان نے، حضرت ابو موسیٰ سے حدیث بیان کی کہ وہ رسول محترم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک گھاٹی سے چڑھ رہے تھے کہ ایک آدمی جب بھی گھاٹی سے چڑھتا (آگے حدیث مسلم کی حدیث کی طرح ہے)

تیسری سند یوں ہے کہ ہمیں ابو صالح نے ابو اسحاق فزاری سے انہوں نے عاصم سے انہوں نے ابو عثمان سے انہوں نے حضرت ابو موسیٰ سے حدیث بیان کی اس میں الفاظ یوں ہیں (جن کا معنی یہ ہے) اے لوگو! اپنی جانوں کو پر سکون رکھو جیسا کہ مسلم میں ہے۔ [1]

امام بخاری نے کتاب السیر کے باب --- ما یکرہ من رفع الصوت فی التکبیر (تکبیر میں بلند آواز کرنے کی کراہت کا باب) میں یوں روایت کیا ہے۔ ہمیں محمد بن یوسف نے انہیں سفیان نے انہیں عاصم احوال نے انہیں ابو عثمان نے انہیں حضرت ابو موسیٰ اشعری نے حدیث بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم رسول اقدس علیہ السلام کے ساتھ تھے تو جب کسی بلند پہاڑی پر چڑھتے تو تکبیر و تہلیل کہتے اور اپنی آوازوں کو بلند کرتے آپ نے فرمایا، اے لوگو! اپنی جانوں کو سکون سے رکھو آگے مسلم کی طرح روایت ہے۔

ارشاد الباری (شرح بخاری) میں قسطلانی نے فرمایا کہ طبری کا ارشاد ہے کہ اس سے ثابت ہوا کہ ذکر و دعائیں بلند آواز سے مکروہ ہیں، عام اسلاف، صحابہ تابعین کا یہی قول ہے۔

ابن ماجہ اور نسائی نے بھی حسب قول سیوطی رحمتہ اللہ یہ حدیث روایت کی ہے اس حدیث میں (ان سب اسناد کے ساتھ) ثابت ہوا کہ حضور علیہ السلام نے ان کا بلند آواز

---

[1] مطلب یہ ہوا کہ امام ابو داؤد نے تین اسناد سے یہ حدیث نقل فرمائی ہے۔ مترجم)

سے ذکر کرنا ناپسند فرمایا' اب اگر ذکر جہر حرام نہ بھی ہو تو مکروہ ضرور ہو گا۔ اس کا جواب دو طریقوں سے دیا گیا ہے۔

۱۔ لفظ اربعوا میں جو حکم ہے وہ واجب نہیں ہے کہ اس کی وجہ سے جہر حرام یا مکروہ ہو' ایسا نہیں یہ حکم تو صرف آسانی کے لیے ہے۔ شیخ محدث دہلوی نے لمعات شرح مشکوۃ میں فرمایا' کہ اربعوا (پر سکون رہو) میں اشارہ ہے کہ جہر سے صرف آسانی و اکرام کے لیے منع فرمایا ہے اس لیے نہیں روکا کہ یہ غیر شرعی فعل ہے۔

اس سے تو صرف یہ ثابت ہو گا کہ ذکر خفی مستحب ہے اور اس میں تو کوئی اختلاف نہیں امام مسلم نے اپنی کتاب صحیح مسلم میں باب کے عنوان میں بذات خود اسکی طرف اشارہ فرمایا ہے اور علامہ نووی نے شرح مسلم میں بھی ایسا ہی اشارہ کیا ہے۔

۲ جس جہر سے سرکار کریم علیہ التسلیم نے منع فرمایا وہ حد سے بڑھا ہوا تھا اس پر خود کچھ روایات کا بیان دلیل ہے۔ فتح الودود شرح سنن ابی داؤد میں ہے کہ یہ الفاظ "انہوں نے اپنی آوازیں بلند کیں" دلالت کرتے ہیں کہ جہر میں انہوں نے مبالغہ اور زیادتی کی تھی تو اب اس سے مطلق جہر ممنوع نہیں ہو گا۔

حرز ثمین شرح حصین حصین میں علامہ علی القاری رحمہ اللہ نے وان ذکرنی ملا (اگر وہ مجھے جماعت و گروہ میں ذکر کرتا ہے) کی شرح میں فرمایا' اس سے ذکر خفی کا احتمال بھی ہو سکتا ہے جس کی طرف یہ حدیث اشارہ کرتی ہے۔ "اللہ کریم کا ذکر غافل لوگوں میں کرنا ایسا ہی ہے جیسے میدان جہاد سے بھاگ جانے والوں کا ساتھ نہ دے کر صبر کرنا ہے۔" اس حدیث میں یہ احتمال بھی ہو سکتا ہے کہ معنی ہو گروہ کے ساتھ مل کر ذکر کرنا مگر اس سے بھی وہ جہر ثابت نہیں ہوتا جو حد سے بڑھ کر نہ ہو کیونکہ حضور علیہ السلام نے اپنے کچھ صحابہ سے فرمایا' جب انہوں نے مبالغہ کے طور پر جہر کیا کہ اپنی جانوں کو سکون سے رکھو۔ [1]

۳ تیسری وجہ یہ ہے کہ اگر رسول گرامی صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کو منع نہ فرماتے اور

---

[1] مصنف یہ کہنا چاہتے تھے کہ ممنوع وہ جہر ہے جو حد سے بڑھا ہو تو علامہ علی القاری کی شرح سے اپنے اس قول پر دلیل ان آخری جملوں میں لائے ہیں۔ مترجم)

اس حالت پر انہیں قائم رکھتے تو صحابہ کرام کو ضرور یہ گمان ہوتا کہ سفر میں یا گھاٹی سے چڑھتے وقت بلند آواز سے ذکر کرنا سنت ہے' کیونکہ سنت قول و فعل سے بھی ثابت ہو جاتی ہے اور تقریر سے بھی ثابت ہو جاتی ہے۔ [1]

چونکہ ایسا معاملہ نہیں تھا تو رسول اقدس نے اس سے روک دیا تاکہ سد ذرائع ہو اور امت کے لیے سہولت رہے' لیکن اس حدیث میں مطلقاً "جہر سے ممانعت نہیں' یہ بات قارئین سے مخفی نہیں۔ [2]

کچھ حضرات نے یہ جواب اس حدیث کے استدلال کا دیا ہے کہ کوئی مصلحت ہو تو جہر سے روکا جا سکتا ہے' چونکہ حضور علیہ السلام سفر جہاد میں تھے اور خوف یہ تھا کہ اگر آوازیں بلند ہو گئیں تو کافر سن لیں گے اور پھر مصیبت پڑ جائے گی اور حدیث میں یہ ثابت ہے کہ جنگ ایک چال ہے۔ [3]

بزازی نے یہ حدیث روایت کی ہے۔

یہ جواب اس لیے صحیح نہیں ہے کہ واقعہ تو جہاد سے واپسی کا ہے' ہاں بغوی رحمہ اللہ نے "معالم التنزیل" میں ایک روایت کی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ واقعہ جہاد پر جاتے ہوئے پیش آیا بغوی کی روایت یوں ہے ہمیں احمد بن عبداللہ نے انہیں محمد بن یوسف نے انہیں اسماعیل نے انہیں عبدالواحد نے انہیں عاصم نے انہیں ابو عثمان نے انہیں حضرت ابو موسیٰ نے حدیث بتائی کہ جب حضور علیہ السلام نے غزوہ خیبر کا سفر فرمایا' اور جونہی خیبر کی طرف متوجہ ہوئے تو کچھ حضرات وادی کو جھانکتے ہی بلند آواز سے تکبیر

---

[1] تقریر کا مطلب یہ ہے کہ کوئی صاحب سرکار علیہ السلام کی موجودگی میں کوئی کام کرے اور حضور اس سے منع نہ فرمائیں تو وہ کام شرعاً سنت ہو جاتا ہے' اور اس کا کرنا جائز ہوتا ہے۔ اس موقع پر اگر صحابہ کو سرکار نہ روکتے تو پھر ایسے مقامات پر ذکر جہر مسنون ٹھہرتا۔ مترجم)

[2] مصنف نے فرمایا تھا' جواب دو طریقوں سے ہے' مگر انہوں نے جواب تین طریقوں سے دیا۔ (مترجم)

[3] لہٰذا یہاں خاموش رہا جائے تاکہ دشمن سن نہ سکے۔ مترجم)

پڑھنے لگ گئے۔ اللہ اکبر' اللہ اکبر' لا الہ الا اللہ یہ سن کر نبی رحمت علیہ السلام نے فرمایا' اپنی جانوں کو پر سکون رکھو۔ الحدیث: اس حدیث سے یہ وہم پیدا ہوتا ہے کہ خیبر جاتے ہوئے یہ واقعہ پیش آیا' لیکن اکثر صحیح روایات میں بات یوں آئی ہے کہ یہ واقعہ واپسی پر مدینہ طیبہ کے قریب پیش آیا تھا یہ میری تحقیق ہے باقی حقیقت حال اللہ کریم بہتر جانتے ہیں۔ [1]

تیسری دلیل

ارشاد ربانی ہے۔ "بلند آواز سے قرات نہ کیجئے اور نہ ہی خفی قرات ہو اس کے درمیان کا انداز اپنایئے۔"

اس کے بھی کئی جواب ہیں۔

1 یہ آیت کریمہ مطلقاً "جہر سے نہیں روکتی بلکہ حد سے بڑھے جہر سے روکتی ہے' کیونکہ آخری الفاظ یہ ہیں کہ جہر و خفا کے درمیان کا راستہ تلاش کیا جائے' تو پھر یہ آیت تو ذکر جہر والوں کی دلیل ہے ذکر خفی والوں کی دلیل نہیں۔

2 یہ آیت کریمہ اس وقت نازل ہوئی جب حضور علیہ السلام مکہ مکرمہ میں خفیہ تبلیغ فرماتے تھے' اور مشرکوں سے مخفی رہنا چاہتے تھے۔ جب آپ نے جہر سے تلاوت فرمائی تو مشرکین نے سن کر قرآن اور اس کے نازل کرنے والے کو گالیاں بکیں تو اللہ کریم نے اس وجہ سے جہر سے منع فرمایا' ارشاد ہوا کہ آپ قرآن کی قرات بلند آواز سے نماز میں نہ فرمائیں تاکہ کافر نہ سن سکیں اور گالیاں نہ بکیں۔ بالکل آہستہ بھی نہ ہو' یعنی نہ تو جہر جہیر (بہت بلند آواز) ہو' اور نہ ہی سر کثیر ہو۔ (یعنی بالکل خفی) بلکہ دونوں کے درمیان ہو۔ (حاضرین تو یہ دھیمی آواز سن لیں اور باہر گلیوں میں کافروں تک یہ آواز نہ پہنچ پائے۔)

بخاری اور ترمذی نے اسی طرح حدیث روایت کی ہے' ترمذی فرماتے ہیں۔

---

[1] اگر سفر پر جاتے ہوئے بھی دشمن کے موجود یا قریب نہ ہونے کا یقین ہو تو ذکر جہر سے روکنے کی کوئی مصلحت باقی نہیں رہتی' للذا غزوہ پر جاتے ہوئے ایسا ہو سکتا ہے۔ مترجم)

حدیث حسن و صحیح ہے۔

ابن عباس فرماتے ہیں یہ ممانعت مشرکوں کی ایذا اور سب و شتم کی وجہ سے تھی، جب یہ ایذاء نہ رہی تو رکاوٹ بھی ختم ہوگئی اس کی مثال اللہ کریم کا یہ ارشاد ہے۔ فرمایا، "تم ان (بتوں اور معبودان باطلہ) کو بھی گالی نہ دو، جن کی اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر یہ عبادت کرتے ہیں کہ وہ زیادتی کرتے ہوئے علم کے بغیر اللہ کو گالی دینے لگیں۔"

اللہ کریم نے بتوں اور معبودان باطلہ کو گالی دینے سے روک دیا کہ اسی طرح وہ پھر اللہ کریم کو گالیاں دینے لگ جائیں گے اب یہ بات ختم ہو گئی ہے تو ممانعت بھی ختم ہو گئی ہے۔ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے۔

۳ تیسرا جواب یہ ہے کہ آیت مقدسہ تشہد میں دعا کے بارے نازل ہوئی ہے۔ طبری رحمہ اللہ، ابن خزیمہ اور امام حاکم رحمہ اللہ نے حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہی روایت کی ہے تو پھر اس سے مطلقاً ذکر جہر کی ممانعت ثابت نہیں ہو گی۔

ایک سوال

یہ نہیں کہا جا سکتا ہے کہ بخاری نے سیدہ عائشہ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا، ولا تجھر بصلوتک "قرات میں جہر نہ کرو" والی آیت دعا کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

ابن مردویہ نے حضرت ابو ہریرہ سے یہ حدیث روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم جب گھر کے پاس نماز پڑھتے تو بلند آواز سے دعا فرماتے تھے اس پر یہ آیت نازل ہوئی اب ان دونوں روایتوں میں یہ کہیں نہیں ہے کہ تشہد سے دعا خاص ہے تو معلوم ہوا کہ جہر مطلقاً ہر صورت میں ممنوع ہے۔

جواب

ہم کہتے ہیں کہ اگر ہم یہ تسلیم ہی کر لیں کہ آیت کا مطلب جہر سے ممانعت ہے۔ خواہ وہ حد سے بڑھا ہوا نہ ہو پھر بھی یہ آیت شریفہ دعا کے بارے میں ہے۔ مطلقاً ذکر کے بارے میں نہیں ہے اور دعا میں خصوصیت سے خفا افضل ہے کہ وہ قبولیت کے قریب تر ہے، ہاں

اگر ضرورت پیش آئے تو دعا بھی جہراً کی جا سکتی ہے۔ بزازیہ میں ہے کہ وعظ و نصیحت کرنے والا شخص جب دعائے ماثورہ بلند آواز سے کرے اور تعلیم کی خاطر لوگ بھی اس کے ساتھ بلند آواز سے دعا مانگیں تو کوئی حرج نہیں ہے، ہاں اگر مل کر اسے عام کر دیں تو پھر جہر بدعت ہو گا۔

اسی لیے اللہ کریم نے سیدنا ذکریا علیٰ نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کے قصہ میں ارشاد فرمایا "جب اس نے اپنے پروردگار کو خفی ندا سے پکارا" اسی لیے تو نماز میں استعاذہ (اعوذ باللہ) سب کے ہاں آہستہ پڑھا جاتا ہے کیونکہ وہ دعا ہے، لیکن ہمارا مطلوب تو یہ ثابت کرنا ہے کہ مطلق ذکر میں جہر منع ہے، تو اس دلیل سے یہ ثابت نہ ہو سکا۔

چوتھی دلیل

اللہ کریم کا ارشاد عالی ہے۔ "اپنے رب کریم کو عاجزی اور آہستگی سے پکارو یقیناً وہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔"

زید بن اسلم نے اعتداء (زیادتی) کا مطلب بقول ابن ابی حاتم ذکر جہر لیا ہے۔ ابن جریر اور ابوالشیخ نے ابن جریج سے بھی یہی معنی نقل کیا ہے۔

جواب اس کے دو جواب ہیں۔

۱۔ ایک تو ہم ابھی ذکر کر چکے ہیں کہ دعا میں ایسی خصوصیت ہے جو باقی اذکار میں نہیں ہے، تو اب اگر دعا میں جہر منع ہو جائے تو اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ مطلقاً ذکر جہر باقی جگہوں پر بھی منع ہے۔

۲۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ لفظ اعتداء کی تفسیر میں کئی اور اقوال بھی ہیں۔ ابن ابی حاتم نے سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ اللہ کریم کے اس ارشاد لا یحب المعتدین "وہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا" کا مطلب یہ ہے کہ کسی مومن اور مومنہ کے لیے شر کی دعا نہ کرے کیونکہ زیادتی ہے۔ اسی طرح ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے ابو مجلز سے اس قول ربانی (لا یحب المعتدین) کا یہ معنی

کیا ہے کہ منازل انبیاء علیہم السلام اپنے لیے نہ مانگو۔

اس آیت مقدس کی وہ تفسیر سب سے اعلیٰ و راجح ہے۔ جس کی طرف امام سیوطی رحمتہ اللہ نے نتیجہ الفکر میں اور خیر رملی وغیرہ نے اشارہ کیا ہے کہ اعتداء سے مراد یہ ہے کہ جن باتوں کا شریعت نے حکم دیا ہے ان سے آگے بڑھ کر ایسی دعا کرنے لگ جائے جس کی اصل شریعت میں موجود نہیں ہے۔ اس پر دلیل وہ روایت بھی ہے جسے ابن ابی شیبہ عبد بن حمید۔ ابو داؤد' ابن ماجہ' ابن حبان' امام حاکم اور بیہقی نے عبد اللہ بن مغفل سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے اپنے بیٹے کو یہ دعا مانگتے سنا "اے اللہ! میں آپ سے جب جنت میں داخل ہوں تو اس کی دائیں طرف سفید محل کا سوال کرتا ہوں۔" آپ نے فرمایا "بیٹا اللہ کریم سے جنت مانگو اور جہنم سے پناہ چاہو' میں نے رسول محترم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو فرماتے سنا کہ اس امت میں کچھ لوگ ہونگے جو دعا اور طہارت میں حد سے بڑھ جائیں گے۔"

عباسی' ابن ابی شیبہ حمد' ابو داؤد' ابن منذر' ابن ابی حاتم' ابو شیخ اور ابن مردویہ نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے اپنے بیٹے کو یہ دعا کرتے سنا "اے اللہ! میں آپ سے جنت' اس کی نعمتیں اور اس کے ریشمی لباس مانگتا ہوں' اور جہنم' اس کی زنجیروں اور طوقوں سے پناہ چاہتا ہوں۔" یہ سن کر آپ نے کہا بیٹے! تم نے خیر کثیر مانگی ہے اور شر کثیر سے پناہ چاہی ہے' میں نے رسول کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کو فرماتے سنا ہے کہ کچھ لوگ ہوں گے' جو دعا میں حد سے بڑھ جائیں گے' اور پھر یہ آیت پڑھی لا یحب المعتدین آپ کو صرف اتنا کہنا چاہیے تھا' اے اللہ میں آپ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور ایسے قول و عمل کی توفیق مانگتا ہوں جو جنت کے قریب کر دے' میں جہنم سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور ایسے قول و عمل کی توفیق مانگتا ہوں جس سے جہنم سے بچ جاؤں۔" اب اس تفسیر راجح کے مطابق آیت کا وہ مفہوم ہی نہیں ہے جو ہمارا موضوع بحث ہے۔

پانچویں دلیل

ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بلند آواز سے ذکر کرنے والوں کو مسجد سے نکال دیا اور

فرمایا، میں تمہیں بدعتی ہی پاتا ہوں۔ [1]

اس کے بھی کئی جواب ہیں۔

۱ یہ اثر (قول صحابی) اگرچہ بہت سارے فقہا نے نقل کیا ہے، مگر حدیث کی کتابوں میں کہیں اس کا وجود نہیں ہے، بلکہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس کے خلاف (جواز ذکر جہر) ثابت ہوتا ہے۔

امام سیوطی رحمہ اللہ نے نتیجۃ الفکر میں لکھا ہے کہ اگر یہ اثر ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے تو اس کی سند چاہیے اور یہ بھی پتہ ہونا چاہیے کہ حفاظ حدیث میں سے کن حضرات نے یہ اثر اپنی کتابوں میں نقل فرمایا ہے، لیکن میں نے تو وہ دیکھا جو ابن مسعود سے اس اثر کے انکار پر مبنی ہے۔

حضرت امام احمد رحمہ اللہ نے کتاب الزہد میں نقل فرمایا ہے، ہمیں حسین بن محمد نے اپنی سند کے ذریعے ابو وائل کی یہ حدیث بتائی، انہوں (-ابو وائل) نے فرمایا، یہ لوگ جو گمان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ ابن مسعود ذکر جہر سے روکا کرتے تھے (یہ بالکل غلط ہے) میں جب بھی ان کی محفل میں بیٹھا تو انہوں نے ہر محفل میں اللہ کریم کا ذکر (جہر) فرمایا۔

۲ اگر ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے اثر کو صحیح بھی مان لیا جائے تو یہ صحیح اور صریح احادیث کے خلاف ہوگا جن احادیث سے ایسا ذکر جہر ثابت ہو جو حد سے بڑھا ہوا نہ ہو تو تعارض کی صورت میں وہ احادیث مقدم ہونگی۔ [2]

۳ تیسرا جواب وہی ہے جو بزازی نے اپنے فتاویٰ میں ذکر کیا ہے اور وہ پہلے گزر چکا ہے۔

چھٹی دلیل

بیہقی نے شعب الایمان میں، ابن حبان رضی اللہ عنہ اور امام احمد نے اپنی سند میں

---

[1] اس سے ثابت ہوا کہ سیدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ ذکر جہر کو بدعت سمجھتے تھے۔ مترجم)

[2] یعنی احادیث کے مقابلے میں قول صحابی کو چھوڑ دیا جائے اور عمل احادیث پر ہوگا۔ مترجم)

سعد بن مالک سے مرفوعاً صحیح سند سے روایت کیا ہے کہ "بہترین ذکر خفی اور بہترین رزق بقدر ضرورت... ہے۔" اس سے پتہ چلا کہ ذکر جہر شر ہے شر یا تو حرام ہوتا ہے یا مکروہ۔ [1]

جواب

یہ حدیث جہر سے ممانعت کی دلیل نہیں، بلکہ اس سے صرف یہ ثابت ہوتا ہے کہ ذکر سری افضل ہے اور اس میں تو کوئی اختلاف ہی نہیں، ہمارے اس دعویٰ کی دلیل یہ ہے کہ لفظ خیر دو طرح استعمال ہوتا ہے۔ صحاح کے مصنف اور دیگر ائمہ لغت یہی کہتے ہیں۔

۱ پہلا استعمال یہ ہے کہ اس سے مراد تفضیل (بہتر ہونا) تو ہو مگر افضلیت (سب سے بہتر ہونا) نہ ہو۔ اس وقت اس کی ضد اور مقابل لفظ شر ہو گا۔

۲ دوسرا استعمال یہ ہے کہ اس سے مراد افضلیت (سب سے بہتر ہونا) ہو۔ اس صورت میں اس کی اصل اخیر ہوگی، پھر ہمزہ (الف) کو تخفیف (لفظ کو ہلکا کرنا) کے لیے حذف کر دیا گیا۔

امام سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ سے اس حدیث حیاتی خیر لکم ومماتی خیر لکم میری زندگی تمہارے لیے خیر ہے اور میرا وصال تمہارے لیے خیر ہے) کے بارے میں پوچھا گیا کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ ان دونوں (زندگی اور موت) میں سے ہر ایک دوسرے سے خیر (بہتر) ہو، تو امام سیوطی نے جواب دیا کہ خیر دو معنوں میں مستعمل ہے، تو خیر اس حدیث میں پہلے معنی میں بھی مستعمل ہے، یعنی اس سے مراد صرف تفضیل ہے۔ افضلیت نہیں تو مطلب ہوا کہ حضور علیہ السلام کی ساری حیاتِ طیبہ اور وصال مبارک میں خیر ہی خیر (تفضیل) ہے۔

جب یہ معانی آپ کو سمجھ آ گئے تو ہم کہتے ہیں کہ خیر کا لفظ جو اس حدیث (خیر الذکر الخفی) میں آتا ہے، پہلے معنی تفضیل میں نہیں بلکہ دوسرے معنی (افضلیت) میں ہے تو مطلب یہ ہو گا، کہ ذکر خفی میں زیادہ بہتری ہے اور ذکر جہر میں اس سے کم بہتری ہے، اس کا یہ

---

[1] اب ذکر جہر ان دو باتوں سے خالی نہیں۔ مترجم)

مطلب ہرگز نہیں کہ جہر شر ہے' جیساکہ دلیل دینے والے صاحب سمجھ رہے ہیں' جو معنی ہم کررہے ہیں' وہ اس لیے زیادہ صحیح ہے کہ بے شمار صحیح و صریح احادیث سے ذکر جہر کا ثبوت ملتا ہے جلدی ہی وہ احادیث آپ کے سامنے آرہی ہیں' اس بات کو غور سے سمجھ لیں یہ مفید اور لطیف بات ہے۔ [1]

اب رہی ان لوگوں کی بات جو نفس جہر جائز مانتے ہیں تو ان کے کئی اقوی دلائل ہیں۔

ذکر جہر کے جواز پر دلائل

بخاری، مسلم، ترمذی، نسائی' ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کریم فرماتا ہے' میرے متعلق میرا بندہ جو گمان کرتا ہے میں اسے پورا کرتا ہوں اور میں اس کے ساتھ ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے' اگر مجھے اپنے جی میں ذکر کرتا ہے تو میں اسے اپنے جی میں ذکر کرتا ہوں' اگر مجھے گروہ میں ذکر کرتا ہے تو میں اسے ایسے گروہ میں ذکر کرتا ہوں جو اس کے گروہ سے بہتر ہوتا ہے' اگر میری طرف وہ ایک بالشت بڑھتا ہے تو میں اس کی طرف ایک ہاتھ بڑھتا ہوں' اگر وہ میری طرف ایک ہاتھ بڑھتا ہے تو میں اس کی طرف ایک باغ (دونوں ہاتھ پھیلانے کی مقدار کلاچ) بڑھتا ہوں' اگر وہ میری طرف چلتے آتا ہے تو میں اس کی طرف دوڑتا آتا ہوں۔"

حافظ عبد العظیم المنذری نے کتاب الترغیب والترهیب میں فرمایا کہ یہ حدیث امام محمد نے صحیح سند سے روایت کی ہے اور آخر میں یہ الفاظ بڑھائے ہیں' قتادہ فرماتے ہیں کہ

---

[1] یہاں تک علامہ عبد الحی نے ذکر جہر سے روکنے والوں کے دلائل بھی ذکر کیے اور ان کے علمی اور فکر مدلل جوابات بھی ذکر فرمائے جن سے ثابت ہو گیا کہ ذکر جہر سے روکنے کے جتنے دلائل ذکر کیے گئے ہیں ان سے مراد وہ معانی نہیں جو معترضین نے لیے ہیں' بلکہ یا تو ان کے معانی اور ہیں یا وہاں کئی احتمالات ہیں' جن کے ہوتے ہوئے ان حضرات کا استدلال صحیح نہیں ہے' کیونکہ مسلمہ بات ہے جب احتمال آ جائے تو استدلال ختم ہو جاتا ہے۔ اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال (مترجم)

اللہ تعالیٰ مغفرت میں جلدی فرمانے والے ہیں۔ [1]

علامہ جزاری نے مفتاح الحصن الحصین میں کہا ہے 'اس حدیث میں ذکر جہر کے جواز کی دلیل ہے اور یہ حدیث ذکر جہر سے روکنے والوں کے خلاف ہے۔ اس حدیث سے معتزلہ نے یہ دلیل لینے کی کوشش کی ہے کہ فرشتے انبیاء علیہم السلام سے افضل ہیں' حالانکہ اس میں ایسی کوئی دلیل موجود نہیں' کیونکہ ذکر کی محافل جمانے والوں میں انبیاء تو شامل نہیں ہوئے۔

امام سیوطی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ گروہ اور جماعت میں تو ذکر ہی ہوتا ہے تو حدیث سے جائز ثابت ہوا۔ [2]

۲ امام ترمذی' نسائی' ابن ماجہ' بزار' بیہقی (شعب الایمان) اور ابن ابی الدنیا نے کتاب الذکر میں ابن عباس سے مرفوعاً یہ حدیث روایت کی کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے' اے آدم کے بیٹے! جب تو تنہا مجھے یاد کرتا ہے تو میں بھی تنہا تجھے یاد کرتا ہوں' اور جب تو مجھے جماعت میں یاد کرتا ہے تو میں تجھے ایسی جماعت میں یاد کرتا ہوں' جو ان سے افضل ہوتی ہے اور ان سے مقدار میں بھی زیادہ ہوتی ہے۔

۳ علامہ طبرانی نے حضرت معاذ بن انس سے مرفوع حدیث یوں بیان کی کہ کوئی مجھے جب اکیلا یاد کرتا ہے تو میں بھی اسے اکیلا یاد کرتا ہوں اور جب مجھے گروہ میں یاد کرتا ہے تو میں اسے اعلیٰ گروہ میں ذکر کرتا ہوں۔ علامہ منذری فرماتے ہیں اس حدیث کی سند حسن ہے۔

۴ امام احمد اور علامہ بیہقی نے الاسماء والصفات میں حضرت انس سے یہ حدیث مرفوعاً روایت کی ہے' اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے ابن آدم! اگر تو مجھے اپنے جی میں ذکر کرتا ہے تو میں

---

[1] مطلب یہ ہے کہ اللہ کریم کے دوڑ کر آنے سے مراد جلدی بخشش دینا ہے یہ مجازی معنی ہوئے۔ مترجم)

[2] یہ حدیث صحاح ستہ میں سے پانچ حضرات اور ان کے علاوہ دو عظیم محدثین امام احمد اور علامہ بیہقی نے روایت کی' حافظ منزری' علامہ جزری اور علامہ سیوطی جیسے عظیم محدثین و شراح حدیث نے اس سے ذکر جہر کو ثابت فرمایا' تو ملت کے ان دس عظما نے عمل اولیاء پر حدیث پاک سے مہر تصدیق ثبت کر دی۔ (مترجم) یہ حدیث بھی مذکورہ بالا سات کتب میں موجود ہے۔ مترجم)

تجھے اپنے جی میں ذکر کرتا ہوں اور اگر تو مجھے جماعت میں ذکر کرتا ہے' تو میں تجھے اس سے بہتر جماعت میں ذکر کرتا ہوں اگر تو ایک بالشت میرے قریب آتا ہے' تو میں ایک ہاتھ تیرے قریب آتا ہوں۔

۵ بخاری' مسلم اور بیہقی نے الاسماء والصفات میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً" روایت کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے راستوں میں گھومتے پھرتے اہل ذکر کو تلاش کرتے رہتے ہیں' جب کچھ لوگوں کو ذکر کرتے پا لیتے ہیں تو پکارتے ہیں' اپنی حاجت کی طرف آؤ۔ [1]

سب فرشتے اکٹھے ہو کر اپنے پروں سے ذکر کرنے والوں کو ڈھانپ لیتے ہیں۔ آسمان تک وہ پھیلتے جاتے ہیں' جب محفل ختم ہوتی ہے اور وہ بکھر جاتے ہیں تو آسمان کی طرف چڑھتے ہیں۔ اللہ کریم ان سے پوچھتا ہے حالانکہ اللہ کریم کو تو سب کچھ معلوم ہے۔ [2]

تم کہاں سے آئے ہو؟ فرشتے جواب دیتے ہیں کہ ہم بندوں کے پاس سے زمین سے آ رہے ہیں' وہ بندے آپ کی تسبیح و تکبیر اور تہلیل کہہ رہے تھے۔ اللہ کریم پوچھتا ہے کہ انہوں نے مجھے دیکھا ہے۔ فرشتے جواب دیتے ہیں دیکھا نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے' اگر وہ مجھے دیکھ لیں تو' فرشتے عرض کرتے ہیں' اگر وہ آپ کو دیکھ لیں تو بہت زیادہ عبادت کریں۔ آپ کی بہت زیادہ عظمت و تقدس بیان کریں اور کثرت سے تسبیح بیان کریں۔ اللہ کریم فرماتا ہے' وہ کیا مانگ رہے تھے۔ فرشتے جواباً" عرض کرتے ہیں' وہ آپ سے جنت کا سوال کر رہے تھے۔ اللہ کریم پوچھے گا کیا انہوں نے جنت دیکھی ہے۔ فرشتے کہیں گے جی نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے' اگر وہ جنت دیکھ لیں تو (پھر کیا کریں گے) فرشتے جواباً" عرض کریں

---

[1] یہ پکار دوسرے فرشتوں کے لیے ہوتی کہ جس کے تم متلاشی ہو' ہم نے پا لی ہے لہٰذا آؤ محفل ذکر میں شامل ہو جاؤ۔ مترجم)

[2] اللہ تعالیٰ اس لیے نہیں پوچھتا کہ اس ذات پاک کو علم نہیں ہوتا' وہ سب کچھ جانتے ہوئے پوچھتا ہے۔ اسی طرح اگر نبی بھی کوئی بات پوچھ لے تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ نبی کو پتہ نہیں۔ پتہ ہوتے ہوئے پوچھا جا سکتا ہے۔ مترجم)

گے 'اگر دیکھ لیں تو ان کی خواہش و حرص میں بہت اضافہ ہو جائے اور طلب زیادہ ہو جائے اور رغبت عظیم ہو جائے۔ اللہ کریم پوچھیں گے 'کس سے پناہ چاہ رہے تھے۔ فرشتے عرض کریں گے، جہنم سے 'ارشاد ہو گا کیا انہوں نے جہنم دیکھی ہے۔ فرشتے عرض کریں گے' جی نہیں۔ فرمان ہو گا' اگر وہ اسے دیکھ لیں تو۔ فرشتے عرض کریں گے' اگر دیکھ لیں تو پوری قوت سے اس سے دور بھاگیں۔ اللہ کریم فرمائیں گے' میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے انہیں معاف کر دیا ہے' (یہ سن کر) ایک فرشتہ کہے گا' فلاں شخص تو محفل میں شامل نہیں تھا' وہ صرف ایک کام کے لیے آیا تھا۔ (تو پھر اس کی مغفرت کیسے ہو گئی!) اللہ کریم فرشتوں سے فرمائیں گے' یہ وہ لوگ ہیں' جن کی محفل میں بیٹھنے والا بدبخت نہیں رہتا۔

ایسی ہی ایک حدیث ابن حبان' ترمذی' ابو نعیم (نے حلیہ الاولیا میں) اور امام احمد وغیرہ نے بھی نقل کی ہے۔ [۱]

۶ ابن ابی شیبہ' امام احمد' مسلم ترمذی اور نسائی نے حضرت امیر معاویہ سے روایت بیان کی ہے' کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم اپنے صحابہ کے ایک حلقہ میں تشریف لائے۔ فرمایا تم کس وجہ سے یہاں بیٹھے ہو! صحابہ نے عرض کیا' اللہ کریم کے ذکر کے لیے بیٹھے ہیں اور اس کی حمد کر رہے ہیں' کہ اس ذات اقدس نے ہمیں اسلام کی ہدایت عطا فرما کر ہم پر احسان فرمایا' سرکار علیہ التسلیم نے فرمایا' اللہ کو گواہ کر کے کہہ رہے ہو کہ تم صرف اسی کے لیے بیٹھے ہو؟ صحابہ نے عرض کی جی حضور! اللہ تعالیٰ گواہ ہے کہ ہم صرف اسی کے لیے بیٹھے ہیں۔ سرکار علیہ السلام نے فرمایا' میں نے اس لیے تم سے قسم لے کر بات نہیں پوچھی کہ تم پر تہمت لگانا مطلوب تھا' بات یہ ہے کہ میرے پاس جبریل آئے اور مجھے بتایا کہ اللہ کریم تمہاری وجہ سے فرشتوں میں ناز فرماتا ہے۔ [۲]

---

[۱] سات محدثین کا تو مصنف نے نام لیا اور مزید فرمایا' کہ ان کے علاوہ باقی محدثین نے بھی اس روایت کو بیان کیا ہے۔ معلوم ہوا اس پر محدثین کا اجماع ہے اور یہ صحیح ہے۔ (مترجم)

[۲] مطلب یہ ہوا کہ یہ ذکر اللہ کریم کو فرشتوں کے ذکر سے بھی بڑھ کر محبوب ہے' لہٰذا تمہارے اس

۷ امام احمد رضی اللہ عنہ 'ابو یعلی' ابن حبان اور بیہقی نے حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اللہ کریم قیامت کو فرمائیں گے' آج مجمع کو پتہ چل جائے گا کہ آج اہل کرم کون ہیں؟ آپ سے عرض کیا گیا' یا رسول اللہ (سلام اللہ علیک) کون اہل کرم ہیں؟ آپ نے ارشاد فرمایا جو ذکر کی مجالس منعقد کرتے ہیں۔ [۱]

۸ امام احمد نے حضرت انس رضی اللہ سے روایت کرتے ہوئے فرمایا' کہ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ جب کسی صحابی کو ملتے تو فرماتے' آؤ ایک ساعت کے لیے اپنے رب کریم پر ایمان تازہ کرلیں۔ ایک دن جب یہی بات انہوں نے ایک آدمی سے

ذکر پر اللہ کریم کو ناز ہے۔ مجرد وجودوں کے ذکر سے مرکب وجودوں کا ذکر آگے بڑھ گیا ہے' حالانکہ علائق مرکب وجودوں کو ذکر سے روکتے ہیں' جو ان رکاوٹوں کو پھلانگ جاتا ہے' وہ یقیناً ان سے عظیم ہے جن کے راستے میں رکاوٹیں نہیں۔ یہ بھی بات یاد رہے کہ صحابہ کرام یہاں حلقے میں تھے' اگر ذکر کے حلقے ممنوع' حرام یا مکروہ ہوتے تو سید کل علیہ السلام انہیں روک دیتے' روکا نہیں اور جبریل کی زبان سے پیغام ربانی مل گیا کہ ان حلقوں کے ذریعے تو اللہ کریم فرشتوں پر ناز فرماتے ہیں' ہم سمجھتے ہیں کہ اس حدیث پاک نے تو سارا مسئلہ ہی صاف کر دیا' لطف کی بات یہ ہے کہ اسے بھی پانچ محدثین روایت کرتے ہیں' جن میں سے ایک متواتر کے چار اماموں میں سے ایک ہیں' یعنی امام احمد اور تین صحاح ستہ والے ہیں' مسلم' ترمذی اور نسائی اور ایک شہرہ آفاق محدث ہیں' ابن ابی شیبہ' اب فرمائیے' حدیث ضعیف تو نہیں ہے؟ اگر نہیں ہے تو پھر اس پر عمل کیا ہو گا؟ یہی تو عمل صحابہ ہے جن کا عمل معیار حق ہے کیا وہ آیات و احادیث انہیں معلوم نہیں تھیں' جو ذکر جہر سے روکنے والے حضرات ذکر فرماتے نہیں تھکتے؟ اگر معلوم تھیں تو اتنے صحابہ کا عمل خلاف قرآن ہو گا اور وہ بھی سید کل علیہ السلام کی موجودگی میں' استغفر اللہ' معلوم ہوا کہ صحابہ کرام کے ہاں آیت کا وہ مفہوم ہی نہیں تھا جو یہ حضرات سمجھ رہے ہیں۔

---

[۱] فرماتے اب بھی ذکر جہر کے جواز میں کوئی کمی رہ گئی ہے میدان محشر میں خود ذات ربانی فرما رہی ہے کہ آج سارے مجمع کو پتہ چل جائے گا کہ اہل کرم کون ہیں؟ اور رسول مکرم صلی اللہ علیہ وسلم اہل کرم کی خود نشان دہی فرما رہے ہیں۔

کہی تو وہ غصے میں آگیا اور حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگا حضور! آپ نے ملاحظہ فرمایا' عبداللہ بن رواحہ آپ کے اوپر دائمی ایمان سے ہٹ کر ایک ساعت کا ایمان تلاش کرتا ہے۔ سرکار علیہ السلام نے فرمایا' اللہ کریم رواحہ کے بیٹے پر رحم کرے یہ تو مجالس پسند کرتا ہے۔ جن سے فرشتوں پر ناز کیا جاتا ہے۔ علامہ منذری نے "الترغیب والترہیب" میں فرمایا' اس کی سند حسن ہے۔

۹ ابو یعلی۔ بزار اور طبرانی رضی اللہ عنہ نے حضرت انس سے روایت بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' جو لوگ صرف ذات ربانی کی رضا کے لیے اکٹھے بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں۔ انہیں آسمان سے پکارنے والا پکارتا ہے۔ اٹھو تم سب کی مغفرت ہو گئی ہے۔ تمہاری بدیاں نیکیوں سے بدل گئی ہیں۔ منذری کہتے ہیں' امام احمد نے بھی یہ حدیث ایسے راویوں سے بیان کی ہے۔ جنہیں صحیح حدیث کے لیے حجت جانا جاتا ہے' ہاں ان کے راویوں میں میمون ہیں۔ جنہیں ایک جماعت ثقہ مانتی ہے' مگر ان میں ضعیف ہے۔

۱۰ طبرانی نے سہل بن حنظلیہ سے روایت کیا کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' جو لوگ بھی مجلس لگا کر اللہ کریم کا ذکر کرتے ہیں' جونہی وہ اٹھتے ہیں' تو انہیں کہا جاتا ہے اس حال میں اٹھو تمہیں اللہ کریم نے بخش دیا ہے۔

۱۱ امام بیہقی نے حضرت عبداللہ بن مغفل سے روایت کیا ہے کہ رسول اکرم علیہ السلام نے فرمایا' جو لوگ بھی جمع ہو کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے بیٹھتے ہیں' انہیں آسمان سے پکارنے والا پکارتا ہے۔ تم اب اس حال میں اٹھو کہ تمہیں مغفرت مل گئی ہے۔

۱۲ احمد' مسلم' ترمذی' ابن ماجہ' ابن ابی شیبہ اور بیہقی نے حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ ان دونوں حضرات نے یہ شہادت دی کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا' جو لوگ بھی اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لیے اکٹھے بیٹھتے ہیں انہیں فرشتے گھیر لیتے ہیں۔ رحمت ان پر چھا جاتی ہے' اور سکون و طمانیت ان پر نازل ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے مقربین میں ان کا ذکر فرماتا ہے۔

۱۳ انہی دونوں (ابوہریرہ و ابوسعید) سے مرفوعاً محدث ابن ابی الدنیا نے یہ روایت لی

ہے کہ اہل ذکر کو چار چیزیں ملتی ہیں 'ان پر سکون نازل ہوتا ہے' رحمت ان پر چھا جاتی ہے' فرشتے ان کو گھیر لیتے ہیں اور اللہ کریم اپنے گروہ والوں میں ان کا ذکر کرتا ہے۔

۱۴ عبد ابن حمید (اپنی سند میں) اور حاکم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبیِ مکرم علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ کریم کے کچھ چلنے پھرنے والے فرشتے ہیں' جو زمین میں ذکر کی مجلسوں میں اترتے اور ٹھہرتے ہیں۔

۱۵ امام احمد اور ترمذی (ترمذی نے اس حدیث کو حسن بھی کہا ہے) نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا' جب جنت کے باغوں سے گزرو تو کچھ کھا لیا کرو۔ لوگوں نے عرض کی' حضور! جنت کے باغ کیا ہیں؟ سرکار نے فرمایا یہ ذکر کے حلقے ہیں۔ علامہ جزری حصن حصین کی شرح مفتاح میں کہتے ہیں کہ سرکار علیہ السلام نے باغوں سے مراد ذکر لیا اور ان محفلوں میں شرکت کو چرنے سے تعبیر فرمایا۔ [۱]

۱۶ ابن نجار نے مرفوعاً حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا اس روایت کو امام سیوطی نے اپنی کتاب "الحبائک فی احوال الملائک" میں نقل کیا ہے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ کے کچھ چلتے پھرتے فرشتے ہیں' وہ ذکر کے حلقوں کی تلاش میں رہتے ہیں۔ جب ایسے حلقوں کے پاس سے گزرتے ہیں' تو ایک دوسرے سے کہتے ہیں' ذرا بیٹھ جاؤ' جب ذکر والے دعا کرتے ہیں تو وہ ان کی دعا پر آمین کہتے ہیں۔ جب وہ نبی علیہ السلام پر درود بھیجتے ہیں تو وہ بھی درود بھیجتے ہیں۔ یہاں تک کہ سب فارغ ہو جاتے ہیں' پھر فرشتے ایک دوسرے سے کہتے ہیں ان سب ذکر والوں کے لیے خوشخبری ہے' یہ سب بخشے گئے ہیں۔ [۲]

۱۔ کتنی پیاری بات ہے کہ ذکر کے حلقے جنت کے باغ ہیں اور ان حلقوں میں ذکر کرنا جنت کا پھل کھانا ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ اہل ذکر اسی دنیا میں جنت کا پھل کھا رہے ہیں اور آخرت کی زندگی سے لطف اٹھا رہے ہیں۔ مترجم)

۲۔ ہمارا خیال ہے کہ اس حدیث پر خصوصاً ان حضرات کو توجہ دینی چاہیے جو رات دن ذکر کی محفلوں

۱۷ محدث بزار نے مرفوعاً حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے گھومتے رہتے ہیں، وہ ذکر کے راستے تلاش کرتے ہیں۔ جب ایسے حلقوں میں پہنچ جاتے ہیں تو انہیں گھیر لیتے ہیں، اور کہتے ہیں 'اے ہمارے پروردگار ہم تیرے ایسے بندوں کے پاس آئے ہیں جو تیری نعمتوں کو عظیم جانتے ہیں، تیری کتاب پڑھتے ہیں اور تیرے نبی پر درود بھیجتے ہیں، اور تجھے اپنی آخرت اور اپنی دنیا کے لیے سوال کرتے ہیں۔ انہیں اللہ کریم فرماتے ہیں کہ ان ذکر کرنے والوں کو میری رحمت سے ڈھانپ دو، یہ وہ ہم مجلس ہیں کہ جن کے شریک محفل بدبخت نہیں ہوتے۔

۱۸ امام احمد نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ انہوں نے سرکار علیہ السلام سے عرض کیا، یا رسول اللہ! مجالس ذکر کی غنیمت کیا ہے؟ سرکار علیہ السلام نے فرمایا، (اس کی غنیمت) جنت ہے۔ علامہ منذری فرماتے ہیں کہ امام احد نے بھی اسے سند حسن کے ساتھ روایت کیا ہے۔ [۱]

۱۹ ابو یعلی، حاکم (حاکم نے اس حدیث کو صحیح بھی قرار دیا ہے) اور دعوات بیہقی نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور علیہ السلام ہمارے طرف تشریف لائے اور فرمایا اے لوگو! اللہ کریم کے کچھ چلتے پھرتے فرشتے ہیں وہ مجالس ذکر میں اترتے اور وہاں ٹھہرتے ہیں، تو تم بھی جنت کے باغوں سے کھالیا کرو۔ لوگوں نے عرض کیا، حضور!

اور درود و سلام کے خلاف حرام و بدعت کی گردانیں کرتے رہتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اس کے جائز ہونے پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ یہ اس لیے بدعت ہے کہ یہ اب یجاد ہوا۔ فرمائیے حضرت ابو ہریرہ ابن النجار اور امام سیوطی بھی ان حضرات کے ساتھ اب ایجاد ہوئے ہیں۔ ساری امت دور صحابہ سے حسب فرمان رسول صلی اللہ علیہ وسلم ایک (جماعت) عمل کرتی آرہی ہے، اور یہ حضرات آج فرما رہے ہیں کہ اس کا وجود نہیں ہے، ہمارا خیال ہے کہ ان حضرات کا اپنا علمی وجود نہیں ہے۔ مترجم)

[۱] ابن عمر نے ذکر کو جہاد کے ساتھ تشبیہ دی، چونکہ جہاد کے بعد مال غنیمت ملتا ہے تو انہوں نے حضور سے پوچھا، پھر ذکر کے جہاد کے بعد مال غنیمت کیا ہوگا، ارشاد ہوا ذکر کا مال غنیمت جنت ہے، کہیں ذکر سے روکنے والے حضرات نے یہ ٹھیکہ تو نہیں لے رکھا کہ امت محمدیہ کو جنت سے محروم رکھنا ہے۔ مترجم)

جنت کے باغ کیا ہیں؟ ارشاد فرمایا ذکر کی مجلسیں اللہ کے ذکر میں صبح و شام کرو۔ منذری فرماتے ہیں ابن ابی الدنیا وغیرہ نے بھی یہ حدیث بیان کی ہے۔ ان سب حضرات کی اسناد میں عفرہ کا آزاد کردہ غلام (مولیٰ) عمر بن عبد اللہ آتا ہے۔ اور اسے نسائی اور ابن معین نے ضعیف قرار دیا ہے۔ امام احمد نے اسے قابل اعتبار قرار دیتے ہوئے نہ پایا (لاباس بہ) اس میں کوئی حرج نہیں۔ باقی سارے راوی معتبر اور قابل حجت ہیں اور یہ حدیث حسن ہے۔ [1]

۲۰ طبرانی نے صغیر میں سند حسن سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت لی ہے کہ نبی پاک علیہ السلام نے فرمایا، تم ہی تو وہ گروہ ہو جس کے متعلق اللہ کریم نے مجھے حکم دیا کہ میں اپنی ذات کو تمہارے پاس روکے رکھوں، پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی "محبوب! اپنے آپ کو ان کے ساتھ روکے رکھئے، جو صبح و شام اپنے پروردگار کو پکارتے ہیں۔" جو بھی تمہارے ساتھ بیٹھا اس کے ساتھ فرشتے بیٹھ گئے، اگر یہ لوگ اللہ کی تسبیح کرتے ہیں، تو فرشتے بھی تسبیح کرتے ہیں، اگر یہ اللہ کی حمد کرتے ہیں، تو فرشتے بھی اللہ کی حمد کرتے ہیں، وہ فرشتے پھر بھی اللہ کریم کی طرف جاتے ہیں۔ اللہ کریم ان سب باتوں کو جانتا ہے، مگر وہ پھر بھی دربار ربانی میں عرض کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار آپ کے بندے آپ کی پاکیزگی بیان کرتے ہیں، آپ تو پاک ہیں، وہ آپ کی حمد بیان کرتے ہیں تو ہم بھی آپ کی حمد بیان کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے، اے میرے فرشتو! میں تمہیں گواہ بنا کر کہتا ہوں میں نے انہیں بخش دیا ہے فرشتے کہیں گے، ان میں تو فلاں اور فلاں بھی ہیں۔ (یعنی وہ تو بخشش کے لائق نہیں ہیں) تو اللہ کریم ارشاد فرمائیں گے۔ (سب مغفور ہیں کہ یہ اہل ذکر) ایسے لوگ ہیں کہ ان کے ہم مجلس بد بخت نہیں ہوتے۔

۲۱ طبرانی نے حضرت عمرو بن عنبسہ رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث بیان کی ہے کہ میں نے رحمت عالم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو فرماتے سنا کہ اللہ کریم کے دائیں (حالانکہ اللہ کے

---

[1] ہم سمجھتے ہیں کہ امام احمد کی بات صحیح ہے۔ راوی معتبر ہے، کیونکہ اس کی تائید لاتعداد روایات سے ہو رہی ہے اور قاعدہ یہ ہے کہ اگر ضعیف حدیث یا ضعیف راوی کی تائید میں دوسری قوی حدیث یا دوسرا قوی راوی آ جائے تو وہ حدیث اور وہ راوی معتبر ٹھہرتے ہیں۔ مترجم)

دونوں دائیں ہیں) کچھ مرد ہیں' وہ نہ تو انبیاء ہیں اور نہ ہی شہدا ہیں ۔ ان کے چہروں کی دمک سے آنکھیں چندھیا جاتی ہیں۔ نبیوں اور شہیدوں کو بھی اس بات پر رشک آتا ہے کہ ان کی نشست گاہیں اللہ کریم کے کتنی قریب ہیں اور ان کو قرب کا کتنا بلند مرتبہ حاصل ہے۔ سید دارین علیہ السلام سے عرض کیا گیا حضور! یہ کون لوگ ہیں؟ فرمایا وہ مختلف قبیلوں کا مجموعہ ہیں' جو ذکر ربانی کے لیے اکٹھے ہوتے ہیں اور پاکیزہ اور نفیس کلام ذکر ربانی کے لیے منتخب کرتے ہیں۔ جیسے کھجوریں کھانے والا اچھی کھجوریں چن چن کا کھاتا ہے۔ منذری فرماتے ہیں اس کی سند قریباً صحیح ہے۔ اس میں کوئی حرج کی بات نہیں۔ (حدیث میں جو لفظ جماع۔ ج پر پیش اور میم پر شد۔ آیا ہے اس کا مطلب ہے۔ مختلف قبائل اور مختلف جگہوں کے ملے جلے لوگ)

نوازع نازعہ کی جمع ہے۔ اس کا معنی اجنبی ہے۔ حدیث کا مطلب یہ ہوا کہ ان کی باہمی قرابت داری ہے یا وہ ہم نسب ہیں' یا ایک دوسرے سے جان پہچان ہے' وہ تو صرف اللہ کے ذکر کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ [1]

۲۲ طبرانی نے حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے' اور منذری نے ان کی سند کو حسن کہا ہے' کہ نبی رحمت علیہ السلام نے فرمایا' قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کچھ لوگوں کو اس حال میں اٹھائے گا کہ ان کے چہرے نورانی ہونگے اور وہ موتیوں کے منبروں پر ہوں گے۔ لوگ ان پر رشک کریں گے' حالانکہ وہ نبی ہیں اور نہ شہید۔ ابو الدرداء فرماتے

---

[1] ایسی محفلیں صرف اولیائے امت کی ہوتی ہیں' جن میں لوگ صرف ذکر خداوندی کے لیے اکٹھے ہوتے ہیں ان میں نسبی تعلق نہیں ہوتا' رشتہ داری نہیں ہوتی۔ سوائے مرشد کے تعلق کے باہمی جان پہچان نہیں ہوتی' لہٰذا حدیث پاک پر عمل کرنے کے لیے یہ انداز جاری رہنا چاہیے' ورنہ بات وہی ہوگی۔

جنہیں حقیر سمجھ کر بجھا دیا تم نے وہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہوگی

ایسی محافل کو کوئی بدعتی ہی بدعت کہہ سکتا ہے۔ یہ محفلیں تو صحابہ کرام سجا کر سرور دو عالم سے داد وصول کرتے رہیں' انہیں روکنا کوئی بید رد ہی اپنا سکتا ہے۔ مترجم)

ہیں کہ (یہ سن کر) ایک بدوی (محفل میں) گھٹنوں پر کھڑا ہو کر عرض کرنے لگا کہ یا رسول اللہ! ان کے وصف بیان فرمائیں تاکہ ہم انہیں پہچان سکیں۔ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' وہ محض اللہ کریم کے لیے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں' وہ مختلف قبیلوں اور مختلف شہروں کے ہیں' جو اللہ کریم کے ذکر کے لیے اکٹھے ہوتے ہیں۔ [۱]

۲۳ امام حاکم' بیہقی (شعب الایمان) ابن حبان' امام احمد' علی اور ابن السنی رحمہم اللہ نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے' سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' ذکر خدا اس کثرت سے کرو کہ لوگ تمہیں دیوانہ سمجھیں۔ [۲]

۲۴ طبرانی نے حضرت ابن عباس سے روایت فرمائی ہے کہ سید کل علیہ السلام نے فرمایا' اللہ تعالٰی کا اس طرح ذکر کرو کہ منافق کہیں تم دکھلاوے کے لیے کر رہے ہو۔ امام سیوطی رحمہ اللہ اپنی کتاب "نتیجۃ الفکر فی الجہر بالذکر" میں فرماتے ہیں کہ ان دو حدیثوں (نمبر ۲۳۔ ۲۴) سے استدلال اس وجہ سے ہے کہ یہ بات اسی وقت صحیح ہو سکتی ہے جب ذکر جہر ہو ذکر سر نہ ہو۔

۲۵ بقی بن مخلد نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ سے یہ مرفوعاً روایت کیا ہے' کہ حضور علیہ السلام دو مجلسوں کے پاس سے گزرے ایک مجلس والے تو اللہ کو پکار رہے تھے اور اس کی رغبت دلا رہے تھے اور دوسری محفل والے علم پڑھ پڑھا رہے تھے۔ سرکار علیہ

---

[۱] حضرات پہچانئے یہ تو اولیاء کرام کے ہی مرید ہیں' جن کی باہمی محبت صرف اللہ کے لیے ہوتی مختلف جگہوں اور مختلف قبیلوں سے آتے ہیں' ان کا رشتہ پیر بھائی کا ہوتا ہے۔ مترجم)

[۲] اس ذکر میں دو باتوں کا ہونا ضروری ہے یہ جہری ہو تاکہ لوگ سنیں۔ بہت کثرت اور خود فراموشی سے ہو کہ ذاکر کو اپنا وجود بھی یاد نہ رہے اور تسلسل رکھنا کہ دنیادار دیکھ کر دنگ رہ جائے اور بے ساختہ اس کی زبان پر آئے' بھائی یہ لوگ تو پاگل ہو گئے ہیں۔ ذکر کی ایسی محافل اولیاء امت میں عموماً اور اولیاء نقشبند میں خصوصاً منعقد ہوتی ہیں' اگر شوق ہو تو ایسے درباروں میں جا کر ان حضرات کے ذوق کو چشم سر سے دیکھو' اس حدیث پاک کی تصدیق کی جا سکتی ہے۔ یہ حدیث بھی چھ معتبر کتابوں میں موجود ہے۔ اسے وہی غیر معتبر کہہ سکتا ہے کہ جس کے ہاتھ پر غیر معتبر ہونے کی مہر لگ چکی ہو گی۔ مترجم)

السلام نے فرمایا' دونوں مجلسیں سراپا خیر اور نیکی ہیں' مگر ایک محفل دوسری سے افضل ہے۔ [1]

۲۷ امام ابن مبارک' سعید بن منصور' ابن ابی شیبہ' امام احمد (زہد میں) ابن ابی حاتم ابو الشیخ (کتاب العظمۃ میں) طبرانی (کبیر میں) اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت ابن عباس سے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ پہاڑ دوسرے پہاڑ کو اس کا نام لے کر کہتا ہے کہ کیا تجھ پر سے آج کوئی اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا گزرا ہے؟ اگر وہ جواب دے کہ ہاں (گزرا ہے) تو وہ بہت خوش ہوتا ہے' پھر عبداللہ ابن عباس رضی اللہ نے یہ آیت پڑھی "تم تو ایک منکر چیز لائے ہو اس سے تو قریب ہے کہ پہاڑ بھی پھٹ جائیں۔"

۲۸ محدث ابو الشیخ نے اپنی کتاب العظمۃ میں حضرت محمد بن منکدر سے روایت کیا ہے کہ صبح دو پہاڑوں میں سے ایک دوسرے سے پوچھتا ہے' اس کا نام لے کر کہتا ہے کہ اے فلاں کیا تجھ پر سے آج کوئی اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا گزرا ہے؟ دوسرا پہاڑ کہتا ہے' جی ہاں (گزرا ہے) تو پہلا پہاڑ کہتا ہے' اللہ کریم نے تیری آنکھیں تو ٹھنڈی کر دیں آج مجھ پر سے تو کوئی ذاکر نہیں گزرا۔ [2]

۲۹ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے قرآن مجید کی اس آیت (ان پر آسمان اور زمین نہ روئے) کا مطلب بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ مومن جب مرتا ہے تو زمین کا وہ حصہ جس پر وہ نماز پڑھتا تھا' اور ذکر کیا کرتا تھا اس پر روتا ہے' ابن جریر نے اپنی تفسیر میں یہ حدیث نقل کی۔

۳۰ محدث ابن ابی الدنیا نے سلیمان بن عبدالملک کے ساتھی ابو عبید سے یہ روایت

---

[1] اہل علم نے محفل تعلیم و تعلم کو افضل قرار دیا' کیونکہ سرکار علیہ السلام دوسری روایت کے مطابق اس میں تشریف فرما ہوئے اور ارشاد ہوا "انما بعثت معلما" (مجھے معلم ہی بنا کر بھیجا گیا ہے۔ مترجم)

[2] پتہ چلا کہ ذکر جہر سے غیر جاندار بھی لطف اندوز ہوتے ہیں' پھر جان اور ایمان رکھنے والے بھلا اس ذکر کو کیسے حرام اور بدعت و مکروہ کہہ سکتے ہیں۔ مترجم)

نقل کی ہے کہ مومن بندہ جب مرتا ہے تو زمین کے مختلف خطے پکارتے ہیں' اللہ کا مومن بندہ مر گیا تو اس پر زمین و آسمان رونے لگ جاتے ہیں۔ رحمان جل جلالہ' ان دونوں سے پوچھتے ہیں کہ کیوں روتے ہو؟ تو دونوں عرض کرتے ہیں' اے ہمارے پروردگار اس لیے رو رہے ہیں کہ وہ ہمارے جس گوشہ میں بھی چلتا تھا' آپ کا ذکر ہی کرتا رہتا تھا۔ سیوطی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں' یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ زمین و آسمان کا رونا اسی وجہ سے تھا کہ وہ ذکر جہر کرتا تھا۔

۳۱ امام بیہقی نے زید بن اسلم سے وہ ایک صحابی سے روایت کرتے ہیں کہ میں ایک رات نبی پاک علیہ علیہ السلام کے ساتھ چل رہا تھا' حضور علیہ السلام مسجد میں ایک شخص کے پاس سے گزرے' جو بلند آواز سے ذکر کر رہا تھا' میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہو سکتا ہے کہ یہ ریا کر رہا ہو' آپ نے فرمایا' ریا کار نہیں' دربار خداوندی میں زاری کرنے والا ہے۔

۳۲۔ امام بیہقی نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ ایک شخص اپنی آواز ذکر کرتے ہوئے بلند کیا کرتا تھا' ایک شخص نے اسے کہا آواز کو پست رکھیں' سرکار علیہ السلام نے فرمایا' اسے اپنے حال پر رہنے دیں یہ عاجزی کرنے والا ہے۔

امام بیہقی نے حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے' ایک شخص جس کا نام ذوالبجادین تھا' اسے سرکار علیہ السلام نے اواہ (آہ و زاری کرنے والا) فرمایا' اور یہ اس لیے کہ وہ اللہ کریم کا ذکر کرتا تھا۔ [1]

۳۴۔ امام حاکم نے حضرت شداد بن اوس سے روایت لی کہ ہم محفل مصطفے علیہ السلام میں بیٹھے تھے۔ آپ نے فرمایا' اپنے ہاتھ اٹھاؤ اور لا الہ الا اللہ کہو' ہم نے حکم کی تعمیل

---

[1] ان تینوں حدیثوں سے پتہ چلا کہ محبت کی آگ دل میں جلتی ہے تو زبان سے بلند ذکر اور آہ زاری کی آواز بلند ہوتی ہے اور یہ اضطراری امر ہوتا ہے۔ یہ آواز رک نہیں سکتی' اگر جبر سے روکیں تو..... شراب محبت کے اس ذوق کا کھوکھلے دلوں کو پتہ نہیں ہوتا' سرکار علیہ السلام جو دلوں کے ڈاکٹر ہیں یہی بات ہمیں سمجھا رہے ہیں کہ مستانوں کو نہ روکو۔ مترجم)

کی، تو نبی علیہ السلام نے عرض کی 'اے اللہ! آپ نے مجھے یہ کلمات عطا فرما کر بھیجا ہے' اور مجھے ان کا حکم دیا ہے اور ان کے پڑھنے پر مجھ سے وعدہ فرمایا ہے' یقیناً آپ وعدہ خلافی نہیں فرماتے۔ [1]

۳۵ - ابن جریر اور طبرانی نے حضرت عبدالرحمان بن سہل سے نقل کیا ہے، جب یہ آیت نازل ہوئی "اپنے جی کو ان لوگوں کے ساتھ رکھئے جو اپنے رب کریم کو پکارتے ہیں۔" تو آپ اپنے کسی گھر میں تشریف فرما تھے' آپ گھر سے باہر تشریف لائے تو کچھ لوگوں کو ذکر کرتے پایا' آپ بھی ان کے ساتھ بیٹھ گئے اور فرمایا کہ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں' س نے میرا معاملہ یوں بنایا کہ میں ان کے ساتھ رہوں۔ [2]

۳۶ امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ نے کتاب الزھد میں نقل فرمایا ہے' ثابت فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان ایک گروہ میں تھے اور سب ذکر کر رہے تھے کہ نبی رحمت علیہ السلام کا وہاں سے گزر ہوا تو وہ خاموش ہو گئے۔ سرکار علیہ التسلیم نے فرمایا میں نے دیکھا کہ تم پر رحمت نازل ہو رہی ہے' تو میں نے چاہا کہ تمہاری محفل میں شریک ہو جاؤں۔

۳۷ - امام اصبہانی نے کتاب الترغیب والترھیب میں ابو رزین عقیلی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں تجھے وہ نہ بتاؤں جس پر سارے معاملے کا مدار ہے' عرض کیا گیا حضور فرمائیں' ارشاد ہوا مجالس ذکر کو اپنے لیے لازم سمجھ لے اور جب تنہا ہو تو اپنی زبان کو اللہ کے ذکر سے حرکت دیا کر۔ [3]

۳۸ - امام بیہقی اور اصبہانی نے مرفوعاً حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ اگر میں لوگوں کے ساتھ صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک ذکر کی محافل میں بیٹھ جاؤں تو مجھے ان سب چیزوں سے عزیز ہے' جن پر سورج نکلتا ہے (مراد ساری دینا ہے) اسی طرح اگر نماز عصر کے بعد لوگوں کے ساتھ سورج ڈوبنے تک ذکر کی محفل میں بیٹھ جاؤں تو مجھے ساری

---

[1] مطلب یہ ہے کہ جو حضرات اس پر ایمان لاتے ہیں' ان کی بخشش کا وعدہ ہے تو اسے پورا فرمائیں۔ مترجم)

[2] ثابت ہوا کہ دور نبوی میں ذکر کے حلقے ہوتے تھے' صحابہ کرام ذکر کے لیے اکٹھے ہوتے تھے اور کبھی سرکار عرش وقار علیہ السلام ان کی محفلوں کو منور فرمانے آجاتے تھے۔ مترجم)

[3] کتنی واضح حدیث ہے۔ محافل ذکر کی تلاش میں رہو اور مل کر ذکر کرو۔ مترجم)

دنیا اور جو کچھ اس میں ہے اس سے بڑھ کر محبوب ہے۔ [۱]

۳۹۔ امام ابو داؤد اور ابو علی نے حضرت انس سے مرفوعاً یہ حدیث نقل فرمائی ہے کہ اگر میں اللہ کریم کا ذکر کرنے والوں میں (نماز صبح کے بعد) سورج نکلنے تک بیٹھ جاؤں، تو میرے لیے اس سے زیادہ محبوب ہے کہ سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد سے چار غلاموں کو آزاد کروں، اسی طرح اگر بعد نماز عصر میں غروب شمس تک اہل ذکر کی محفل میں بیٹھ جاؤں تو چار اسمعیلی آزاد کرنے سے مجھے زیادہ محبوب ہے۔ [۲]

۴۰۔ بخاری و مسلم نے اپنی سندوں سے حضرت انس سے روایت کیا ہے، عمرو بن دینار سے مروی ہے کہ مجھے ابو معبد نے حضرت ابن عباس کے بہت سچے آزاد کرد غلام سے یہ حدیث بیان کی کہ ان (غلام) کے مولیٰ سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا، جب لوگ فرض نماز سے پلٹتے (فارغ ہوتے) تو عہد نبوی میں بلند آواز سے وہ ذکر کیا کرتے تھے۔ مذکورہ سند کے ساتھ دونوں حضرات، بخاری و مسلم نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ تکبیر کی بلند آواز سے میں سمجھ جاتا کہ نبی علیہ السلام کی نماز پوری ہو گئی ہے۔ [۳]

سوال

مسلم کی سند میں آتا ہے کہ عمرو بن دینار نے کہا، مجھے یہ حدیث ابو معبد نے بتائی تھی، پھر انہوں نے اس بات کا انکار کر دیا اور قاعدہ یہ ہے کہ جب اصل (اوپر والے کی روایت کرنے والا نیچے والا فرع) راوی کی روایت کا انکار کرے یا اس کی تکذیب کر دے تو اس روایت کا اعتبار ختم ہو جاتا ہے۔ [۴]

---

[۱] اس حدیث سے اوقات ذکر کی بھی ایک حد تک تعیین ہو گئی۔ مترجم)

[۲] اولاد اسماعیل علیہ السلام کی تخصیص اس لیے کہ وہ عربوں میں محترم و معزز تھے۔

[۳] یعنی جماعت ختم ہونے کا پتہ چل جاتا تھا، کیونکہ نماز کے ختم ہونے پر صحابہ رضی اللہ عنہم بلند آواز سے ذکر فرماتے اور تکبیر کہتے، جو ذکر ربانی ہے۔ مترجم)

[۴] مطلب یہ ہے کہ ابو معبد کے لیے عمرو بن دینار فرع ہیں۔ اصل (ابو معبد نے جب کہہ دیا کہ میں نے تمہیں یہ حدیث نہیں بتائی تو اس حدیث سے اعتبار اٹھ گیا۔ مترجم)

جواب

یہ سوال اس لیے نہیں کیا جا سکتا کہ ہم کہتے ہیں۔ محدثین کے نزدیک یہ مسئلہ مشہور اور اس کی تفاصیل یوں ہیں' کیا اصل تکذیب میں پختہ ہے یا نہیں؟ اگر پوری طرح تکذیب کرتا ہے تو اس کی تصریح کرتا ہے یا نہیں؟ اگر وہ تکذیب سختی سے نہیں کرتا مثلاً کہتا ہے مجھے یہ یاد نہیں ہے تو اب محدثین ایسی حدیث کو قبول کرتے ہیں اور اگر وہ پوری شدت سے صراحتہ۔ تکذیب کرتا ہے تو اب محدثین اس حدیث کو رد کر دیتے ہیں' اگر تکذیب تو کی ہے' مگر اس کی وضاحت نہیں کی تو ایسی حدیث کے رد و قبول میں اختلاف ہے۔ مندرجہ حدیث اسی گروہ سے متعلق ہے' کیونکہ اس روایت میں ابو معبد نے کہا ہے میں نے تمہیں یہ حدیث نہیں بتائی۔ ابن صلاح" نے خطیب" کی پیروی کرتے ہوئے ایسی حدیث کو رد کیا ہے' وہ مقدمہ اصول حدیث میں فرماتے ہیں کہ جب ثقہ (معتبر راوی) ثقہ سے روایت کرے' پھر مروی عنہ (جس سے روایت نقل کی گئی ہے۔ جیسے اوروں نے اصل کہا ہے۔ مترجم) نے رجوع کر لیا تو مختار بات یہ ہے اگر اس نفی میں اس نے پختگی ظاہر کی مثلاً کہہ دیا کہ میں نے یہ روایت نہیں کی یا کہے کہ تو نے مجھ پر جھوٹ باندھا وغیرہ۔ اب یہ بات روایت کی پختگی کے خلاف چلی گئی تو حدیث کا پتہ نہ رہا جب حدیث کے متعلق بے خبری (جہل) ثابت ہو گئی تو اس فرع کی حدیث رد کر دی جائے گی' لیکن یہ اس کے لیے جرح نہیں ہے' کیونکہ یہ استاذ نے اسے جھٹلا دیا ہے' تو دونوں میں تعارض آجائے گا۔[1]

ہاں اگر مروی عنہ کہتے ہیں کہ میں نہیں پہچانتا یا مجھے یاد نہیں ہے' وغیرہ تو ایسی حدیث سب محدثین' فقہا اور متکلمین کے نزدیک ساقط نہیں ہوتی' کچھ حنفی حضرات ایسی حدیث کو ساقط الاعتبار قرار دیتے ہیں۔ ان کا استدلال وہ حدیث ہے' جو سلیمان بن موسیٰ

---

[1] مطلب یہ ہوا کہ اصل نے فرع کو جھٹلا دیا تو ان دونوں میں تعارض آگیا۔ تعارض کی صورت میں حدیث ساقط ہو گئی' کیونکہ وہ معلوم ہی نہ رہی تو اصل کا اصل جہل (نا معلوم ہونا) قرار پایا' لہٰذا اس پر عمل ختم ہوا۔ مترجم)

نے زہری سے روایت کی ہے۔ زہری عروہ سے روایت کرتے ہیں اور عروہ حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا "جب عورت ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے تو اس کا نکاح باطل ہے۔" اس روایت میں ابن جریج ہیں فرماتے ہیں، جب میں زہری سے ملا اور اس کے بارے میں پوچھا تو زہری نے فرمایا کہ میں اسے نہیں پہچانتا، مگر صحیح وہی ہے، جو جمہور کا مسلک ہے کہ ایسی حدیث مقبول ہے۔ ابن صلاح نے دونوں صورتوں کو برابر قرار دیا۔ جب صراحۃ تکذیب کرتے ہوئے کہا ہو کہ اس نے مجھ پر جھوٹ باندھا، یا تصریح نہ کرتے ہوئے کہہ دیا کہ میں نے یہ روایت نہیں کی ہے۔ اسی کی پیروی حافظ ابن حجر رحمتہ اللہ نے شرح النخبہ میں کی، لیکن فتح الباری میں انہوں نے کہا کہ محدثین کے نزدیک (دوسری صورت میں جب کہا ہو کہ میں نے روایت نہیں کی) قبولیت راجح ہے، انہوں نے امام مسلم کے استدلال کو مانا اور اسی قول سے تمسک کیا، امام مسلم نے عمرو بن دینار کی مذکورہ حدیث لی اور ابو معبد کا یہ قول بھی نقل کیا کہ میں نے تمہیں یہ حدیث نہیں بتائی۔ اس کے باوجود اس حدیث کا لینا دلیل ہے کہ مسلم ایسی حدیث کو صحیح سمجھتے ہیں۔ امام نووی نے مسلم کی شرح میں فرمایا، امام مسلم کا اس حدیث سے حجت لینا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ ایسی حدیث کو صحیح مانتے ہیں جو اس انداز سے روایت ہوئی ہو کہ محدث خود اس کا انکار کر رہا ہو، بشرطیکہ اگلا راوی (فرع) کا ثقہ ہو۔ جمہور علماء، محدثین، فقہا اور ماہرین اصول --- کا یہی مذہب ہے، سب فرماتے ہیں کہ ایسی حدیث حجت ہے جب شیخ (اصل) بوجہ شک یا نسیان کے انکار حدیث کر رہا ہو یا یوں کہہ رہا ہو کہ مجھے یاد نہیں ہے ہاں احناف میں سے امام کرخی نے ایسی حدیث کو حجت نہیں مانا۔ اس ساری تحقیق سے ظاہر ہو گیا کہ ایسی حدیث کے قبول کرنے میں کوئی حرج نہیں بھلا ایسی حدیث کیوں نہ مانی جائے، جبکہ بخاری و مسلم نے اپنی اپنی صحیح میں نقل کیا ہے ہمارے لیے ان کی پیروی کافی ہے۔ [۱]

---

[۱] یہاں تک مصنف نے یہ ثابت کیا کہ حدیث نمبر ۴ متروک نہیں ہے۔ قابل عمل ہے، کیونکہ اس کے ایک راوی کے متعلق اس کے استاذ کے الفاظ اس کے خلاف جرح نہیں ہیں، بلکہ استاذ کو بات یاد نہیں ہے۔ شاگرد ثقہ ہے، لہذا بلاوجہ اسے غیر ثقہ قرار دے کر اس کی حدیث کو رد نہیں کیا جا سکتا اور جب بھی اصل (استاذ) کہے کہ مجھے یاد نہیں یا میں نے یہ حدیث بیان نہیں کی یا اسی قسم کے اور الفاظ ہوں تو ان سے فرع (شاگرد) غیر ثقہ نہیں ہو جاتا، کیونکہ اس کی ثقاہت مسلمہ ہے، یہی جمہور علمائے اسلام کا نظریہ ہے۔ صرف چند حضرات اسے تسلیم نہیں کرتے۔ مترجم)

ایک اور سوال

اگر آپ یہ سوال کر دیں کہ اگرچہ اس حدیث سے ذکر جہر ثابت ہوتا ہے، لیکن جمہور فقہائے احناف اور جمہور فقہائے شافعیہ کے نزدیک معمول بہ نہیں ہے، وہ سب کہتے ہیں کہ نماز کے بعد ذکر جہر مسنون نہیں، بلکہ ذکر سری مسنون ہے نصاب الاحتساب میں ہے اگر نماز کے بعد جہراً تکبیر کہیں گے تو یہ بدعت ہوگی اور مکروہ ہے یہ تکبیر بلند آواز سے صرف قربانی اور ایام تشریق میں ہی ہو سکتی ہے۔ [1]

ابن ابطال وغیرہ نے نقل کیا ہے کہ ارباب مذاہب متفق ہیں کہ ذکر بلند آواز سے نماز کے بعد کرنا مستحب نہیں ہے۔ امام شافعی نے حدیث کو اس معنی پر محمول فرمایا ہے کہ یہ جہر مختصر سے وقت کے لیے تھا، ہمیشہ کے لیے نہیں تھا۔

جواب

ہم کہتے ہیں کہ نماز کے بعد اگر ذکر جہراً استحباباً معمول نہیں تھا تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ مطلقاً جائز ہی نہیں ہے۔ حدیث سے مطلق جواز ثابت ہے، خواہ یہ کسی وقت بھی ہو، مطلوب ہمارا یہی ہے کہ مطلقاً جواز ثابت ہو جائے۔

۴۱ امام حاکم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ جو شخص بازار میں داخل ہو اور لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ، لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو علی کل شی قدیر (اللہ کے بغیر کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ واحد ہے اس کا کوئی شریک نہیں، ملک اسی کا ہے اور حمد کے لائق بھی وہی ہے، زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہر شئی پر قادر ہے) پڑھے اللہ تعالیٰ اسے ایک لاکھ نیکی عطا فرماتے ہیں۔ (کچھ اسناد میں ہے کہ بلند پڑھے)

---

[1] امام نووی نے صحیح مسلم کی شرح میں فرمایا، یہ حدیث دلیل ہے جو کچھ اسلاف نے فرمایا، کہ فرض نماز کے بعد بلند آواز سے ذکر مستحب ہے۔ اس مستحب کہنے والوں میں ابن حزم ظاہری ہیں، نہ تو آج ابن حزم کے پیروکار ہی سب سے زیادہ اسے بدعت کہنے میں پیش پیش ہیں، یعنی گنگا الٹی بہہ رہی ہے۔ (مترجم)

۴۲ محدث سعید بن منصور نے عبید بن عمیر کے واسطے سے سیدنا فاروق اعظم سے اور ابو عبید نے ایک اور سند سے حضرت فاروق اعظم سے اور بیہقی نے بھی فاروق اعظم سے اور امام بخاری نے بھی تعلیقاً" فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کیا کہ آپ نے اپنے قبہ منیٰ میں کہیں تکبیر فرماتے تو مسجد والے سن کر تکبیر کہتے سب بازاروں والے بھی تکبیر کہتے تو منیٰ کا پورا علاقہ تکبیر سے گونج اٹھتا۔

یہ احادیث ہیں ان سے اور ان کی مثل دیگر احادیث سے صراحتہ" بھی اور اشارۃ" بھی واضح ہے کہ ذکر جہر میں کوئی کراہت نہیں ہے' بلکہ ان احادیث میں تو اس بات پر بھی دلالت پائی جاتی ہے کہ ذکر جہر جائز اور مستحب ہے بھلا ایسا کیوں نہ ہو کہ ذکر جہر میں دلوں کو نرم کرنے اور رقت پیدا کرنے کا وہ اثر ہے جو سری میں نہیں ہے۔ حد سے بڑھا ہوا جہر (یعنی چلانا) شرعاً ممنوع ہے' اور جہر میانہ (غیر مفرط) بھی اس صورت میں ممنوع ہے جب اس سے کسی سونے والے یا نماز پڑھنے والے کو اذیت و تکلیف پہنچے یا اس میں ریاکاری کا شبہ پیدا ہو جائے یا غیر مشروع خصوصیات ذکر میں داخل کر دی جائیں یا اسے اسی طرح لازم و فرض قرار دیا جائے جیسے باقی ملزومات و فرائض ہیں۔ بہت ساری صباح چیزیں ہوتی ہیں' جن میں لزوم نہیں ہوتا اور انہیں لازم قرار دے دیا جاتا ہے یا ان میں تخصیص نہیں ہوتی تو ان میں اپنی طرف سے تخصیص پیدا کر دیا جاتی ہے تو وہ پھر مکروہ ہو جاتی ہے۔ علامہ علی القاری نے شرح مشکوۃ میں اور علامہ حصفی نے درالمختار میں اور دیگر علماء نے بھی اس کی تصریح کی ہے۔

آپ ہرگز یہ خیال بھی نہ کریں کہ ذکر جہر کا حکم حنفیوں کے اجماع کے خلاف ہے' کیونکہ یہ دعویٰ کہ سب حنفی ذکر جہر سے منع کرتے ہیں باطل ہے' علامہ بزازی نے اپنے فتاویٰ میں اسے جائز قرار دیا ہم یہ پہلے ذکر کر چکے ہیں۔ سید حموی نے اشباہ کے حواشی میں جو یہ بات لکھی ہے کہ بزازی کا کلام فتاویٰ میں مضطرب ہے' کبھی تو وہ اسے حرام کہتے ہیں اور کبھی جائز مانتے ہیں۔ صحیح نہیں ہے' کیونکہ بزازی نے خود تو جائز کہا ہے' اس کی حرمت انہوں نے فتاویٰ قاضی خان کے حوالے نقل کی ہے' لہٰذا ان کے کلام میں اضطراب نہیں۔ دوسرے حنفی جنہوں نے ذکر جہر کو جائز قرار دیا ہے وہ افضل متاخرین علامہ خیرالدین

رملی ہیں۔ جنہوں نے اپنے فتاویٰ میں جائز کہا اور یہ بھی پہلے گزر چکا ہے۔

جائز کہنے والوں میں شیخ عبد الحق محدث دہلوی بھی ہیں۔ انہوں نے اپنے رسالے "توصیل المرید الی المراد ببیان احکام الاحزاب والاوراد" میں فارسی زبان میں طویل کلام میں اس کے جواز کے بارے میں لکھا ہے۔ بندہ ان کی عبارت کو عربی میں نقل کر رہا ہے۔

"ہم کہتے ہیں جہر اور اعلان' ذکر و تلاوت میں اور مجالس و مساجد میں ذکر کے لیے اکٹھا ہونا جائز اور مشروع ہے۔ اس حدیث کی وجہ سے جس میں آتا ہے کہ "جو مجھے گروہ میں ذکر کرتا ہے میں اسے ایسے گروہ میں ذکر کرتا ہوں' جو اس کے گروہ سے افضل ہوتا ہے۔" اللہ کریم کا ارشاد ہے' (یوں ذکر) "جس طرح اپنے آباء کا ذکر کرتے ہو اس سے بھی بڑھ کر کرو۔" یہ بھی ذکر جہر کی دلیل ہے۔

صحیح بخاری میں ابن عباس سے مروی ہے' انہوں نے فرمایا' ہم لوگوں کا نماز سے فارغ ہو کر واپس لوٹنا صرف جہر ذکر سے ہی پہچانتے تھے۔ صحیح حدیث میں یہ بھی ہے کہ وہ بلند آواز سے چوتھا کلمہ لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو حیی لایموت ابدا ابدا ذوالجلال والاکرام بید الخیر وھو علی کل شی قدیر پڑھا کرتے تھے' کچھ روایات میں اس کلمے کو خاص طور پر نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد پڑھنا ثابت ہے۔

حضور علیہ السلام کے اس ارشاد "اے لوگو اپنی جانوں کو سکون و آرام پہنچاؤ' کیونکہ تم بہرے اور غائب کو نہیں پکار رہے ہو۔" کا سیاق بتاتا ہے کہ یہ ممانعت جہر کے غیر مشروع ہونے کے لیے نہیں تھی بلکہ سہولت و آرام کے لیے تھی' ورنہ سرکار کریم علیہ التسلیم کا اذکار و ادعیہ (دعاؤں) میں ذکر جہر فرمانا' لاتعداد مقامات پر ثابت ہے اور اسلاف کا اس پر عمل رہا ہے۔

صحیح بخاری میں ہے' صحابہ کرام جب خندق کھودنے میں مصروف تھے اور وہ بھوک کی تکلیف میں مبتلا تھے تو سید کل علیہ السلام نے ان کے حال کو ملاحظہ فرمایا' آپ فرما رہے تھے "'اے اللہ زندگی تو صرف آخرت کی زندگی ہے' انصار و مہاجرین کو بخش دے۔" یہ

سن کر صحابہ کرام جواب میں عرض کرتے، ''ہم وہ ہیں جنہوں نے پوری زندگی کے لیے سرکار رحمتہ للعالمین صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے بیعت کی ہے۔''

حاصل کلام یہ ہے، مخصوص مقامات اور معین جگہوں میں ذکر جہر کے وقوع میں تو کوئی اختلاف نہیں، کلام صرف اس بات میں ہے کہ اگر ایک واقعہ (قضیہ) مین کوئی حکم ثابت ہو جائے، کیا وہ اس بات کی دلیل بن سکتا ہے کہ وہ حکم عام ہو جائے یا ایسا نہیں ہو سکتا اب جو ذکر جہر کے خلاف ہے وہ کہہ سکتا ہے کہ شاید ان مواقع پر ذکر ہر کو کوئی خاص فائدہ ہو، جو دوسری جگہوں پر نہ پایا جاتا ہو یا یہ کہہ دے کہ ذکر اور دعا کو ملا کر پڑھنا جائز ہو اور ذکر یا دعا کو الگ الگ پڑھنا جائز نہ ہو، تو پھر ضروری ہے کہ وہ دلائل ذکر کیے جائیں جن سے ثابت ہو کہ یہ جواز عام ہے۔ ——— محض ذکر جہر کے لیے اکٹھا ہونا متفق علیہ حدیث سے ثابت ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت فرماتے ہیں کہ ''اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے راستوں میں ذکر کے حلقے تلاش کرنے کے لیے چکر لگاتے رہتے ہیں۔ (الحدیث) ایک اور روایت میں ہے کہ مسلمان حضرات جس کسی مجلس میں ذکر خداوندی کے لیے بیٹھتے ہیں، تو انہیں فرشتے گھیر لیتے ہیں۔ ان پر سکون نازل ہوتا ہے اور ان پر رحمت چھا جاتی ہے۔'' یہاں ذکر سے مراد علمی مذاکرہ یا اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی یاد، بعید از قیاس ہے، بلاوجہ کسی لفظ کو ایسے معنی پر محمول کرنا جو متبادر الی الذہن (ذہن میں فوری آجانے والا) نہیں ہے، ناجائز ہے۔[1]

یہ کہہ دینا کہ لوگ ذکر کے لیے اکٹھے ہوں تو اس سے جہر ثابت نہیں ہوتا، کیونکہ ان میں سے ہر ایک الگ الگ ذکر خفی بھی تو کر سکتا ہے، صحیح نہیں ہے، کیونکہ اگر ذکر سری کرنا تھا تو اس اجتماعی کا کیا فائدہ ہے۔

اب رہی دوسری بات کہ کیا صرف دعا کے لیے اکٹھا ہونا جائز ہے؟ تو یہ بھی جائز ہے امام حاکم نے مرفوعاً امام مسلم کی شرائط کے تحت یہ حدیث نقل فرمائی ہے'' کہ جو

---

[1] یعنی یہ کہنا کہ اس سے مراد علمی محافل ہیں ناجائز ہے۔ مترجم)

گروہ بھی اکٹھا ہوتا ہے' اور ان میں سے کوئی دعا مانگتے ہیں اور کوئی آمین کہتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کی دعا کو قبول فرما لیتے ہیں۔

اب رہا تلاوت کے لیے اجتماع تو وہ بھی اس حدیث سے ثابت ہے کہ "کہ جب لوگ اللہ کریم کے کسی گھر میں اکٹھے ہوتے ہیں اور قرآن پڑھتے ہیں' ایک دوسرے کو درس دیتے ہیں تو لازماً انہیں فرشتے گھیر لیتے ہیں۔" امام ندوی نے اس حدیث کی تصحیح فرمائی ہے۔

ان احادیث سے ہی علماء نے مساجد و مجالس میں احزاب (وظائف) و اوراد کا پڑھنا جائز سمجھا ہے۔

امام مالک اور ان کے ساتھی ان سب ادوار کو مکروہ سمجھتے ہیں' کیونکہ اسلاف نے اس طرح عمل نہیں کیا' وہ ان ذرائع کو بند کر کے بدعت کے مواد کو قطع کرنا چاہتے ہیں' تاکہ دین میں زیادتی نہ ہو اور لوگ واضح حق سے کہیں الگ نہ ہو جائیں اب کچھ واقعی ایسی باتیں ہونے لگ گئی ہیں' جن کا حضرت امام مالک کو خوف تھا اور وہ ان سے بچنا چاہتے تھے۔[1]

۴۳ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ نے مشکوٰۃ شریف کی شرح میں حضرت ابی بن کعب کی حدیث کی شرح کرتے ہوئے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب وتر کی نماز سے فارغ ہوتے تو سبحان الملک القدوس تین دفعہ فرماتے' تیسری دفعہ بلند آواز سے پڑھتے۔ اسے امام ابن ابی شیبہ' امام احمد اور دار قطنی نے روایت کیا ہے' (یہ ذکر جہر کی تینتالیسویں دلیل ہے) اس حدیث سے ثابت ہے کہ ذکر جہر مشروع ہے اور شریعت میں بلاشبہ ثابت ہے' لیکن افضل ذکر خفی ہے۔

اب ایک اور حنفی حضرت علی القادری سے بھی سنتے چلیں' وہ مرقات میں اسی حدیث کی شرح کرتے ہوئے مظہر سے نقل کرتے ہیں۔ اس سے ثابت ہوا کہ ذکر جہر نہ

---

[1] حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ نے صرف اس وجہ سے ممانعت فرمائی کہ دین میں کوئی ایسی بات شامل نہ ہو' جو دین میں سے نہیں' لیکن اگر ان محافل کو سنت کے تابع رکھا جائے جیسا کہ مشائخ عالی مقام کرتے ہیں تو پھر امام مالک کی ممانعت بھی نہیں رہے گی اور وہ اسے مکروہ نہیں فرمائیں گے۔ (مترجم)

صرف جائز بلکہ مستحب ہے، بشرطیکہ ریا سے بچا جائے اس طرح ذکر کرنے سے دین کا غلبہ ہوتا ہے، سامعین کو تعلیم ملتی ہے اور وہ غفلت سے بیدار ہو جاتے ہیں، ذکر جہر سے ذکر کی برکت وہاں تک پہنچتی ہے، جہاں تک آواز جاتی ہے۔ سب درخت، جانور اور ذرات اس برکت سے فائدہ پاتے ہیں، یہ سن کر دوسرے لوگ بھی اس خیر کی پیروی کرتے ہیں اور ہر رطب و یابس ذکر کرنے والے کے لیے گواہی دیتا ہے۔ [1]

ہاں کچھ مشائخ ذکر خفی کو پسند کرتے ہیں، کیونکہ اس میں ریا نہیں ہے، مگر یہ تو نیت پر موقوف ہے۔

یہ کوئی مخفی بات نہیں کہ علامہ علی القاری کا خاموش رہنا اور مظہر کی عبادت نقل کر کے اس کی تردید نہ کرنا جبکہ ان کی عادت اپنی سب تصانیف میں یہ ہے کہ وہ مخالف کی لازماً تردید کرتے ہیں۔ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ بھی ذکر جہر کو جائز قرار دیتے ہیں۔ حصن حصین کی شرح میں ان کی کچھ عبارات کا میلان بھی اسی بات کی طرف ہے، اگرچہ کچھ اور مقامات پر ان کی کچھ عبارات اس کے جواز کے خلاف ہیں۔

۴۴ چوالیسویں دلیل جواز یہ ہے کہ اصحاب سیر، سیرۃ شامیہ، مواھب لدنیہ وغیرہ نے ابن سعد سے اس واقعہ میں روایت لی ہے، جب حضرت محمد بن مسلمہ نے رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں سمیت (گستاخ رسول) کعب بن اشرف کو قتل کر دیا، جب وہ واپس پلٹے اور بقیع غرقد (جنت البقیع) میں پہنچے تو زور سے تکبیر کہی۔ حضور علیہ السلام اس رات میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔ ان لوگوں کی تکبیر سن کر سرکار علیہ السلام نے بھی تکبیر پڑھی، آپ کو معلوم ہو گیا کہ وہ اسے مار کر آ رہے ہیں۔ [2]

---

[1] علامہ علی القاری نے یہاں مظہر سے نقل کرتے ہوئے ذکر جہر کے چھ فائدے شمار فرمائے ہیں، ان سب پر خصوصی غور کرنا چاہیے۔ مترجم)

[2] صحاح میں بھی اس کے قتل کا واقعہ مندرج ہے۔ سرکار کریم علیہ التسلیم اس گستاخ کے قتل تک مسجد نبوی میں نماز ادا فرماتے رہے اور اپنے غلاموں کی واپسی کے منتظر رہے جونہی انہوں نے واپسی پر تکبیر بلند آواز کہی تو سید کل علیہ السلام نے بھی تکبیر سے ہی جواب دیا، یہ تکبیر اس کے قتل ہو جانے کا اعلان تھا۔ مترجم)

۴۵ نعیم ابو نعیم نے حلفیہ الاولیاء میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو مسلم خولانی بڑی کثرت سے بلند آواز سے تکبیر کہتے تھے' بچوں کو ساتھ ملا کر بھی وہ تکبیر کہتے اور فرماتے' اللہ کا ذکر اتنا کرو کہ جاہل تمہیں پاگل شمار کریں۔

۴۶ امام ابو نعیم نے ہی حضرت ابو یونس سے روایت کیا ہے کہ ایک دن حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو نماز پڑھائی' جب سلام پھیرا تو بلند آواز سے کہا (سب تعریفیں اس اللہ کریم کے لیے ہیں' جس نے دین کو ذریعہ قیام بنایا اور ابو ھریرہ کو امام بنا دیا' حالانکہ وہ تو مزدور (غلام) تھا۔

۴۷ ابو نعیم نے ہی مضارب سے نقل کیا ہے کہ میں ایک رات چل رہا تھا کہ دیکھتا ہوں کہ ایک شخص بلند آواز سے تکبیر کہہ رہا ہے میں نے اپنے اونٹ کو اس سے جاملایا اور پوچھا' یہ تکبیر کہنے والا کون ہے؟ جواب ملا میں ابو ھریرہ ہوں' میں نے پوچھا' اس وقت یہ تکبیر کس لیے ہے' انہوں نے جواب دیا' اللہ تعالیٰ کا شکر بجالایا ہوں۔

۴۸ محدث' بزار' طبرانی' ابو نعیم (حلیہ میں) بیہقی رحمہ اللہ (دلائل میں) اور ابن عساکر نے سیدنا عمر بن الخطاب کے اسلام لانے کے واقعہ میں لکھا ہے کہ جب سرکار علیہ السلام کی خدمت میں دار ارقم حاضر ہوئے تو عرض کیا' اشھد ان لا الہ الا اللہ وانک رسول اللہ (میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور یقیناً" آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں) (یہ دیکھ) دار ارقم والوں نے اتنے زور سے تکبیر کہی (نعرہ تکبیر بلند کہا) کہ مسجد حرام والوں نے آواز سنی۔

خلاصہ بحث

اس مقام پر خلاصہ بحث یہ ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ ذکر جہری سے ذکر سری افضل ہے' کیونکہ اس میں عاجزی و خفا ہے۔ اسی طرح اس میں بھی شک نہیں کہ چلانا (حد سے بڑھا ہوا جہر) بھی "اپنی جانوں کو پر سکون رکھو۔" والی حدیث کی وجہ سے ممنوع ہے۔

اب رہی بات عام جہر (جو حد سے بڑھا ہوا نہ ہو) کی تو احادیث بالکل ظاہر ہیں اور آثار بکثرت ہیں کہ وہ جائز ہے کوئی بھی دلیل اس کی حرمت و کراہت پر نہیں ہے۔ پھر

محدثین، شافعی فقہا اور بعض حنفی فقہا نے بھی اس کے جواز پر تصریحات کی ہیں۔ کتاب الحج میں نہایتہ کا قول بھی اس کی دلیل ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہمارے ہاں اذکار میں مستحب خفا ہے۔ ہاں جہاں ذکر جہر کا اعلان مقصود ہو (تو وہاں جہر ہی لازم ہے) مثلاً اذان، تلبیہ اور خطبہ مبسوط میں بھی اسی طرح ہے۔

ظاہر بات یہ ہے کہ جن لوگوں نے کہا ہے جہر حرام ہے، اس سے مراد حد سے بڑھا ہوا جہر ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ ان حضرات نے سرکار علیہ السلام کے اس ارشاد کو بطور استدلال پیش کیا ہے جس میں سرکار ابد القرار علیہ السلام نے فرمایا "اپنی جانوں کو پرسکون رکھو" آپ اس حدیث کے شان نزول پہچان چکے ہیں کیونکہ جہر مفرط پر یہ حدیث وارد ہوئی تھی۔ مطلقاً جہر کے بارے میں یہ حدیث نہیں تھی۔

پھر یہ بات بھی ذہن میں رہنی چاہیے کہ قطعی حرمت خبر واحد سے کیسے ثابت ہو سکتی ہے جو خود دلیل ظنی ہے۔ [1]

جن لوگوں نے کہا کہ ذکر جہر بدعت ہے، تو ان کا مطلب صرف یہ ہے کہ مخصوص طریقے سے اس کی ادائیگی اور ایک لازم و فرض چیز کی طرح اسے لازم قرار دے دینا شریعت میں کسی دلیل سے ثابت نہیں ہے اور اس پر بدعت کا لفظ انہوں نے صرف عید الفطر کی نماز کے لیے راستے میں تکبیر جہراً کہنے پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلند آواز سے مخصوص انداز پر یہ تکبیر کہنا صرف عید الاضحیٰ میں ہی وارد ہے۔ لہٰذا اسی انداز سے عید الفطر میں کہنا بدعت ہے۔ آپ اس مقام پر غور کریں تاکہ اصل مقصد واضح ہو جائے۔ یہاں بے شمار قدم پھسلے ہیں۔ کئی گروہ اس مقام پر حیرت زدہ ہوئے ہیں۔ رد و قبول میں جلد بازی

---

1. علامہ نے بہت اچھا نکتہ بیان فرمایا ہے، ان کی دلیل کا خلاصہ یہ ہے کہ خبر واحد (ایک راوی کی روایت) دلیل بھی ہوتی ہے۔ اس سے قطعی اور حقیقی حرمت ثابت نہیں ہوتی تو پھر زیر بحث موضوع میں چونکہ خبر واحد ہے اس سے حقیقی حرمت ثابت نہیں ہو سکے گی، پھر ذکر جہر کیسے حرام ہو گا۔ مترجم)

سے بچنا چاہیے کیونکہ جلد بازی عوام کا طریقہ ہے۔[1]

تتمہ

ذکر سری اور ذکر جہری کے علاوہ یہاں ایک اور ذکر بھی ہے جسے ذکر قلبی کہتے ہیں۔ بعض فقہا نے تو سرے سے اس کا انکار کر دیا۔ کہنے لگے یہ کچھ بھی نہیں ہے۔ حق بات یہ ہے

کہ یہ سینہ زوری ہے۔ کیونکہ ذکر (یاد) بمقابلہ نسیان (بھول) ہے اور یہ دونوں (ذکر و نسیان) دراصل دل کے فعل ہیں' زبان کے نہیں۔ وہاں ذکر لسانی (زبان کا ذکر) کے لیے مخصوص علامات اور معلوم احکام ہیں جو ذکر قلبی کے لیے نہیں ہیں لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ فعل قلب پر اطلاق ذکر کی نفی کر دی جائے۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اپنے رسالہ "تنبیہ اہل الذکر برعایتہ آداب الذکر" میں ذکر کیا ہے کہ "حصن حصین کی شرح "الحرز الثمین" میں ہے "جس نے مجھے اپنے جی میں ذکر کیا تو میں اسے اپنے جی میں ذکر کرتا ہوں" (الحدیث) اس حدیث میں دلیل ہے کہ ذکر قلبی افضل ہے۔ پھر زبان کا سری ذکر ہے۔ کیونکہ یہ وارد و منقول ہے کہ ذکر خفی کو محافظ فرشتے بھی نہیں سنتے تو اس کا ثواب ستر گنا زیادہ ہے۔ یہ بھی آتا ہے کہ سب سے بہتر ذکر خفی ہے۔

اس کتاب میں مصنف کے اس قول "ہر مشروع ذکر خواہ واجب ہو یا مستحب قابل اعتماد و قابل شمار نہیں ہے جب تک اس کا اپنا جی اسے نہ سنے" کی شرح میں علامہ شارح فرماتے ہیں یہ صرف ان اذکار کے لیے ہے جن کے بارے میں شارع علیہ السلام نے فرمایا

---

[1] معلوم ہوا کہ لفظ بدعت اصحاب علم نے صرف ان تکبیرات پر استعمال کیا ہے' جو عید اضحیٰ والی تکبیرات کی طرح ان سب لوازمات کے مطابق پڑھی جائیں۔ رہا اہل تصوف کا ذکر جہر تو اس کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں اور نہ ہی اس سے ان حضرات نے بدعت کہا ہے۔ پتہ چلا کہ محدثین و فقہاء نے حرام اور بدعت اور معنوں میں استعمال فرمایا تھا اور کچھ لوگوں نے اسے اصطلاحی معنوں میں استعمال کر کے خواہ مخواہ خلط مبحث کر دیا اور امت کے عطر "اولیاء ملت" کے عمل پاک کو حرام اور بدعت کہہ دیا۔ (مترجم)

کہ انہیں زبان سے ذکر کیا جائے۔ مثلاً نماز کی قرات، تشہد، تسبیحات نماز وغیرہ۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ زبان سے لفظ ادا کیے بغیر اگر دل میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جائے تو شرعاً وہ قابل اعتبار نہیں کیونکہ اس کا اعتبار کیے بغیر ذکر دوام تو حاصل ہی نہیں ہوتا۔ تو پھر یہ اذکار کی افضل قسم ہوئی۔

محدث ابو یعلیٰ موصلی نے اپنی سند میں حضرت سیدہ عائشہ سلام اللہ علیہا سے مرفوعاً ذکر کیا ہے کہ سب سے افضل وہ خفی ذکر ہے جسے محافظ فرشتے بھی نہیں سنتے۔ قیامت کے دن فرشتوں سے کہا جائے گا دیکھو اس کا کوئی عمل باقی رہ گیا ہے؟ فرشتے جواب دیں گے جو ہمارے علم اور حفاظت میں بات تھی، وہ سب ہم نے لکھ لی اور جمع کرلی (کچھ بھی باقی نہیں ہے) اللہ تعالیٰ اس بندے کو فرمائیں گے میرے پاس تیری اور نیکی بھی ہے جس کا تجھے بھی علم نہیں۔ میں اس کا بھی تجھے بدلہ دوں گا اور وہ یہ ہے ذکر خفی۔ امام سیوطی رحمہ اللہ نے اسی طرح "البدور السافرہ فی احوال الاخرۃ" میں ذکر کیا ہے۔

جامع میں ہے کہ بہترین ذکر خفی ہے اور بہترین رزق بقدر کفایت ہے۔ اسے امام احمد ابن حبان اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

ذکر قلبی کے تابع ذکر نفسی بھی ہے۔ ذکر نفسی یہ ہے کہ سانس لیتے اور سانس نکالتے وقت لا الہ الا اللہ کا ذکر کیا جائے۔ یا اسی طرح کسی اور لفظ سے کیا جائے (مثلاً اللہ ھو) یہ حسین ذکر ہے۔ اس سے فرشتوں سے مشابہت ہو جاتی ہے۔ محدث ابو الشیخ نے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی "وہ رات دن تسبیح کہتے ہیں" کے ضمن میں حضرت حسن سے روایت لی ہے کہ فرمان خداوندی ہے کہ میں نے ان کے سانس ہی ان کی تسبیح بنا دیے ہیں۔

شیخ ابن منذر، ابن ابی حاتم، بیہقی، (شعب الایمان) اور ابو الشیخ نے عبداللہ بن حارث سے روایت لی ہے کہ میں نے حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اللہ کریم کے اس ارشاد پاک "وہ ذکر چھوڑتے ہی نہیں ہیں" کا کیا مطلب ہے؟ انہوں نے آخر پیغام خداوندی بھی پہنچانا ہوتا ہے اور بھی تو کئی کام کرتے ہوتے ہیں۔ اس کے جواب میں حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا ان کے لیے تسبیح بالکل ایسے ہے جیسے آپ لوگوں کے لیے

سانس ہے۔ کیا آپ کھاتے پیتے' اٹھتے' بیٹھتے' آتے جاتے اور بولتے ہوئے سانس نہیں لیتے رہتے۔ اسی طرح ان کے لیے تسبیح ہے۔ وہ رات دن تسبیح کہتے ہیں اور اسے ختم نہیں کرتے۔ تو یہ حدیث ذکر نفسی کے لیے ایک اصل اصیل (بنیاد) اور عظیم ماخذ ہے۔ اسے یاد فرمائیے۔ یہ وقت کا عطیہ اور فیضان ہے۔

دوسراباب

(وہ مقامات جہاں شریعت نے جہر کا حکم دیا ہے)

اذان:

شرع نے اذان کہنے کا حکم دیا ہے۔ اس پر سب اہل علم متفق ہیں۔ ہونا بھی تو یہی چاہیے۔ کیونکہ اذان اطلاع اور خبردار کرنے کے لیے ہوتی ہے اور وہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ وہ بلند آواز سے ہو۔ لہٰذا فقہا نے تصریح فرمائی ہے کہ موذن کا بلند آواز ہونا مستحب ہے۔ انہوں نے یہ بات حضرت عبداللہ بن زید کے خواب میں اذان سننے کے قصے سے اخذ کی ہے کہ جب انہوں نے خواب کے الفاظ سید کل علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیے تو سرکار علیہ التسلیم نے فرمایا بلال کو یہ کلمات بتاؤ۔ کیونکہ ان کی آواز تم سے اونچی ہے۔ وہ اٹھے اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بتاتے گئے اور بلال اذان کہتے گئے اور پھر سرکار علیہ السلام کی حیات طیبہ میں وہی آپ کے موذن رہے۔ ابوداوٗد' ترمذی' ابن خزیمہ (اپنی صحیح میں) اور امام احمد نے مسند میں اسی طرح ذکر کیا ہے۔ امام احمد کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ پھر حضرت بلال اذان کہتے رہے۔ پھر ایک صبح نماز صبح کے لیے حضور علیہ السلام کو بلانے آئے۔ بتایا گیا کہ سرکار کریم علیہ التسلیم ابھی آرام فرمارہے ہیں۔ حضرت بلال نے بلند آواز سے کہا "الصلوۃ خیر من النوم" پھر یہ کلمہ بھی صبح کی اذان میں شامل کرلیا گیا۔ ابن حبان نے اپنی صحیح میں اور ابن ماجہ وغیرہ نے بھی عمدہ سندوں سے یہ حدیث نقل کی ہے۔

عینی شرح ہدایتہ میں ہے کہ یہ مستحب ہے کہ موذن اپنی آواز بلند کرے۔ حضرت ابو محذورہ والی حدیث میں یہ الفاظ ہیں کہ اپنی آواز پلٹایئے اور آواز کو خوب کھینچیے اور

حضرت عبداللہ والی حدیث میں ہے یہ الفاظ بلال کو بتایئے کیونکہ ان کی آواز تمہاری آواز
سے اونچی ہے۔ کیونکہ اذان کا مقصد دوسروں کو آگاہ اور اطلاع کرنا ہے۔ لہٰذا موذن کے
لیے افضل بات یہ ہے کہ وہ ایسی جگہ پر ہو جہاں سے اردگرد کے لوگ اچھی طرح سن
سکیں۔ مثلاً میذنہ (اذان کا مینار) وغیرہ۔ کیونکہ ابو بردہ سلمیؓ والی حدیث میں ہے کہ مینار پر
اذان کہنا سنت ہے۔ اقامت (تکبیر) مسجد کے اندر ہونی چاہیے۔ یہ ابوالشیخ اور حافظ
ابوالقاسم تمام بن محمد رازی نے نقل کیا ہے لیکن یہ مناسب نہیں کہ اپنے نفس کو حد سے
بڑھ کر زیر عمل کرے۔ اس طرح تو ضعف اور کمزوری پیدا ہوتی ہے۔ جامع المضمرات میں
ہے کہ طاقت سے بڑھ کر آواز بلند کرنا موذن کے لیے مکروہ ہے۔

آوز بلند کرنے کے استحباب سے کئی مسائل متفرع ہوتے ہیں

(الف) مستحب یہ ہے کہ انگلیاں کانوں میں ڈال لے تاکہ آواز بلند ہو سکے
"ہدایہ" میں ہے کہ موذن کے لیے یہ افضل ہے کہ انگلیاں دونوں کانوں میں ڈالے۔ اگر
ایسا نہ کیا تب بھی ٹھیک ہے کیونکہ یہ سنت املیہ نہیں ہے۔ شارحین ہدایہ کا اس جملہ کی
شرح میں اختلاف ہے (کہ انگلیاں کانوں میں نہ ڈالیں تو بھی حسن ہے) صاحب "الدرایہ"
کا قول ہے کہ اذان حسن ہے ترک فعل (کانوں میں انگلیاں نہ ڈالنا) اچھا نہیں۔ کیونکہ اس
کا حکم تو سید کل علیہ السلام نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو دیا تھا۔ اس کا چھوڑنا بھلا کیسے
حسن ہو سکتا ہے۔ لیکن چونکہ وہ اصلی سنتوں میں شامل نہیں ہے تو اس کا چھوڑنا حسن اذان
کے زوال کا سبب نہیں بن سکتا۔ صاحب "عنایہ" نے اس کی اتباع کی ہے۔

سروجی نے "غایہ" میں یہی کچھ لکھا ہے۔

"تاج الشریعہ" فرماتے ہیں کہ صاحب ہدایہ نے اس لیے اس طرح لکھا ہے کہ
کانوں میں انگلیاں ڈالنا اذان میں اصل اور مشہور سنتوں میں شامل نہیں ہے۔ خواب والی
حدیث میں بھی کانوں میں انگلیاں ڈالنے کا ذکر نہیں ہے۔ حالانکہ اذان میں مشروع ہونے
والی باتوں کا سبب تو یہی خواب والی اذان تھی۔

"نہایہ" والے مصنف فرماتے ہیں حسن سے مراد حسن اذان ہے۔ "فوائد ظہیریہ"
میں یہی مذکور ہے۔ شیخ کا قول ہے کہ اس کی مثال حضور علیہ السلام کا حضرت عمر کو فرمانا

اگر وہ لوٹیں تو تم بھی لوٹو۔ یعنی اگر وہ پھر جبر کریں تو تم بھی اپنی جان بچانے کے لیے ایسا ہی عمل کرو۔ "غایۃ البیان" کے مصنف کہتے ہیں کہ افضل یہ ہے کہ دونوں انگلیاں دونوں کانوں میں ڈالی جائیں۔ اگر یہ افضل ہے کوئی چیز پھر فاضل بھی ہونی چاہیے۔ تو جب اس کا کرنا افضل ہو گا تو اس کا نہ کرنا اور چھوڑ دینا فاضل ہو گا۔ [1]

یہ تھا شارحین ہدایہ کا کلام۔ ان سب کے بعد عینی آئے تو سب کی تردید کر دی۔ انہوں نے کہا کہ یہ سب دائرہ سے نکل گئے ہیں۔ کیونکہ یہ ترکیب اگرچہ غریب و اجنبی ہے مگر ان تاویلات کو قبول نہیں کرتی۔ اس کی تفصیل یوں ہے کہ صاحب ہدایہ کی اس عبارت (لم یفعل) میں ضمیر مرفوع موذن کی طرف راجع ہے اور مفعول محذوف ہے اور فحسن جواب شرط ہے۔ یعنی اس جملے کا معنی یہ ہے۔ اس کا ایسا نہ کرنا (کانوں میں انگلیاں نہ ڈالنا) حسن ہے (اسی معنی سے تو بچنے کے لیے شراح ہدایہ نے مندرجہ بالا تاویلات کی تھیں) جن حضرات نے یہ بات کہی ہے کہ یہ سنن اصلیہ میں شامل نہیں ہے ان کی یہ بات بھی بے معنی ہے کیونکہ ان کا مطلب یہ ہے کہ سنت کی دو قسمیں ہیں۔ اصلی اور فرعی۔ اس طرح کی تقسیم تو کسی نے بھی نہیں کی ہے بلکہ جس کا بھی حکم سید کل علیہ السلام نے دیا ہے، وہ حسن ہے تو پھر یہ (کان میں انگلی ڈالنا) کیوں سنت اصلیہ نہیں بنی۔ اس کے سنت اصلیہ ہونے کے بارے میں تو محدثین نے کئی احادیث بھی نقل کی ہیں۔ سروجی کا کہنا ہے کہ اس کے بغیر بھی اذان حسن ہے۔ بذات خود یہ قول حسن نہیں ہے کیونکہ اذان اس کے بغیر کیسے حسن ہو سکتی ہے۔ جب کہ اس کا حکم خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا ہے۔

سغناقی کا یہ کہنا کہ ظہیریہ میں لفظ حسن مذکور ہے بالکل بودی بات ہے۔ کیونکہ حسن کے لفظ کی نسبت اذان کی طرف کرنا کوئی عجیب اور نرالی بات نہیں ہے۔ ان کا یہ کہنا بھی کہ

---

[1] مطلب یہ ہے اسم تفضیل اسم فاعل پر زیادتی کا نام ہے۔ جب اسم تفضیل والی زیادتی ختم ہوتی ہے تو اسم فاعل باقی رہ جاتا ہے۔ یہاں اسم تفضیل افضل ہے افضل نہ رہا تو اس کا اسم فاعل فاضل باقی رہ جائے گا۔ جب کانوں میں انگلیاں ڈالنا افضل ہوا اور وہ نہ رہا، یعنی انگلیاں کانوں میں نہ ڈالی گئیں تو یہ فاضل ہو گا اور فاضل ٹھیک (حسن) ہی ہوتا ہے۔ مترجم)

شیخ نے کہا ہے بالکل ضعیف بات ہے۔ یہ اس کی نظیر دور از کار تاویلات سے ہو سکتی ہے
(جو اچھی بات نہیں)

"غایت البیان" کے مصنف کا قول (افضل نہیں فاضل والی بات) تو ترکیب
دائرہ سے ہی خارج ہے۔ اس مقام سے بچ نکلنے کی اس کے علاوہ اور کوئی صورت نہیں
کہ اصل عبارت یوں سمجھی جائے۔ اگر موذن نے اپنی دونوں انگلیاں دونوں کانوں م
نہیں ڈالیں بلکہ کانوں کے اوپر رکھ دی ہیں تو بھی حسن ہے۔ کیونکہ امام احمد نے حضرت ا
محذورہ کی حدیث میں روایت کیا ہے کہ انہوں نے چاروں انگلیاں ملالیں اور اپنے دونو
کانوں پر رکھ دیں۔ اس سے اشکال (جو صاحب ہدایہ کے کلام سے پیدا ہوا تھا) زائل
جائے گا۔

ایک سوال

یہ نہیں کہا جا سکتا کہ انگلیوں کو کانوں میں رکھنا کیسے مستحب ہوگا۔ جب کہ ابن ماجہ
روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال کو حکم دیا کہ وہ اپنی انگلیا
اپنے دونوں کانوں میں رکھیں۔ فرمایا اس طرح تمہاری آواز زیادہ اونچی ہوگی۔ مستدر ک
میں امام حاکم نے عبداللہ بن عمار بن سعد قرظی سے روایت کی ہے۔ وہ اپنے باپ (عم
سے) وہ سعد القرظ (یہ بھی حضور کے ایک موذن تھے) سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کر
صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال کو فرمایا جب تم اذان کہو تو دو انگلیاں دو کانوں میں ڈ
لو۔ اس سے تمہاری آواز بلند ہوگی۔ سروجی نے ہدایہ کی شرح میں لکھا ہے کہ ابن حبان
روایت کیا کہ رسول اقدس علیہ السلام نے حضرت بلال کو حکم دیا کہ وہ اپنی دو انگلیاں ا
دو کانوں میں ڈالیں۔

عینی فرماتے ہیں کہ یہ صاحب صحیح ابن حبان والے نہیں ہیں۔ یہ "ی" سے ا
حیان یعنی ابو الشیخ اصبہانی ہیں۔ جنہوں نے اسے کتاب الاذان میں لکھا ہے۔

محدث ابو بکر بن حزیمہ نے عون سے انہوں نے اپنے باپ سے روایت کرتے
کہا کہ میں نے حضرت بلال کو اذان دیتے ہوئے دیکھا۔ انہوں نے دو انگلیاں اپنے دو کانو

میں ڈال رکھی تھیں۔ یہ سب ---- چاروں روایات --- اس بات کی دلیل ہیں کہ سید کل علیہ السلام نے اس عمل کا حضرت بلال کو حکم دیا تھا تو پھر یہ مستحب کیسے ہوا؟ (یہ تو لازماً سنت ہونا چاہیے)

جواب

ہم کہتے ہیں امر یہاں وجوب کے لیے نہیں' استحباب کے لیے ہے اور اس پر شاہد حضور علیہ السلام کا یہ ارشاد ہے کہ اس سے تمہاری آواز زیادہ بلند ہوگی۔ کانوں میں انگلیاں ڈالنے کی یہ حکمت ہے اس سے حضور علیہ السلام نے اشارہ فرمایا دیا کہ یہ ضروری نہیں ہے اس بات پر دلیل وہ حدیث بھی ہے جو تعلیقاً امام بخاری نے روایت کی۔ ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں اور عبد الرزاق نے اپنی مصنف میں بطور وصل اس کا ذکر فرمایا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ اپنی دونوں انگلیاں دونوں کانوں میں اذان میں نہیں ڈالتے تھے۔ اگر یہ بات ضروری ہوتی تو وہ لازماً اس پر عمل فرماتے۔

صاحب نہایہ' تاج الشریعہ اور زیلعی اور ان کے متبعین نے کنز الدقائق کی شرح میں کہا ہے کہ انگلیاں کانوں میں ڈالنا اس لیے سنت نہیں ہے کہ خواب والی حدیث میں اس کا ذکر نہیں ہے اور اس باب میں یہی حدیث اصل ہے۔ علامہ عینی نے ان سب پر گرفت کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ابوالشیخ نے کتاب الاذان میں یزید بن ابو زیاد سے انہوں نے عبد الرحمان بن ابو یعلی سے انہوں نے حضرت عبد اللہ بن زید انصاری سے روایت کیا۔ عبد اللہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اذان کے لیے اہتمام فرمایا (الحدیث) اس حدیث میں ہے کہ وہ سطح مسجد پر کھڑے ہوئے اپنی دونوں انگلیاں اپنے دونوں کانوں میں ڈالیں اور اذان کہی۔ عبد اللہ بن زید نے خواب میں یہی دیکھا تھا۔ [1] عینی کی روایت میں یزید بھی ایک راوی ہیں۔ ان میں کچھ لوگوں نے کلام کیا ہے۔

---

[1] اس سے ثابت ہوا کہ خواب میں کانوں میں انگلیوں کے ڈالنے کا مشاہدہ ہوا تھا' لہٰذا صاحب نہایہ وغیرہ کا استدلال صحیح نہیں ہے۔ مترجم)

ان حضرات کا مطلب انگلیاں کانوں میں ڈالنے سے انگشت شہادت کا ڈالنا ہے۔ کیونکہ باقی انگلیوں سے وہ افضل ہے۔ علامہ قہستانی وغیرہ نے یہی ذکر کیا ہے۔ (یہ بھی مجاز ہے) کیونکہ دو انگلیاں پوری کانوں میں نہیں آسکتیں۔ [1] اس طرح انگلیاں ڈالنا متوارث ہے۔

امام سیوطی نے کتاب الاوائل میں ذکر کیا ہے کہ پہلا آدمی جس نے اپنے ہاتھ کانوں کے پاس رکھے (اور انگلیاں کانوں میں نہیں ڈالیں) وہ حجاج کا موذن اصم تھا۔ اس سے پہلے سب موذن اپنی انگلیاں کانوں میں ڈالا کرتے تھے۔ یہی بات امام ابن سیرین سے سعید بن منصور اور ابن ابی شیبہ نے نقل کی ہے۔

(ب) قاضی خان اور صاحب خلاصہ نے ذکر کیا ہے کہ مسجد کے اندر اذان نہ کہی جائے۔ ان دونوں کا مقصد یہ ہے کہ اذان اونچی جگہ پر دینا سنت ہے۔ خواہ منارہ ہو یا کوئی اور اونچی جگہ ہو۔ کیونکہ وہاں سے آواز زیادہ بلند ہوتی ہے اور مسجد سے ایسا نہیں ہوتا۔ غنیہ میں ہے کہ اذان اونچی جگہ کہنا اور اقامت زمین پر کہنا سنت ہے۔ مغرب کی اذان میں علماء کا اختلاف ہے۔ البحر کے مصنف نے کہا کہ واضح بات ہے کہ مغرب کی اذان بھی اونچی جگہ پر مسنون ہے۔

(ج) موذن کے لیے یہ بھی مستحب ہے کہ وہ منار میں گھومے۔ اگر اس کے بغیر اس کی آواز نہ پہنچتی ہو کیونکہ صرف آواز بلند کرنے کا کوئی فائدہ نہ ہوگا (جب تک وہ ادھر ادھر سنائی نہ دے) حضرت بلال کی اذان میں بھی یہ گھومنا موجود ہے۔ ترمذی نے اسے روایت کر کے اس کی تصحیح کی ہے۔ یہ اعتراض نہیں کیا جا سکتا کہ ابو داؤد نے حضرت ابو جحیفہ سے روایت کیا ہے کہ میں مکہ میں حضور علیہ السلام کی خدمت عالیہ مین حاضر ہوا تو آپ چمڑے کے سرخ قبہ میں تشریف فرما تھے۔ (الحدیث) اس حدیث میں ہے کہ میں نے حضرت بلال کو دیکھا کہ وہ ابطح کی طرف نکلے۔ انہوں نے اذان کہی جب حی علی الصلوۃ اور حی علی الفلاح پر پہنچے تو دائیں بائیں گردن موڑی اور گھومے نہیں۔

---

[1] مراد یہ ہے کہ صرف پورے کانوں کے سوراخوں کے اوپر آجائیں۔ (مترجم)

(الحدیث) اس سے صراحتہ معلوم ہوا کہ گھومنا تو وہاں نہیں تھا۔ یہ اعتراض اس لیے نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ گھومنا دوسری روایات میں موجود ہے۔ وہ احادیث ابوالشیخ، طبرانی اور دار قطنی وغیرہ نے نقل کی ہیں اور ہدایہ کی شرح میں علامہ عینی نے انہیں شرح و بسط سے بیان کیا ہے اور یہ قاعدہ ہے کہ اثبات نفی پر مقدم ہے۔ [1]

(د) عورت کی اذان مکروہ ہے۔ اس کی تعلیل قاضی خان اور محیط کے مصنف نے یہ کی ہے کہ اس کی آواز عورت (پردے کی شے) ہے لیکن یہ تعلیل ضعیف ہے۔ کیونکہ صحیح بات یہ ہے کہ عورت کی آواز عورت نہیں ہے۔ جیسا کہ شرح المنیہ، البحر اور درر وغیرہ میں اس کی تصریح ہے۔ تو پھر اس کی (عورت کی اذان مکروہ ہونے کی) بہتر تعلیل وہ ہے جس کی طرف صاحب بحر نے اشارہ کیا کہ اذان میں آواز بلند کرنا مستحب ہے اور عورت کو فتنہ کی وجہ سے بلند آواز کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ اس لیے تو انہیں تسبیح سے بھی روکا گیا ہے۔ نابینا سے قرآن پڑھنے سے بھی روکا گیا ہے۔ ایسے ہی اور مقامات سے بھی روکا گیا ہے (تاکہ اس کی آواز کا فتنہ نہ جاگے) واضح رہے ہمارے نزدیک اذان کے ہر کلمے میں آواز کی بلندی میں مبالغہ مستحب ہے کیونکہ ہمارے نزدیک ترجیع نہیں ہے۔ یہاں شافعی حضرات کا اختلاف ہے۔ ان کے ہاں شہادت کے دونوں کلموں (اشہد ان لا الہ الا اللہ اور اشہد ان محمد رسول اللہ میں آواز بلند بھی کرتے ہیں اور پست بھی۔ [2]

ہمارے نزدیک ہر اذان میں ہر کلمہ بلند کرنا ہوتا ہے۔ ہاں جمعہ کی دوسری اذان میں ہمارے فقہاء کہتے ہیں زیادہ بلند نہ کرے۔ کیونکہ دوسری اذان اقامت کی طرح صرف حاضرین کی اطلاع کے لیے ہوتی ہے۔ اسی طرح احناف کے نزدیک فوت شدہ نماز کی قضا کے وقت بھی اذان زیادہ اونچی نہیں ہونی چاہیے۔ البحر میں ہے کہ مناسب یہ ہے کہ اگر نماز

---

[1] یعنی گھومنا ثابت ہے اور یہ مثبت ہے تو نہ گھومنا منفی ہے، لہٰذا اثبات کو منفی پر مقدم کرتے ہوئے گھومنے کا فتویٰ دیا جائے گا۔ مترجم)

[2] ترجیع کا مطلب ہی یہ ہوتا ہے کہ کلمہ پہلے آہستہ کہہ کر پھر بلند کہا جائے، اور شہادتین میں شافعی حضرات یہی کچھ کرتے ہیں۔ مترجم)

جماعت سے قضا کر رہے ہیں تو آواز اونچی ہو اور اگر کوئی اکیلا شخص نماز قضا کر رہا ہے تو اذان کی دھیمی آواز ہو اور اگر صحرا میں قضا اکیلے کر رہا ہو تو بھی آواز بلند رکھے۔ کیونکہ موذن کی آواز بلند رکھنے میں ترغیب شریعت میں وارد ہے۔ کیونکہ انسانوں، جنوں اور ٹیلوں تک جو بھی اس کی آواز سنتا ہے، قیامت کے دن اس کے حق میں گواہی دے گا۔ اگر گھر میں ہو پھر قضا نماز میں اذان اونچی نہ کہے میں نے آئمہ کے کلام میں کہیں یہ بات نہیں دیکھی (کہ گھر میں اذان دیتے ہوئے آواز بلند کرے) النہر الفائق میں بھی یہی لکھا ہے۔

(ہ) اقامت بھی ان چیزوں میں شامل ہے جہاں آواز بلند رکھنی ہوتی ہے، تاکہ حاضرین سن سکیں مگر اذان کی طرح مبالغہ اس میں مستحب نہیں ہے۔ تاتار خانیہ میں اسی طرح لکھا ہے۔ اسی لیے اس میں بھی یہ سنت نہیں کہ منارہ پر ہو۔ جیساکہ قنیہ کے حوالے سے البحر میں لکھا ہے۔ کیا اقامت میں کانوں میں انگلیاں ڈالنا مستحب ہے؟ ترمذی نے اوزاعی وغیرہ سے نقل کیا ہے کہ یہ مستحب ہے لیکن ہمارے نزدیک یہ مستحب نہیں۔ کیونکہ اقامت آہستہ ہوتی ہے۔ بحر الرائق میں اس کی تصریح ہے۔ [1]

(و) تثویب میں بھی آواز بلند ہونی چاہیے۔ تثویب کا مطلب اذان کے بعد دوبارہ لوگوں کو اطلاع کرنا ہے تو اس میں آواز بلند ہونی چاہیے۔ تاکہ فائدہ حاصل ہو۔ [2]

(ز) قرآن پڑھتے ہوئے بھی آواز بلند ہونی چاہیے۔ اس میں بھی تفصیل چاہیے۔ کیونکہ قرات قرآن یا نماز میں ہوگی یا نماز سے باہر ہوگی۔ اگر نماز میں ہے تو فرض میں ہے، واجب میں ہے یا نفل میں ہے تو کیا وہ نماز جماعت سے ادا ہو رہی ہے یا اکیلے نماز پڑھ رہا ہے۔ ان سب صورتوں میں جہری قرات کے الگ الگ احکام ہیں۔

اب رہی بات نماز سے باہر قرات کی تو اس میں احادیث متعارض ہیں کچھ میں تو

---

[1] کانوں میں انگلیاں اس لیے ڈالی جاتی ہیں کہ آواز بلند ہو اور اقامت میں آواز بلند نہیں کی جاتی، لہٰذا انگلیاں ڈالنا مستحب نہیں ہوگا۔ مترجم)

[2] علماء اور قضاۃ علمی کاموں میں بے حد مصروف ہوتے تھے، لہٰذا اقامت سے کچھ دیر پہلے زور سے موذن الصلوۃ الصلوۃ کہتا تھا، تاکہ وہ اب کام چھوڑ کر فوراً جماعت میں شامل ہو جائیں اور انہیں انتظار نہ کرنا پڑے۔ یہی تثویب ہے۔ مترجم)

تلاوت جہری کی فضیلت ہے اور کچھ میں سری تلاوت کی فضیلت کا پتہ چلتا ہے۔ امام نووی اور ان کے پیروکاروں نے ان حدیثوں میں یوں موافقت دی ہے کہ احوال و اشخاص کے اختلاف سے (جہر و خفا) میں تبدیلی آتی ہے۔ کئی حضرات ایسے ہیں جن کے لیے خفا و سرا افضل ہے اور کئی لوگ ہیں جن کے لیے جہر اصل و بہتر ہے۔ مثلاً جس آدمی کی ذات ریا اور تکبر وغیرہ سے پاک ہے اور وہاں ایسا آدمی بھی کوئی نہیں جسے اس کی تلاوت سے تکلیف پہنچتی ہو یا وہاں آدمی تو ہے مگر وہ اس کی تلاوت خشوع سے سن رہا ہے تو اس کے لیے جہری تلاوت مستحب ہے ورنہ نہیں۔ اس پر اور باتیں قیاس کر لیجئے۔ ہمارے بہت سارے علماء نے اسی طرح ذکر کیا ہے اور اسی پر اعتماد ہے۔

ہاں اگر اس نے کسی مخصوص سورہ کے لیے یا کسی اور عمل کے لیے جہر کو لازم قرار دے لیا ہے اور اس مقام پر وہ ایسا ہی کرتا ہے اور شرع میں اس کا کوئی حکم نہیں ہے اور خوف ہے کہ اس کے عمل سے لوگ اسے لازم سمجھیں گے ایسی بہت سی پھیلی ہوئی تخصیصات میں ایسا ہی ہوتا ہے تو پھر جہر میں کراہت ہوگی۔ اس طرح کہ نماز کے بعد بلند آواز سے مل کر فاتحہ کی تلاوت کرنا اسی وجہ سے نصاب الاحتساب میں مکروہ لکھا ہے۔ اس کی یہ مثال بھی ہے کہ فقہاء نے فرمایا وتروں کے بعد سجدۂ شکر مکروہ ہے حالانکہ بذات خود سجدہ شکر مباح اور پسندیدہ ہے اور بھی ایسی بہت سی مثالیں ہیں۔

فقہاء نے کہا ہے کہ اگر لوگوں کی موجودگی میں کوئی قرآن پڑھ رہا ہو تو اس کے لیے مستحب ہے کہ آیت سجدہ سامعین پر شفقت کرتے آہستہ پڑھے (تاکہ سب پر سجدہ واجب نہ ہو) شاید حاضرین میں سے کوئی بے وضو ہو اور سجدہ اسی وقت ادا نہ کر سکے تو اس طرح وہ کراہیت میں پڑ جائے گا۔ کیونکہ سجدے کو وجوب کے وقت سے پیچھے ادا کرنا مکروہ ہے۔ ہدایہ کی شروح میں ایسا ہی ہے۔ ذخیرہ میں ہے کہ امام محمد فرماتے ہیں حمام میں قرآن پڑھا جا سکتا ہے۔ امام نخعی فرماتے ہیں کہ حمام میں قرآن پڑھنا مکروہ ہے۔ حقیقتاً یہاں کوئی اختلاف نہیں کیونکہ امام نخعی اسی صورت میں کراہت کے قائل ہیں جب لوگ ہوں اور یہ بلند آواز سے قرآن پڑھ رہا ہو اور لوگ قرآن پر توجہ نہ دے رہے ہوں تو اس طرح قرآن

کی تخفیف (ہلکا اور حقیر ہونا) ہوتی ہے (تو پھر قرات مکروہ ہوگی) اگر ایسی حالت ہو تو ہمارے نزدیک بھی مکروہ ہے۔ اسی بنیاد پر ہمارے کچھ علماء نے بازار میں قرات کرنے والے سائل کو بھی کچھ صدقہ دے دینا مکروہ کہا ہے۔

میں نے فقیہ ابو جعفر کے فوائد میں پڑھا ہے کہ حمام یا غسل خانے میں جہاں ایسا پانی موجود ہو جس سے نجاست دھوئی جاتی ہے قرات مکروہ ہے۔ خواہ قرات سری ہو یا جہری۔ [1]

فتاویٰ میں ہے کہ قبرستان میں قرات امام اعظم رضی اللہ عنہ کے ہاں مکروہ اور امام محمد کے ہاں مکروہ نہیں ہے۔ صدر الشہید کہتے ہیں ہمارے آئمہ نے یہی قول (قول محمد) لیا ہے محمد بن فضل بخاری سے منقول ہے کہ قبرستان میں جہری قرات تو مکروہ ہے مگر خفی اور سری قرات مکروہ نہیں ہے۔

فقیہ حافظ ابو اسحاق اپنے استاذ حضرت ابو بکر محمد بن ابراہیم سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ سورۂ ملک قبرستان میں پڑھنے کی کوئی حرج نہیں۔ آہستہ پڑھے یا اونچی پڑھے تو انہوں نے خفا اور جہر میں کوئی فرق نہیں فرمایا۔

کچھ فقہاء نے بلند آواز سے مل کر ختم قرآن کرنا جسے فارسی میں سی پارہ خواندن (تمیں پارے پڑھنا) کہتے ہیں مکروہ ہے۔ [2]

فتاویٰ قاضی خان میں ہے اگر قرآن قبرستان میں اس نیت سے پڑھے کہ قرآن کی

---

[1] حمام وہ بڑی عمارت ہے جس میں کئی غسل خانے ہوں اور مغتسل وہ کمرہ ہے جس میں غسل خانہ بنا ہوا ہو۔ پہلے دور میں ایسے حمام کثرت سے ہوتے تھے ان میں اپنی باری کے انتظار کے لیے جگہیں ہوتی تھیں۔ قرات سے مراد ان انتظار گاہوں میں قرات ہے اس دور میں غسل خانے میں رفع حاجت کی جگہ نہیں ہوتی تھی' وہ پاک صاف ہوتا تھا' تو کیا ایسے کمرے میں قرات جائز ہے یا نہیں؟ کپڑے پہنے ایسے صاف کمرے میں قرات عام فقہاء کے نزدیک جائز ہے ہاں اگر وہاں کسی قسم کی بو ہو یا پلید پانی جمع رہا ہو تو مندرجہ بالا حوالے کے مطابق جائز نہیں ہے 'مکروہ ہے۔ مترجم)

[2] قرآن کوئی پڑھے تو سننے کا حکم ہے جب سب مل کر پڑھنے لگ جائیں تو کوئی بھی سن نہیں رہا تھا لہذا فقہاء میں سے کچھ نے اس بنا پر اسے مکروہ کہا ہے۔ مترجم)

آواز سے انہیں انس پیدا ہو تو پھر اسے پڑھنا چاہیے۔ اگر یہ نیت نہیں تو اللہ تعالیٰ تو اس کی قرات سنتا ہے خواہ وہ جہاں بھی پڑھے (تو پھر جائز ہے)

نماز میں قرات کا حکم

اب رہی نماز میں قرات تو فجر، مغرب اور عشاء کی پہلی دو رکعت میں خواہ نماز وقت میں ہو یا قضا ہو، جمعہ، عیدین، تراویح اور رمضان کے وتروں میں قرات جہری ہو گی اور ان نمازوں میں جہر واجب ہے۔ اگر جہر نہیں کرے گا تو سجدہ سہو واجب ہو گا۔ جب نماز باجماعت ادا کر رہا ہو اگر یہ نمازیں اکیلا پڑھ رہا ہو تو اسے اختیار ہے کہ رات کے نفلوں کی طرح جہر کرے یا سرًا پڑھے ہاں جماعت ہو گی تو جہر واجب ہو گا۔ ظہر اور عصر کے فرضوں میں واجب ہے کہ قرات خفی کرے۔ اسی طرح اگر جہری نماز ایسے وقت میں قضا کر رہا ہے جو سری وقت ہے اور وہ تنہا پڑھ رہا ہے تو جہر نہ کرے۔ صاحب ہدایہ نے اس کی تصیح کی ہے۔ ابن ملک نے شرح المنار میں یہی لکھا ہے۔ بہت سارے فقہاء نے یہاں گرفت کی ہے اور ترجیح اس بات کو دی ہے کہ وہ مختار ہے۔ چاہے جہر کرے، چاہے خفا سے پڑھے۔ دن کو نفل پڑھنے والا آہستہ ہی پڑھے گا اگر بلند آواز سے پڑھے تو یہ مکروہ تحریمی ہو گا۔ بنایہ میں یہی لکھا ہے۔ یہاں بحث بہت طویل ہے۔ اگر خوف اطالت نہ ہوتا تو میں تفصیل سے لکھ دیتا۔

شرح الوقایہ کی شرح کرتے ہوئے انشاء اللہ پوری تفصیل سے بیان کروں گا۔

بخاری، مسلم، ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ وغیرہ نے حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی دو پہلی رکعتوں میں سورۃ فاتحہ پڑھتے تھے۔ ایک سورۃ ساتھ ملاتے۔ پہلی رکعت میں قرات لمبی ہوتی اور دوسری میں کم ہوتی۔ کبھی کبھار کوئی آیت بلند بھی پڑھ کر لوگوں کو سنا دیتے۔ اسی حدیث سے یہ مسئلہ اخذ ہوتا ہے کہ اگر امام ایک یا دو آیتیں مقتدیوں کو سنانے اور ان کی تعلیم کی خاطر بلند آواز سے پڑھ دے تو کوئی حرج نہیں۔ اسے جہر نہیں کہیں گے۔ نماز پھر بھی سری ہی رہے گی۔ ہمارے کچھ فقہاء نے اس کی تصریح کی ہے۔ اس سے ہی ملتی وہ صورت بھی ہو گی جو شمس الائمہ حلوائی سے قنیہ میں منقول ہے۔ اگر کسی نے کوئی منکرات دیکھی اور زجر و منع کرتے

ہوئے نماز میں بلند قرات کر دی تو کوئی حرج نہیں ہے۔

(ح) نماز کی تکبیریں بھی جہری ہیں۔ امام اور مبلغ بقدر ضرورت تکبیر بلند کہیں گے تاکہ لوگوں کو پتہ چل سکے کہ اب نماز میں داخل ہو گئے ہیں یا ایک عمل سے دوسرے عمل کی طرف منتقل ہو رہے ہیں۔ اسی طرح تسمیع ((سمع اللہ لمن حمدہ) اور سلام بھی بلند آواز سے ادا کریں۔

مقتدی اور منفرد (اکیلا) صرف اپنے جی کو سنائیں گے (یعنی آہستہ پڑھیں گے) ضیا معنوی میں یہی لکھا ہے، لیکن اگر ضرورت سے زیادہ بلند آواز سے قرات ہو گی تو یہ اچھی بات نہیں۔ سراج وھاج میں یہی لکھا ہے۔

شیخ محمد بن محمد غزی کے فتاوی میں ہے کہ امام جب نماز کے لیے تکبیر کہے تو اس کی نماز کی درستگی اور صحت کے لیے یہ ضروری ہے کہ تکبیر سے احرام کی نیت کرے ورنہ نماز نہیں ہو گی۔ اگر مقصد صرف اعلان (لوگوں کو آگاہ کرنا) ہو ہاں اگر احرام و اعلام دونوں کی نیت کر لے تو شرعاً اس سے یہی امر مطلوب ہے۔

"ردالمختار" میں ہے اس کی صورت یوں ہے کہ تکبیر افتتاح (تکبیر تحریمہ) شرط یا رکن ہے تو جو بھی قصد احرام (تحریمہ) کرتا ہے اسے لازماً متحقق کرنا ہو گا لیکن امام کا تسمیع (سمع اللہ لمن حمدہ) اور مکبر کا تحمید (ربنا لک الحمد) کہنا یا دونوں کا منتقل ہوتے تکبیرات کہنا اگر صرف اعلام کے لیے ہو تو نماز نہیں ٹوٹتی۔ سید احمد حموی نے اپنی کتاب "القول البلیغ فی حکم التبلیغ" میں یہی لکھا ہے اور سید محمد ابوالسعود نے حواشی مسکین میں اسی کی تائید کی ہے۔

فرق یہ ہے کہ اعلام کا قصد نماز کا مفسد نہیں ہے۔ مثلاً ایک نمازی تسبیح اس لیے کہتا ہے کہ دوسرے کو پتہ چل جائے کہ وہ نماز میں ہے (تو نماز اس سے نہیں ٹوٹے گی) مطلوب یہ ہے کہ تکبیر ترکیب اور اعلام کے لیے ہے اور جب اس نے صرف اعلام کا ارادہ اور قصد

کیا ہے تو گویا اس نے ذکر ہی نہیں کیا اور تحریمہ کے بغیر ذکر نہ کرنا مفسد نماز نہیں ہے۔

ہم نے اپنے رسالے "تنبیہ ذوی الافہام علی حکم تبلیغ خلف الامام" میں سیر حاصل بحث کی ہے۔

